سرکاری رپورٹ

صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات 2024

جمعتہ المبارک، 10۔ مئی 2024

(یوم الجمعہ، یکم ذیقعد 1445ھ)

اٹھارہویں اسمبلی: نواں اجلاس

جلد 9: شمارہ 2

101

فہرست کارروائی

برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

جمعتہ المبارک، 10۔ مئی 2024

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

سوالات

(محکمہ جات صنعت، تجارت وسرمایہ کاری اور کان کنی ومعدنیات)

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

زیرو آور نوٹس

GOVERNMENT BUSINESS

LAYING OF REPORTS

A MINISTER to lay the following Reports:

1. Special Audit Report on the Accounts of Tehsil Headquarter Hospital Sillanwali for the Audit Year 2021-22.
2. Performance Audit Report on Provision of Municipal Services of Municipal Corporation Gujrat, for the Audit Year 2021-22.
3. Performance Audit Report on District Education Authority on Provision of Free Education to 10% Disadvantaged Children of District Sargodha, for the Audit Year 2021-22.

102

4. Performance Audit Report on Non-Salary Budget of Schools of Districts of Lahore, Sheikhupura, Nankana Sahib, Okara and Kasur, for the Audit Year 2021-22.
5. Audit Report on the Accounts of District Education Authorities of 19 Districts of Punjab (North), for the Audit Year 2022-23.
6. Audit Report on the Accounts of District Health Authorities of 19 Districts of Punjab (North), for the Audit Year 2022-23.
7. Audit Report on the Accounts of Provincial Zakat Fund and District Zakat Committees Punjab, for the Audit Year 2022-23.
8. Appropriation Accounts of Forest Department, Government of the Punjab, for the Year 2021-22.
9. Audit Report on the Accounts of Expenditure, Government of the Punjab, for the Audit Year 2022-23.
10. Special Audit Report on Government Post Graduate College, Attock, Government of the Punjab, for the Audit Year 2021-22.

103

صوبائی اسمبلی پنجاب

اٹھارہویں اسمبلی کا نواں اجلاس

جمعتہ المبارک،10۔ مئی 2024

(یوم الجمعہ، یکم ذیقعد 1445ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبر ز لاہور میں سہ پہر 3 بج کر 58 منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر ملک محمد احمد خان منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ قاری عبدالماجد نور نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم o

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَیْرُ اللّٰهِ یَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ٘ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ (3) وَ اِنْ یُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ (4) یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا ٙ وَ لَا یَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ (5)

سورۃ الفاطر (آیات نمبر 3 تا 5)

اے لوگو! اللہ کے جو تم پر احسانات ہیں ان کو یاد کرو کیا اللہ کے سوا کوئی اور خالق (اور رازق) ہے جو تم کو آسمان اور زمین میں سے رزق دے اُس کے سوا کوئی معبود نہیں (3) پس تم کہاں بہکے پھرتے ہو اور اے پیغمبر ﷺ اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلائیں تو آپ سے پہلے بھی پیغمبر جھٹلائے گئے ہیں اور سب کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے (4) لوگو! اللہ کا وعدہ سچا ہے تو تمہیں دنیا کی زندگی دھوکے میں نہ ڈال دے اور نہ شیطان فریب دینے والا تمہیں فریب دے (5)

وما علینا الا البلاغ o

نعت رسول مقبول ﷺ جناب عابد رؤف قادری نے پیش کی۔

نعت رسول مقبول ﷺ

لوح بھی تُو قلم بھی تُو تیرا وجود الکتاب
گنبدِ آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حباب
عالم آب و خاک میں تیرے ظہور سے فروغ
ذرہ ریگ کو دیا تُو نے طلوعِ آفتاب
شوق تیرا اگر نہ ہو میری نماز کا امام
میرا قیام بھی حجاب میرا سجود بھی حجاب
تیری نگاہ ناز سے دونوں مراد پا گئے
عقل غیاب و جستجو عشق حضور و اضطراب

THE RULING OF MR SPEAKER REGARDING SEATS RESERVED IN THE ASSEMBLY

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ رانا صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ میڈم پلیز آپ بھی ایک سیکنڈ تشریف رکھیں۔ پیر صاحب! آپ بھی تشریف رکھیں میں آپ کو floor دیتا ہوں۔

Before the commencement of toaday agenda I have two important business to take care of. One is yesterday's Point of Order raised by Hon'ble Member Rana Aftab Ahmad Khan. I declare that Point of Order in order. (clapping) It was rightly pointed out by the Hon'ble Member and the right interpretation of the Order of the Supreme Court was given by the learned Member as I declare it in order in respect of Point of Order raised by Mr Aftab Ahmad Khan, MPA (PP-108) regarding Order of Supreme Court of Pakistan dated May 6, 2024 in respect of allocation of seats reserved for women and non-Muslims in Provincial Assembly of the Punjab

BACKGROUND:

This ruling shall dispose of the point of order raised by hon'ble member Mr Aftab Ahmad Khan, MPA (PP-108) during the sitting held on May 9, 2024.

Brief background of this ruling is that a number of petitions were filed before Election Commission of Pakistan in respect of the allocation of reserved seats for women and non-Muslims in the National and Provincial Assemblies constituted as a result of

General Elections 2024, held on 08.02.2024. The Commission issued notification in which the independent candidates were notified as returned Candidates in the National and Provincial Assemblies.Subsequent to the notifications some of the independent candidates joined political party named Sunni Ittehad Council (SIC) and their affidavits were forwarded to the Commission by the said political party in respect of National and Provincial Assemblies. Sunni Ittehad Council requested the Election Commission of Pakistan for allocation of share in the seats reserved for women and non-Muslims in the National and three Provincial Assemblies.

The Election Commission of Pakistan, in its Order dated March 1, 2024 held as under:

> "33. Therefore, the Commission is of the view that in light of clear provisions of Article 51(6) of the Constitution read with Section 104 of the Elections Act, 2017 and Rules 92 and 94 of the Election Rules, 2017, SIC is not entitled to claim for the quota for reserved seats for women and non-Muslims due to having non-curable legal defects and violation of mandatory provision of submission of party list for reserved seats which is the requirement of law. The request of Petitioner No.1 is rejected and all the other petitions from Serial Number 2-10 are partially accepted. The seats in the National Assembly shall not remain vacant

and will be allocated by Proportional representation process of Political Parties on the basis of seats won by Political Parties. Office is directed to calculate the quota accordingly."

Pursuant to the above Order, the Election Commission of Pakistan, on March 4, 2024, Issued Notification for additional reserved seats in Provincial Assembly of the Punjab. The returned candidates were administered oath of membership in the following session of Punjab Assembly.

The above-mentioned order of ECP dated March 1, 2024 was challenged in the Supreme Court of Pakistan on the grounds that allocation of the reserved seats for women and non-Muslims to the political parties other than the petitioner, Sunni Ittehad Council ("SIC*), was In violation of Article 51(6)(d) & (e) of the Constitution which provides for proportional representation system on the basis of total number of general seats secured by each political party from the Province concerned in the National Assembly. Once a political party has been allocated the reserved seats on the basis of proportional representation system, the remaining seats cannot be re-allocated to the same political party.

On the other hand, the respondent (ECP) was of the view that according to Articles 51 and 106 of the Constitution the reserved seats have to be allocated on the proportional representation system only to those political parties who have contested the general

elections and won at least one seat in the said elections. Since SIC did not contest the elections and did not win even a single seat in the general elections, it cannot be considered as a political party in terms of Articles 51(6)(d) & (e) and 106(2)(c) of the Constitution, for the purpose of allocating the reserved seats. Learned Attorney-General for Pakistan ("AGP"-) supported the contentions of the learned counsel for the ECP. Both the learned counsel for CP and the learned AGP frankly conceded that this was a case of first impression involving questions of constitutional law that have not been addressed by the Court earlier.

After hearing both the parties, the Supreme Court of Pakistan, in its short order dated May 6, 2024 held as under:

> "Therefore, leave to appeal is granted to consider, amongst others, the said questions. The appeals are to be posted for hearing on 03.06.2024. The appeal arising out of these petitions will be heard on the basis of available record; however, both sides are at liberty to file any additional documents, which were part of the record before the fora below but have not been filed with instant petitions.
>
> In the meanwhile, operation of the impugned judgment of the Peshawar High Court dated 25.03.2024, as well as, the order of the Election Commission of Pakistan dated 01.03.2024 is suspended. It is, however, clarified that this interim order relates to the disputed seats only, i.e., the reserved seats allocated over

and above the initially allocated reserved seats to the political parties. It is also clarified that this order is to operate prospectively, w.e.f., from today."

RULING:

In exercise of powers vested in me under **Rule 209 of the Rules of Procedure of Provincial Assembly of the Punjab 1997, I, Malik Muhammad Ahmad Khan, Speaker,** announce the following ruling on the issue:

On May 9, 2024, when the 9th Session of Provincial Assembly of the Punjab commenced, Mr Aftab Ahmed Khan, MPA (PP-108) raised a point of order that after the above-mentioned order of Supreme Court of Pakistan dated May 6, 2024, the women and non-Muslim members present in the House, who had been declared elected against the above-mentioned quota should not sit in the House.

I am of the view that the said order and the consequent proceedings should have been communicated to the Speaker by the ECP, but it wasn't. Hence, I was not in a position to decide the matter there and then. However, now the order has been produced in the House by Mr Aftab Ahmad Khan, the Speaker is bound to comply with it.

With this reasoning, I rule that point of order raised by Mr Aftab Ahmad Khan, MPA on May 9, 2024 is **in order** and the women/non-Muslim members declared elected vide ECP

Notifications dated March 4, March 8 and March 22, 2024 cannot **function as member or participate in the proceedings of the Assembly**, until their status is clarified by the ECP or the hon'ble Supreme Court.

Second important agenda on the list today before we go for the today's regular agenda is notification of the Business Advisory Committee to conduct the House according to the rules. This Business Advisory Committee is nominated and formed. Speaker of the Provincial Assembly will be in the chair for that. Minister for Law, Minister for Parliamentary Affairs, Mr Zeeshan Rafique, Minister for Local Government and Community Development , Mr Shafay Hussain will be as member, Mr Sami Ullah Khan, Mr Syed Ali Haider Gilani, Mr Ahmed Khan Bhachar, Leader of the opposition, Mr Muhammad Moeen-ud-Din Riaz, MPA, Mr Aftab Ahmad Khan, Mr Hassan Zaka and Mr Shahbaz Ahmed and this Committee before the proceeding of any Session will sit to form the conduct of the House for the day, So, it is mandatory for the Committee to meet. Thank you very much.

جناب سعید اکبر خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی، جناب سعید اکبر خان!

جناب سعید اکبر خان: جناب سپیکر! آپ نے کل رانا آفتاب صاحب کے ایک point پر discussion کروائی اور آج اس پر آپ نے Ruling دی ہے۔ میرے بھائی رانا آفتاب صاحب کو معلوم تھا کہ فیصلہ یہی ہے لیکن میں آپ کو اور رانا آفتاب احمد خان کو appreciate کرنا چاہتا

ہوں کہ کل کی جو بحث تھی وہ ہم تمام ممبران کے لئے بہت سود مند تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس طرح کا کوئی بھی point آئے تو اس پر سیر حاصل بحث کرنی چاہئے۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! آپ قانون کے لائق طالب علم ہیں، مجھے یہ یقین ہے اور پورا ہاؤس بھی امید کرتا ہے کہ کبھی بھی اس طرح کی کوئی بحث ہو گی تو آپ اس کو appreciate کریں گے۔ آپ شروع میں بھی یہ فیصلہ دے سکتے تھے کیونکہ تمام notifications or denotifications کرنا الیکشن کمیشن کا کام ہے سپیکر پنجاب اسمبلی کا کام نہیں ہے۔ میں کل کی پوری کارروائی کو appreciate کرنا چاہتا ہوں۔ میں کل ایک دفعہ اٹھا بھی تھا کہ میں آپ کو کہوں کہ آپ کل ایڈووکیٹ جنرل کو بلائیں تاکہ ہمارے سارے دوستوں کو معلوم ہو کہ ایڈووکیٹ جنرل بھی اس ہاؤس کا ممبر ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ جو بھی کسی محکمہ میں بھرتی ہوتا ہے تو اس کی کوئی نہ کوئی training ہوتی ہے۔ یہاں parliamentary affairs کے حوالے سے ممبران صوبائی و قومی اسمبلی کی training کا کوئی institute نہیں ہے۔ آپ نے ہمیں پڑھانا اور سکھانا ہے کہ یہ ہاؤس کس طرح اور کیسے چلتا ہے یا اس ہاؤس کے کون کون رکن ہیں۔ میری زندگی میں 1986 میں یہاں بحث ہوئی اور ایڈووکیٹ جنرل کو call کیا گیا۔ اس کے بعد میں نے کبھی اس ہاؤس میں نہیں دیکھا کہ ایڈووکیٹ جنرل کو طلب کیا گیا ہو یا ان سے کسی بھی discussion پر کوئی رائے لی گئی ہو۔ میں توقع کرتا ہوں کہ ایسے کوئی بھی معاملات ہوں گے تو آپ ضرور اس میں لوگوں کو participate کرائیں گے اور ہمیں سیکھنے کا موقع دیں گے۔ آپ کی بہت مہربانی۔ میں آپ کا شکر گزار ہوں۔

جناب سپیکر: شکریہ خان صاحب۔ جی، Leader of the Opposition please

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! کل جو ساری بحث ہوئی فیصلے کا تو ہمیں بھی اندازہ تھا کیونکہ آپ law knowing ہیں اور ماشاءاللہ آپ کو کافی علم بھی ہے۔ ہمارے senior ممبر رانا آفتاب صاحب نے بڑا اچھا case لڑا لیکن کل کی جو resolution پاس ہوئی ہے میں یہ گزارش کروں گا کہ اس کی اب قانونی حیثیت کیا ہو گی۔ کیونکہ کیا یہ اچھا نہیں ہے کہ بے شک ہر جماعت کو حق ہے اپنی resolution لانے کا اپنے جذبات کا اظہار کرنے کا تو اس کا ایک جو متن تھا اس کی جو روح تھی۔ اس میں direct پاکستان تحریک انصاف کی جماعت پر حملہ کیا گیا ہے۔ آپ کے

almost 23 ممبر زیا 25 ہیں اب مجھے اس کا exact نہیں پتا اچھا 27 ہیں حافظ صاحب بتا رہے ہیں۔ اب اس کی کیا پوزیشن ہے چونکہ میرے خیال میں تو وہ revert ہو چکی ہے کیونکہ کل ان ممبر نے حصہ لیا ہے جو آپ کی رولنگ کے بعد وہ ممبر تو رہے نہیں تو ان کی تو same پوزیشن کل بھی وہی تھی اور آج بھی وہی ہے جناب کے حکم کے مطابق کل آپ نے ہمیں یہ کہا کہ آپ لوگ بیٹھ جائیں تو کل میں اس کے بارے میں آپ کو بتاؤں گا تو آج آپ نے رولنگ دے دی ہے تو اس کی اب میرے خیال میں وہ validity ختم ہو چکی ہے تو اس کو بھی اگر repeat کر دیا جائے بے شک اپنی قرارداد دوبارہ پیش کریں ہم بھی بات کریں گے وہ بھی بات کر لیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر: آپ تشریف رکھیں دیکھیں اگر تو in all fairness of things کہ جب یہ resolution آ رہی تھی آپ کا right ہے کہ آپ اس پر بات کرتے ہماری بزنس ایڈوائزری میں یہ طے ہوا تھا کہ آپ اس پر بات کریں گے آپ اس میں نہیں تھے لیکن آپ کے کمیٹی members تھے اور میں نے اس پر دونوں سائیڈ سے گورنمنٹ کو بھی اور اپوزیشن کو بھی یہ کہا کہ جب قرارداد move ہو گی اس میں obviously Achilles heel ہے دو طرف کی بڑی stringent position ہیں کچھ لوگوں کا یہ خیال ہے 9۔ مئی کے حوالہ سے کہ it is a black day اور اس میں ان کی ایک رائے ہے کہ یہ بہت بڑا حملہ تھا state کے security institutions پر آپ کی اس پر ایک رائے ہے کہ آپ اس میں سمجھتے ہیں کہ politically آپ نے اس پر react کیا آپ کی پارٹی کے لیڈر arrest ہوئے تو یہ دو بلکہ straightened position ہیں اب یہ ایک شور شرابے کی نظر ہوں، نعرے بازی کی نظر ہوں یا اس پر دلیل سے بحث ہو اس سے بہتر فورم آپ کے پاس نہیں ہے یہ choices آپ کی ہیں آپ نے یہاں پر کل کیا protest ایک premeditated well thought of i was not given that chance کہ میں آپ کو اور ان اراکین کو موقع دیتا جن کے نام listed تھے میں نے کل بزنس ایڈوائزری کے بعد آرڈر پاس کیا کہ یہ اس حد تک میں رول کو relax کروں گا جب rules suspend ہو جائیں گے تو صرف ان صاحب کہ علاوہ جو اس کو oppose کریں گے میں اس سائیڈ سے اتنے دوستوں کو جن کے نام ان کے chief whip دیں گے میں ان کو بولنے کا موقع دوں گا تا کہ دلیل سے بات ہو سکے یہ جگہ اہل حل عقد ہے اس جگہ کے مقاصد ہیں یہاں پر بجٹ بننا

ہے، تقریر ہونی ہے، دلیل ہونی ہے، قانون بننا ہے بارہ کروڑ لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لئے آپ نے parliamentary oversight کرنا ہے لیکن کوئی بات ناپسند آئے اس پر نعرے بازی میں آپ کو روکوں گا نہیں ہے I will never stop you اگر گورنمنٹ کچھ کرے گی میں نے کل ان سے کہا ہے گورنمنٹ سے بھی کہ آپ کا جو best medium ہے وہ debate ہے debate should prevail اگر آپ کل بات کرتے اس کے consequence کچھ اور ہونے تھے now in any case Supreme Court کے order پر کل راناصاحب نے جو Point of Order لیا I gave a ruling کے I will give a ruling by tomorrow جب تک ان ممبرز کی موجودگی کے متعلق مجھے الیکشن کمیشن کو in good faith of things communication ہونی چاہئے تھی وہ یہ ہونی چاہئے تھی کہ الیکشن کمیشن اس کی suspension کو notify کرتا اس پر میری رائے بھی یہ ہے ایڈووکیٹ جنرل کی رائے بھی ہے جو ابھی سعید اکبر خان صاحب بات کر رہے ہیں بڑی مناسب بات کر رہے ہیں اس پر ہم نے جو اس proceeding میں شامل تھے initially order announced by the Supreme Court was different, Supreme Court نے اپنے verbal orders کے اندر کچھ paras جو بولے تھے وہ written orders میں نہیں آئے تو اس ابہام کو دور کرنا بہت ضروری تھا اس میں جو initially order پاس کیا گیا تھا سپریم کورٹ میں جو رپورٹ ہوا largely media پر اور جو communicate کیا officers of law ہیں وہ present in court ہیں جو وکلاء ہیں جو عدالت کو assist کر رہے ہیں انہوں نے ہمیں communicate کیا کہ partially accept کیا گیا ہے to this extent, that they will not be voting on the Bills. We were not under an impression کے یہ کیسا order ہے جب کل رانا آفتاب احمد خان صاحب نے اس آرڈر کی کاپی provide کی تو it needed a serious consideration and I have declared that Point of Order was in order. So, we have passed the ruling today. Yesterday, it was closed and past transaction and it could not be taken up as you

know آپ اس ہاؤس کے ممبر رہیں ہیں for a long time and it could not be vitiated at this point اب ہم آتے ہیں اپنے regular business پر۔۔۔

پوائنٹ آف آرڈر

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی، راناصاحب!

ایوان کی پارلیمانی کمیٹیوں کی جلد تشکیل کا مطالبہ

MR AFTAB AHMAD KHAN. Mr Speaker! Thank you very much for this ruling on the Point of Order. I really appreciate your sense of law. Now, the issue is you have distributed these Special Audit Reports on different departments which were lying in the store for a pretty long time. Now, the issue is that this will keep on in the store till we have a Special Committee or you form some Committee and you should kindly immediately form some Committee and it should take these issues as I have gone through this one thing and you can see there are about twenty two paras involving billion of rupees of this one LDA City Housing Scheme in the top priority you should form a میری آپ سے گزارش یہ ہے کہ آپ committee immediately that should start some job for the benefit of poor people of the Punjab ۔ تاکہ اس ہاؤس کی contribution آئے again I appreciate کے آپ نے یہ جو reports ہمیں دی ہیں اور اس پر you should immediately take some action تاکہ اس کی کمیٹی اس کو take up کرے اور اس پر کام شروع ہو سکے because the accountability is یہ جو accountability

جو جولائی کے مہینے میں civil bureaucracy ہے always for the politicians black coffee پی کر اور cigar پی کر بیٹھ جاتے ہیں they should also be put to task. They have damaged the whole Pakistan for that. They are the actual rulers and are destroying our country and putting us in a state of disaster تو میری یہ آپ سے گزارش ہے کہ you kindly take some action and form a committee immediately, so that we can start the proceedings.

جناب سپیکر: جی، راناصاحب! بہت شکریہ۔ آپ اس پر پوائنٹ آف آرڈر ابھی لے رہے ہیں اور میں خود اِس چیز پر I am a bit concerned کہ the business coming to the Public Accounts Committee is at least four years lacking behind اِس پر سمیع اللہ خان صاحب نے ایک دلیل دی اور اِس کی ایک political connotation ہے let's not sit over the spilt milk اور میں آپ کو اور یہ آپ کو اور میں ان کو اور یہ مجھے کہتے رہیں۔ ہم نے کمیٹیوں کے سسٹم کو effective کرنا ہے it is absolutely clear, it is mandated, it is in the law and constitution یہ تو ہونا ہے۔ اب سپیشل کمیٹیوں پر پارلیمانی امور کے وزیر نے ایک بات کی جو غالباً اِس پر کچھ consideration مانگتی ہے اور توجہ طلب ہے۔ میں اِس کو outrightly reject اِس لئے نہیں کر پایا کہ اِن کا یہ کہنا تھا کہ Auditor General of Pakistan کا office جو اسے deal کرتا ہے، وہ کہتا ہے کہ ہمارے پاس pendency of business ہے it takes us more than six months to interact with the department پھر اِن کو ہم reconcile کرتے ہیں اپنے طور پر اگر اِس پہلی reading میں reconcile نہیں ہوتے with auditor office تو سال ڈیڑھ سال لے جاتے ہیں۔ اب یہ بات somehow اگر اِن کی اتنی laborious اور law کی demand یہ ہے کہ وہ اتنا time consume کرتی ہے تو اِس پر ایک serious parleys ہمارے ہونے ضروری ہیں کہ گورنمنٹ Auditor General of Pakistan سے پوچھے، اِن کے ساتھ یہ تفصیلات طے کرے۔ میں اپنے ہاؤس کی کمیٹیوں کو ردی کے کاغذوں کے لئے نہیں دے سکتا۔

وہ پھر Then it has to get ineffective or effective, it is either ways Auditor General of Pakistan کوئی amendment لے کر جائے اور یہاں لے کر آئے then we are not willing to sit on ردی کے کاغذ۔۔۔

MR AFTAB AHMAD KHAN: Mr Speaker! The question is very simple. After the submission of the special audit report, what is the bar on forming the committee?

جناب سپیکر: نہیں، this stands different یہی تو میں آپ کو کہہ رہا ہوں کہ میں تین Special Committees constitute کر رہا ہوں اِس پر میں نے آپ کے اپوزیشن لیڈر کو message بھیج دیا ہوا ہے، حکومت کو message بھیج دیا ہوا ہے۔ Pending business کے لئے ہم اپنے ہاؤس کو available کر رہے ہیں کہ Auditor General of Pakistan سے وزیر پارلیمانی امور کے چیمبر میں میٹنگ کے لئے اُنہیں بلوائیں اور اُن کے ساتھ بات کریں۔ Pending business کے لئے ہم اُنہیں اپنے ہاؤس کی تین کمیٹیاں دے رہے ہیں this would be made also

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! This is my suggestion!

جناب سپیکر: رانا صاحب! This would be made also!

جناب شہباز احمد: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی، فرمائیں!

کسانوں سے گندم خریدنے کا مطالبہ

جناب شہباز احمد: جناب سپیکر! شکریہ۔ آج 10۔ مئی ہو گئی ہے اور پچھلے سال اِن دِنوں میں گندم کی خریداری بند ہو گئی تھی لیکن ابھی تک پنجاب حکومت نے ایک دانہ تک گندم کا نہیں خریدا۔ ہمیں وزیر صاحب نے بڑی تسلی دی کہ چھ ایکڑ والے کسانوں کو گندم کے لئے باردانہ کی بوریاں جاری ہونے لگی ہیں لیکن آج تک پُورے پنجاب میں وزیر موصوف سے پوچھ لیں کہ کسی ایک

کسان کو باردانہ نہیں ملا اور گندم کا سیزن ختم ہو گیا ہے۔ اب ہمیں پیسے بھی نہیں مل رہے کیونکہ زمیندار کے پاس کوئی پیسا نہیں ہے اور حکومت ہی گزشتہ 70 سالوں سے گندم خریدتی آرہی ہے۔ اب حالات یہ ہو گئے ہیں کہ کسان کا 800۔ارب روپے میں سے 200۔ارب روپے تو ویسے ہی ختم ہو گیا ہے اور باقی 600۔ارب روپے کی ہم سے کوئی گندم نہیں خرید رہا۔ لوگوں نے گندم اپنے گھروں، اپنے بچوں کے کمروں، گوداموں یا کرائے پر گودام لے کر رکھ لی ہے لیکن اب بھی ہم سے کوئی گندم نہیں خرید رہا۔ اگر یہ 600۔ارب روپے مارکیٹ میں نہ آیا تو کچھ لوگ غلط فہمی میں ہیں کہ اُن کا کاروبار چل جائے گا، کسی کی ٹیکسٹائل ملز چل جائیں گی، کسی کی شوگر ملز چل جائیں گی، کسی کی کاریں بنانے والی فیکٹری چل جائے گی اور کسی کی کوئی چیز چل جائے گی لیکن حالات یہ ہیں کہ پُورے بازار میں ہر قسم کے کام اب ٹھپ ہو چکے ہیں۔ اب لوگوں کے پاس پیسے نہیں رہے end یہی کہ 70 فیصد لوگوں کا پیسا پُورے شہروں میں circle کرتا ہے۔ اِس میں serious گنجائش تھی لیکن میں اسمبلی اور وزراء کی طرف دیکھ رہا ہوں کہ وہ بھی نہیں آرہے اور وزیر اعلیٰ صاحبہ نے بھی اعلان کیا ہے لیکن کسان کا کوئی پُرسان حال نہیں ہے لہٰذا میری یہ گزارش ہو گی کہ جلد از جلد گندم کی خریداری کی جائے۔ شکریہ

جناب سپیکر: راناصاحب! آپ نے پوائنٹ آف آرڈر پر گندم کے اُوپر بات کی۔

جناب شاہد جاوید: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: آپ ایک منٹ تشریف رکھیں۔

جناب شاہد جاوید: جناب سپیکر! اِسی issue پر میرے شہر میں 8 اموات ہو چکی ہیں۔

جناب سپیکر: آپ please تشریف رکھیں۔ Undoubtedly یہ ایک بڑا burning issue ہے لیکن میری دِقت یہ ہے کہ میں نے اِس proceedings کو وقفہ سوالات کے بعد take up کرنا ہے۔ آپ کے علم میں ہے کہ آپ نے اِس کے لئے ایک ریکوزیشن for summoning session دی ہوئی ہے چونکہ حکومت کا اجلاس پہلے آگیا تو those days are stopped there اِسی سیشن کے اختتام پر آپ کا one point ایجنڈا گندم پر ہے تو اِس پر آپ نے بات کرنی ہے۔ حکومت کا نُقطہ نظر چُھپانے سے نہیں چُھپنا, but government will explain that,

I cannot perform the duty of the Law Minister, they have to come and say it میں آپ سے کہہ رہا ہوں کہ حکومت کا نُقطہ نظر آپ سُنیں۔ آپ کا دن مقرر ہے، اِس نُقطہ نظر سے آپ کا اختلاف ہے، آپ کُھل کر تنقید کریں اور بتائیں کہ اِس میں کہاں غلطی ہے۔ بڑی simple بات ہے۔

سوالات

(محکمہ جات صنعت، تجارت و سرمایہ کاری اور کانکنی و معدنیات)

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: Now we take the Question Hour آج کے ایجنڈے پر محکمہ جات کانکنی و معدنیات، صنعت، تجارت و سرمایہ کاری سے متعلق سوالات پُوچھے جائیں گے اور اُن کے جوابات دیئے جائیں گے۔

سردار محمد علی خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: سردار صاحب! Please don't do it. It is not possible Not allowed

سردار محمد علی خان: جناب سپیکر! میں صرف اتنی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ وزیر موصوف چودھری شافع حسین آج ہاؤس میں آئے ہوئے ہیں تو مہربانی کر کے اِنہیں روک لیں اور کہیں یہ چلے نہ جائیں۔

جناب سپیکر: نہیں، آج منسٹر صاحب موجود ہیں اور مُجھے اِن سے آپ کی محبت کا اندازہ ہے۔ شافع صاحب اِدھر ہی ہیں اور آپ تشریف رکھیں۔ پہلا سوال جناب امجد علی جاوید کا ہے۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! شکریہ۔ میرے سوال کا نمبر 159 ہے اور اِس کا جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب سپیکر: جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

ضلع چنیوٹ میں نکلنے والے ذخائر سے متعلقہ ودیگر تفصیلات

***159: جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر کانکنی و معدنیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گزشتہ سالوں میں ضلع چنیوٹ کی حدود میں لوہے، تانبے اور سونے کے ذخائر دریافت ہوئے تھے؟

(ب) مذکورہ بالا ذخائر کا موجودہ سٹیٹس کیا ہے کیا اس فیلڈ میں کانکنی شروع ہو چکی ہے اگر ہو چکی ہے تو اس کا ٹھیکہ کس کمپنی کے پاس ہے اور کن شرائط پر اور کتنی مدت کے لئے دیا گیا ہے؟

(ج) مذکورہ بالا ذخائر کے علاقے میں نکلنے والی معدنیات کے استعمال اور ریفائن کرنے کے لئے کوئی انڈسٹری کا قیام عمل میں لایا گیا ہے کیا اِس کے لئے کوئی منصوبہ یا کوششیں کی گئی ہیں اگر کی گئی ہیں تو اِس کی تفصیلات پیش کی جائیں؟

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی):

(الف) درست ہے کہ گزشتہ سالوں میں ضلع چنیوٹ میں معدنی وسائل دریافت ہوئے تھے ان میں لوہے کے وسائل کی مقدار سب سے زیادہ تھی اس سے منسلک تانبے اور سونے کی موجودگی کے شواہد بھی ملے تھے۔

(ب) مذکورہ بالا وسائل کی دریافت کا عمل دو مراحل میں پایہ تکمیل کو پہنچ رہا ہے پہلے مرحلے میں لوہے کے وسائل کا تخمینہ 150 ملین ٹن لگایا گیا ہے۔ دوسرے مرحلے میں کام پایا تکمیل کو پہنچنے کے قریب ہے ایک اندازے کے مطابق لوہے کے ذخائر کا تخمینہ 260 ملین ٹن سے تجاوز کر جائے گا چونکہ معدنی وسائل کی تلاش کا دوسرا مرحلہ ابھی جاری ہے لہٰذا کانکنی کا کام ابھی شروع نہیں کیا گیا۔

(ج) جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ معدنی وسائل کی تلاش کا عمل آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے اور کانکنی کا کام اس کے بعد شروع کیا جائے گا لہٰذا فی الوقت معدنیات کے استعمال اور ریفائن کرنے سے متعلق کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا ہے۔

جناب سپیکر: جناب امجد علی! کوئی ضمنی سوال کریں گے؟

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! جز(الف) میں بتایا گیا ہے کہ "درست ہے کہ گزشتہ سالوں میں ضلع چنیوٹ میں معدنی وسائل دریافت ہوئے تھے اِن میں لوہے کے وسائل کی مقدار سب سے زیادہ تھی اِس سے منسلک تانبے اور سونے کی موجودگی کے شواہد بھی ملے تھے"۔ میں آپ کے توسط سے منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کس سال میں یہ ذخائر دریافت ہوئے تھے اور اِن میں لوہے، سونے اور تانبے کی percentage کیا تھی؟

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! شکریہ۔ اگر آپ کی اجازت ہو تو میں اِس سوال کا جواب تفصیل میں دینا چاہوں گا۔

جناب سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! 1998 میں چنیوٹ میں لوہے اور تانبے کے ذخائر دریافت ہوئے تھے۔ 2007 میں ایک کمپنی کے ساتھ معاہدہ کر کے ERPL اور PUNJMIN کے ساتھ ایک معاہدہ کیا گیا تھا کہ چنیوٹ میں ذخائر کو تلاش کریں گے۔ 2008 میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت آئی اور میاں محمد شہباز شریف وزیر اعلیٰ بنے تو ایک اور کمپنی کے ساتھ اِس کا معاہدہ کیا تو اِس کمپنی نے تخمینہ لگایا کہ وہاں پر لوہے کے ذخائر 150 ملین ٹن ہوں گے۔ 2007 میں جس کمپنی نے اِس کا سروے کیا تھا تو اُس نے 150 ملین میٹرک ٹن لوہے کے ذخائر کا تخمینہ لگایا تھا۔ 2014 میں میاں شہباز شریف دوبارہ وزیر اعلیٰ بنے تو اُنہوں نے ایک اور کمپنی کے ساتھ اِس کا معاہدہ کیا جس نے رپورٹ دی کہ وہاں پر ذخائر 207 ملین میٹرک ٹن ہیں۔

جناب سپیکر! اِس کے بعد پی ٹی آئی کی حکومت آئی اور یہ case نیب کے پاس چلا گیا۔ FUGRO نامی جرمن کمپنی اِس کا سروے کر رہی تھی FUGRO اور DNT وہاں پر drilling کر رہی تھی۔ نیب نے اُنہیں بلایا تو case نیب میں چلتا رہا اور اِن کمپنیوں کی funding روک دی گئی۔ اب ہم نے اِس معاملے کو دوبارہ take up کیا ہوا ہے اور اُمید ہے کہ 30th June تک اِن شاء اللہ DNT فائنل رپورٹ ہمیں دے دے گی اور 30۔ دسمبر تک FUGRO company جس کے ساتھ ہمارا agreement تھا، وہ ہمیں اِس کی final feasibility

report دے دے گی تو اِس کے بعد وہاں پر ہم out source کر دیں گے۔ وہاں پر ذخائر کا تخمینہ لگایا گیا کہ تقریباً 207 ملین میٹرک ٹن لوہے، سونے اور تانبے کے particles بھی ملے ہیں جس کی June 30th تک final report آئے گی جسے اِن شاءاللہ میں آکر آپ کو بتادوں گا۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! منسٹر صاحب نے خود ہی اِس کا تذکرہ کر دیا کہ پہلے کسی اور کمپنی کے ساتھ اِس کا معاہدہ ہوا تھا تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ معاہدہ کیوں cancel ہوا تھا، اِس پر کرپشن کے charges کا اتنے سالوں میں کیا بنا، اِس کا ابھی تک کچھ بنایا نہیں اور کمپنی کون سی تھی اور اُس کے پیچھے کون لوگ تھے؟

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! 2007 میں PUNJMIN کے ساتھ معاہدہ کیا گیا تھا اور ERPL ایک کمپنی کے ساتھ معاہدہ کیا گیا تھا۔ اس کے بعد جب میاں محمد شہباز شریف کی حکومت آئی تو اُنہوں نے اِس وقت تقریبا 150 ملین میٹرک ٹن لوہے کے ذخائر کا بتایا تھا کہ ہمارے پاس موجود ہیں لیکن پسند ناپسند کی بنیاد پر اس کمپنی کے ساتھ معاہدہ کیا گیا تھا جسے کورٹ میں چیلنج کیا گیا تھا اور عدالت نے یہ decision دیا تھا بلکہ نیب کے پاس بھی یہ case گیا تھا کہ یہ معاہدہ ذاتی پسند اور ناپسند کی بنیاد پر کیا گیا ہے لہٰذا اِسے کالعدم قرار دے کر کسی اور کمپنی کے ساتھ معاہدہ کیا جائے تو FUGRO ایک جرمن کمپنی تھی اور DMT کے ساتھ یہ معاہدہ کیا گیا تھا جو ابھی تک کام کر رہی ہے اور June 30th تک اِس کے بارے میں final report بتادے گی۔ اِن شاءاللہ

جناب سپیکر: امجد صاحب جو بات آپ کر رہے ہیں it amounts to a fresh question

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! منسٹر صاحب نے خود ذکر کیا ہے تو پھر میں نے پُوچھ لیا ہے۔

جناب سپیکر: امجد صاحب! آپ کے پیچھے بھی دو معزز رکن ضمنی سوال پوچھنے کے لئے کھڑے ہیں۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! پہلے میں تو اپنے تین ضمنی سوال مکمل کر لوں۔

جناب سپیکر: نہیں، پھر میرے پاس تین سوال سے زیادہ کا وقت نہیں رہے گا اِس لئے آپ تھوڑی grace show کریں۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! تین سوال کرنا تو میرا حق ہے اِس لئے میں اپنے تین سوال پُورے کر لوں۔

جناب سپیکر: چلیں، ٹھیک ہے۔

جناب محمد الیاس: جناب سپیکر! میں بھی ضمنی سوال کرنا چاہتا ہوں یہ میرے شہر کا سوال ہے۔

جناب سپیکر: چنیوٹی صاحب! میں اتنے زیادہ ضمنی سوال کیسے دوں گا؟ آپ بھی ہیں، سعید اکبر خان صاحب بھی کھڑے ہیں، شاہ صاحب بھی کھڑے ہیں اور پیچھے راؤ صاحب بھی کھڑے ہو گئے ہیں۔ امجد علی جاوید صاحب! آپ پھر ایسا کریں، مجھے لگ رہا ہے کہ اس میں بہت سے ممبران کا interest ہے اور یہ اچھی بات ہے۔ آپ صرف ایک ہی سوال میں اپنی بات کو ذرا محدود کر دیں۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! جیسا آپ کا حکم لیکن تین ضمنی سوال کرنا تو میرا right ہے۔ جز (ب) میں یہ کہا گیا ہے کہ مذکورہ وسائل کی دریافت کا عمل دو مراحل میں پایہ تکمیل کو پہنچ رہا ہے۔ پہلے مرحلے میں لوہے کے وسائل کا تخمینہ 150 ملین ٹن لگایا گیا اور دوسرے مرحلے میں کام پایہ تکمیل کو پہنچنے کے قریب ہے۔ ایک اندازے کے مطابق لوہے کے ذخائر کا تخمینہ 260 ملین ٹن سے تجاوز کر جائے گا۔ چونکہ معدنی وسائل کی تلاش کا دوسرا مرحلہ ابھی جاری ہے لہٰذا کانکنی کا کام ابھی شروع نہیں کیا گیا۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ دوسرے مرحلے میں کیا امور سرانجام دیئے جا رہے ہیں جو پہلے مرحلے میں نہیں دیئے گئے؟

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! پہلے مرحلے میں جب وہاں پر estimation اور drilling کی گئی تو 150 ملین میٹرک ٹن کا تخمینہ لگایا گیا۔ جس کمپنی نے وہاں پر یہ drilling کی اور یہ رپورٹ دی اُن کا یہ کہنا تھا کہ ہم نے ساتھ ساتھ اور جگہ پر بھی drilling کی ہے اگر اس سارے پراجیکٹ کو ایک ساتھ لے کر چلا جائے اور اس جگہ کا بھی سروے اکٹھا کر لیا جائے تو آپ کو زیادہ فائدہ ہو گا۔ جب بعد میں اس کی estimation کی گئی تو وہ 150 ملین میٹرک ٹن سے بڑھ کر 260 ملین میٹرک ٹن ہو گئی ہے۔ 30۔ جون تک ہم کوشش کریں گے کہ کام مکمل کر لیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے 30۔ جون تک انتظار کرنا چاہیئے۔ چنیوٹی صاحب!

جناب محمد الیاس: جناب سپیکر! گزارش ہے کہ میں نے بھی اس ضمن میں ایک سوال جمع کروایا تھا۔ میں ہر مرتبہ ہی یاد کرواتا رہتا ہوں بلکہ ضمنی بجٹ میں بھی اس طرف یاد دہانی کروائی تھی۔ میں پچھلے دورِ حکومت میں خود سیکرٹری صاحب سے ملا تو انہوں نے کہا کہ feasibility report مکمل ہے اور اب اس میں کوئی وقت ضائع کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ حکومت کو چاہیئے کہ اس کی tendering کروائیں اور بین الاقوامی کمپنیوں کو دعوت دیں، وہ آئیں اور drilling کا کام شروع کریں۔ میری گزارش ہے کہ اب پھر feasibility پر دو تین سال ضائع نہ کر دیئے جائیں بلکہ اب اقدامات اُٹھائے جائیں۔

جناب سپیکر: جی، شکریہ

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! اس کا کام بالکل سپیڈ کے ساتھ جاری تھا اور اس نے اپنے وقت پر مکمل ہونا تھا لیکن جونہی 2018 میں حکومت ختم ہوئی تو شہباز شریف صاحب کا initiate کیا ہوا یہ منصوبہ بھی سیاست کی نذر کر دیا گیا اور کیس کو نیب میں بھیج دیا گیا۔ ڈیڑھ سال تک یہ کیس نیب کے اندر چلتا رہا۔ جس کمپنی نے final report دینی تھی اُس کی payment انہوں نے روک دی۔ وہاں پر دو سال تک کام delay ہوا۔ اب ہم اِنشاء اللہ پوری کوشش کر رہے ہیں کہ اسی سال دسمبر میں اس کی feasibility report بھی لیں اور پھر اس کو outsource بھی کریں۔

جناب سپیکر: جناب سعید اکبر خان!

جناب سعید اکبر خان: جناب سپیکر! وزیر موصوف نے یہ فرمایا کہ کیس نیب میں گیا، پھر کورٹ میں گیا اور پھر یہ معاہدہ کینسل ہوا۔ جب بھی کبھی گورنمنٹ کے معاہدے ہوتے ہیں اور اس کی شرائط طے ہوتی ہیں تو اس میں اگر کوئی پارٹی معاہدے سے ہٹے گی یا معاہدہ توڑے گی تو اس پر ایک financial impact بھی ہوتا ہے۔ کیا معاہدہ ختم ہونے پر گورنمنٹ آف پاکستان کو کوئی financial loss ہوا؟

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! میں نے جس طرح جناب سے عرض کیا کہ 2007 میں جب ذخائر تلاش کرنے کے لئے یہ معاہدہ کیا گیا تھا تو اپنے من پسند کمپنی کو یہ ٹھیکہ دے دیا گیا تھا۔ جب شہباز شریف چیف منسٹر بنے اور یہ معاہدہ کینسل کرنے کی کوشش کی تو وہ ہائی کورٹ میں چلے گئے تھے۔ ہائی کورٹ میں جاکر جب شہباز شریف کی ٹیم نے اپنا مؤقف پیش کیا تو ہائی کورٹ نے یہ فیصلہ دیا کہ یہ بالکل پسند ناپسند کی بنیاد پر ٹھیکہ دیا گیا اور پھر ہائی کورٹ نے اس ٹھیکے کو کینسل کر دیا۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! خان صاحب کا سوال یہ ہے کہ اس تاخیر سے کیا financial impact پڑا ہے؟

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! بس اُس کا contract کینسل کر دیا گیا تھا، میرے خیال میں کورٹ نے اس طرح کا کوئی اور فیصلہ نہیں دیا۔

جناب سعید اکبر خان: جناب سپیکر! کسی کمپنی سے جب بھی کوئی معاہدہ ہوتا ہے تو اُس کی شرائط میں یہ ہوتا ہے کہ اِن دونوں پارٹیوں میں سے جو بھی پیچھے ہٹے گا تو اُس پر financial impact ہو گا اور جرمانہ ہو گا۔ یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ اگر یہ معاہدہ پنجاب یا پاکستان کی جانب سے ختم ہوا ہو اور کوئی جرمانہ نہ ہوا ہو۔

جناب سپیکر: خان صاحب! وہ ایسا ہے کہ عام طور پر جو internationally binding کے contracts ہوتے ہیں، اب اگر وہ انٹرنیشنل فرم پنجاب یا پاکستان کے کسی ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ contract میں ہے اور وہ matter اگر under investigation چلا جاتا ہے یا تو اس contract نے اس کو deal کیا ہو کہ اگر کوئی ایسے معاملات ہوں اگر کوئی watchdog like NAB اس کو inquire کرے گا اور اس کا کام دو، اڑھائی سال تک معطل رہے گا تو in such like events کس قسم کا impact آئے گا، اس contract میں کہیں نہ کہیں لکھا ہو لیکن میرا نہیں خیال کہ یہ perceive کیا گیا ہو گا کہ اس طرح کی نیب انکوائری میں جائے گی اور ایسے کاموں کا تعطل ہو گا I don’t think so لیکن financial impact کی حد تک آپ کی بات ٹھیک ہے۔

راؤ کاشف رحیم خان: جناب سپیکر! میرا ضمنی سوال ہے۔

جناب سپیکر: جی، راؤ صاحب! بس یہ آخری ضمنی سوال ہے۔

راؤ کاشف رحیم خان: جناب سپیکر! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جس کمپنی سے معاہدہ ہوا تھا اس کا نام کیا تھا، یہ پاکستانی تھی یا انٹرنیشنل تھی اور اس کا دفتر کہاں تھا؟

جناب سعید اکبر خان: جناب سپیکر! میں آپ کو شاباش دیتا ہوں کہ جب آپ کسی کی جان چھڑانا چاہتے ہیں تو آپ کے پاس اس کا بہترین ذریعہ اور طریقہ ہے۔ (قہقہہ)

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! 2007 میں جس کمپنی کے ساتھ ہمارا معاہدہ تھا وہ پاکستانی کمپنی تھی اور وہ ابھی تک exist کرتی ہے۔ اس کا نام پنجمن اور ERPL ہے۔

راؤ کاشف رحیم خان: جناب سپیکر! معذرت کیساتھ، جس کمپنی کو ٹھیکہ دیا گیا تھا وہ گوجرانوالہ کی کمپنی تھی۔ میں اس کیس کو اچھی طرح جانتا ہوں۔ اس کی انکوائری انٹی کرپشن اور نیب میں ہوئی۔ اس میں اربوں روپے ضائع کئے گئے۔ میں صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا کمپنی کا مالک گرفتار ہوا یا نہیں؟

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! یہ 2007 کا معاہدہ تھا اور اس سوال میں اس طرح کی کوئی detail نہیں پوچھی گئی تھی اگر یہ پوچھنا چاہتے ہیں تو نیا سوال دے دیں۔

جناب سپیکر: راؤ صاحب! یہ آپ کا fresh question بنتا ہے اور اس وقت تو نیب کی تفصیلات اِن کے پاس نہیں ہوں گی۔

راؤ کاشف رحیم خان: جناب سپیکر! آپ سے گزارش ہے کہ یہ بہت بڑا scam ہے، یہ (ق) لیگ کے دور میں ٹھیکہ دیا گیا تھا اور اس میں بڑے بڑے لوگ شامل تھے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ اس پر ہاؤس کی کمیٹی بنائی جائے تا کہ پتا چل سکے کہ اس scam میں کون ملوث

تھے، کن آفیسر کو غلط سزا دی گئی؟ انٹی کرپشن اور نیب میں اس کی انکوائری مکمل ہو چکی ہے۔

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! ڈیپارٹمنٹ کے پاس سارا ریکارڈ ہو گا آپ اس کی investigative تفصیلات دیکھ لیں۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! اگر آپ اس سوال کو pend کرنا چاہتے ہیں تو بے شک کر لیں، معزز ممبر نے جو پوچھا ہے میں اس کی مکمل تفصیل لے کر جواب دے دوں گا۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! آپ اس کی تفصیل لے لیں۔

راؤ کاشف رحیم خان: جناب سپیکر! ہائی کورٹ میں اس کی in-camera proceeding ہوئی تھی، اس کی انکوائری ڈی جی انٹی کرپشن اور نیب نے بھی کی۔ میں کہتا ہوں کہ وہ انکوائری رپورٹ ہاؤس میں پیش کی جائے۔

جناب سپیکر: راؤ صاحب! آپ کی اس میں بڑی جامع بات ہے۔ منسٹر صاحب اس کی تفصیلات دیکھ لیتے ہیں کیونکہ سوال investigative details سے متعلق نہیں تھا۔

راؤ کاشف رحیم خان: جناب سپیکر! میرا سوال یہ ہے کہ ذخائر کو دریافت کرنے کا ٹھیکہ جس کو دیا تھا اس کمپنی کا نام اور مالک کون ہے؟

جناب سپیکر: راؤ صاحب! منسٹر صاحب نے بتایا ہے۔

راؤ کاشف رحیم خان: جناب سپیکر! پنجمن گورنمنٹ کی کمپنی ہے لیکن جس نے ٹھیکہ explore کرنا تھا وہ گوجرانوالہ کی ایک fake company تھی۔۔۔

جناب سپیکر: ان کا یہ پوچھنا ہے کہ جو 2002 سے 2007 کے tenure میں contract دیا گیا تھا آپ اس company کی تفصیلات سے ہاؤس کو apprise کر دیں یا ان کے ضمنی سوال میں بتا دیں۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! اس وقت تو میرے پاس اس کی detail نہیں ہے لیکن PRPL ایک کمپنی تھی، جس کا یہ ذکر کر رہے ہیں۔۔۔

راؤ کاشف رحیم خان: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب سپیکر: چلیں! .That addresses the question راؤ صاحب! آپ تشریف رکھیں۔

راؤ کاشف رحیم خان: جناب سپیکر! یہ کمپنی بعد میں بنی تھی اس حکومت نے یہ ٹھیکہ دیا تھا۔۔۔

جناب سپیکر: راؤ صاحب! آپ اس پر اپنا سوال دیں۔ آپ اپنی یہی باتیں لکھ کر سوال دیں پھر منسٹر صاحب آپ کو جواب دیں گے۔

جناب ذوالفقار علی شاہ: جناب سپیکر!۔۔۔

چودھری محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب سپیکر: چودھری محمد اعجاز شفیع صاحب! میں آپ کی طرف آتا ہوں۔ میں شاہ صاحب کے بعد آپ کو floor دیتا ہوں۔ جی، شاہ صاحب!

جناب ذوالفقار علی شاہ: جناب سپیکر! یہ one of those issues ہیں جس پر بات کرنے سے پہلے ٹھنڈا سانس لینا بہت ضروری ہے۔ میں request کروں گا اور منسٹر صاحب سے میرا سوال یہ ہے کہ کیا انہوں نے اس پراجیکٹ اور اس کے سروے کے بارے میں اس کا سارا background study کیا ہے کیونکہ میرے knowledge کے مطابق 1944 میں British نے سروے کیا تھا اور انہوں نے Ores identify کئے تھے but they thought کہ یہ اس قابل نہیں ہے کہ ان کو extract کیا جائے اور بعد میں بھی ان کے پاس initial reports آئی ہیں تو میرا فاضل منسٹر صاحب سے سوال ہے کہ کیا انہوں نے یہ رپورٹس خود دیکھی ہیں کیونکہ اُنہیں non feasible کر دیا گیا کیونکہ ایک تو اس کی کوالٹی ٹھیک نہیں تھی اور نیچے پانی کی دو layers تھیں جس کی extraction not feasible تھی ان کو نکالا جا سکتا تھا لیکن it was not feasible تو میرا سوال وزیر صاحب سے یہ ہے کہ کیا انہوں نے خود کوئی feasibility دیکھی ہے جو ابھی تک رپورٹس آئی ہیں؟

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! آپ کو geology expert بھی بننا پڑے گا۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! میں honorable member کی بات سے اتفاق کرتا ہوں اور اس پراجیکٹ پر 2007، 2013 اور 2024 تک جتنا پیسا لگ چکا ہے یا جس طرح کی یہ بات کر رہے ہیں تو میں نے ایک دو میٹنگز کی ہیں اور اب ہم نے 30۔ جون تک last date دے دی ہے کہ آپ ہمیں اپنی فائنل رپورٹ دیں۔ اگر وہ 30 جون تک رپورٹ نہیں دیں گے، FOGRO company نے feasibility report 30 دسمبر تک دینی ہے اس کو ہمارے ایٹمی سائنسدان جناب ثمر مبارک مند ہیڈ کر رہے ہیں اور وہ اس کمپنی کے ہیڈ ہیں۔ میں نے بھی ایک دو دفعہ گزارش کی ہے کہ ہمیں اس پر تھوڑا سا بریف کریں کیونکہ 7 سے 8۔ ارب روپے حکومت کے لگ چکے ہیں تو آپ کی اس پر کیا final recommendation ہے تو انہوں نے 30۔ جون کا وعدہ کیا ہوا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ میں آپ اور اس معزز ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں کہ 30۔ جون کو اس کی رپورٹ فائنل لیں گے اور 30۔ دسمبر تک اس کی feasibility report بھی لیں گے تو جو کچھ بھی ہو گا وہ اس ہاؤس کے سامنے رکھ دیں گے۔ بہت شکریہ

چودھری محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! میرا Supplementary Question ہے۔

جناب سپیکر: جی، اعجاز شفیع صاحب! This is last question on this.

چودھری محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! شکریہ۔ یہ جز (ج) کے جواب کے آخری پیرے میں لکھا ہے کہ لہٰذا فی الوقت معدنیات کے استعمال اور refine کرنے سے متعلق کوئی عملی اقدام نہیں اٹھایا گیا تو منسٹر صاحب سے میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ natural resource recover کرنے کے لئے گورنمنٹ کی priority نہیں ہے یا پیسا نہیں ہے یا ان کی ترجیحات ہی نہیں ہیں؟

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! میں پہلے بھی بتا چکا ہوں اور اب بھی بتانا چاہتا ہوں کہ یہ پراجیکٹ 2018 میں complete ہو جانا تھا اور یہاں پر سیاسی پوائنٹ سکورنگ نہیں کرنا چاہتا لیکن جب PTI کی گورنمنٹ آئی تو یہ کیس سیدھا نیب کے اندر چلا گیا، ڈیڑھ سال تک نیب نے اسے probe کیا اور اس کے فنڈز روک دیئے گئے۔ اب جرمن کمپنی

نے 60 کروڑ روپے extra لگائے ہوئے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ آپ کی وجہ سے ہمارا نقصان ہوا ہے لہٰذا ہماری liabilities pay کریں تو ہم نے 30۔ دسمبر تک ان کو ٹائم دیا ہوا ہے۔۔۔

چودھری محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! میرا سوال تھا کہ اس پر عملی اقدام نہیں کیا جا رہا ہے۔۔۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! میں نے تو یہ پہلے بتادیا ہے کہ ہم نے 30۔ جون تک ان کو deadline ہوئی ہے کہ وہ ہمیں رپورٹ دیں اور 30۔ دسمبر تک feasibility report دیں گے۔

جناب سپیکر: جی، چودھری صاحب! منسٹر صاحب کہہ یہ رہے ہیں کہ یہ تمام جتنی بھی performances ہیں ان کے لئے 30۔ جون تک final feasibility report دیں گے۔ جیسے شاہ صاحب بات کر رہے ہیں کہ 1944 میں سروے کیا گیا کہ یہاں پر ذخائر ہیں لیکن نکالے نہیں جاسکتے کیونکہ جو اس کی geological conditions probably ہے وہ شاید ان کی extraction مناسب نہیں سمجھ رہے تھے۔ Later on کوئی land نیچے change کی ہوں گی یا کوئی معاملات ہوئے ہوں گے تو پھر ایک کمپنی آگئی جو 2002 سے 2008 تک کام کرتی رہی اس کے بعد وہاں سے Ores extract کئے بھی گئے کہ جس میں کہا گیا کہ شاید کوئی سونے کے ذخائر بھی مل رہے ہیں تو اس میں let's see and wait for that final report of feasibility وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم 30۔ جون تک wait کریں گے۔ till the time that the feasibility study suggests that وہ اس وقت کی بات کر رہے ہیں۔ we take the next question جی، جناب امجد علی جاوید!

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! میرا سوال نمبر 175 ہے اور اس کا جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب سپیکر: جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

پنجاب میں انوسٹمنٹ بورڈ کے قیام سے متعلقہ تفصیلات

***175: جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پنجاب میں انوسٹمنٹ بورڈ قائم کیا گیا ہے اس کا قیام کس سال میں عمل میں آیا ہے اس ادارہ کا سربراہ کون ہے اور یہ کب سے کام کر رہے ہیں؟

(ب) اس ادارہ کے قیام کے مقاصد کیا تھے؟

(ج) پنجاب انوسٹمنٹ بورڈ کو گزشتہ تین سال میں ہر سال کتنا بجٹ فراہم کیا گیا؟

(د) پنجاب انوسٹمنٹ بورڈ نے اپنے قیام سے آج تک کیا کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہیں ان کی تفصیلات پیش کی جائیں؟

وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری (جناب شافع حسین):

(الف) جی ہاں! یہ درست ہے کہ پنجاب میں سرمایہ کاری کی ترویج کے لئے ادارہ قائم کیا گیا ہے۔ اس ادارے کا مکمل نام پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت ہے۔ PUNJAB BOARD OF INVESTMENT AND TRADE (PBIT) جبکہ اس کا قیام 22۔ فروری 2009 کو عمل میں لایا گیا تھا۔ ادارہ کا سربراہ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہوتا ہے۔ یہ اسامی مورخہ یکم جولائی 2022 سے خالی ہے، جبکہ اسی دن سے جناب جلال حسن (ڈائریکٹر افرادی قوت) جو کہ محکمہ کی اپنی بھرتی ہیں۔ ان کے پاس چیف ایگزیکٹو آفیسر کا اضافی چارج ہے۔

(ب) پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت کے منظور شدہ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کے مطابق ادارہ کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1۔ صوبہ پنجاب میں تمام شعبوں بشمول زراعت، ڈیری اور لائیو سٹاک، کاروبار اور صنعت، انفراسٹرکچر اور توانائی میں سرمایہ کاری کے مواقع کی نشاندہی کر کے غیر ملکی اور مقامی دونوں طرح کی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنا اور فروغ، صحت، تعلیم، تکنیکی (Technical) تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت اور تحقیق اور ترقی میں اپنا حصہ ڈالنا۔

2۔ صوبائی معیشت کے تمام شعبوں میں تجارتی طور پر قابل عمل نجی شعبے کی شرکت کی حوصلہ افزائی کرنا اور اس سلسلے میں حکومت پنجاب کے لئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP) ماڈلز، راہنما خطوط اور تجاویز تیار کرنا۔

3۔ صوبہ پنجاب میں غیر ملکی اور مقامی سرمایہ کاری سے متعلق معاملات پر حکومت پنجاب کو راہنمائی اور مشورے فراہم کرنا۔ سرمایہ کاری کے فروغ کے منصوبوں کا جائزہ لینا، ادارہ جاتی انتظامات مرتب کرنا، صوبہ پنجاب میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے شفاف اور آسان طریق کار اور راہنما اصول وضع کرنا۔

4۔ حکومت پنجاب کو جمع کرانے کے لئے سرمایہ کاروں کی جانب سے موصول ہونے والی تمام سرمایہ کاری کی تجاویز اور پراجیکٹس کا جائزہ لینا اور ان پر کارروائی کرنا۔

5۔ تمام شعبوں میں سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور سرمایہ کاری کے ماحول، طریق کار اور دیگر متعلقہ معاملات کو بہتر بنانے کے مختلف پہلوؤں کا مطالعہ کرنے کے لئے کمیشن، ماہر باڈیز کا تقرر کرنا۔

6۔ سرمایہ کاری کی تجاویز کو بہتر بنانے کے لئے وفاقی، صوبائی یا مقامی حکومتوں اور سرکاری اداروں میں نفاذ کرنے والی ایجنسیوں کے ساتھ کام کرنا۔

7۔ وفاقی، صوبائی یا مقامی حکومتوں اور سرکاری اداروں کی طرف سے سرمایہ کاروں کو تمام خدمات اور افادیت کی فراہمی کے لئے قابل اطلاق قوانین کے مطابق "ون ونڈو" سہولیات فراہم کرنا۔

8۔ حکومت پنجاب کی تجارتی سرگرمیوں اور سرمایہ کاری سے متعلق تنازعات اور دیگر تنازعات کو قابل اطلاق قوانین کے مطابق اور ان کے تابع حل کرنے کی کوشش کرنا۔

9۔ سرمایہ کاری کے فروغ میں ان کی فعال شرکت کے لئے نجی شعبے کے ساتھ رابطہ قائم کرنا اور تجارتی اداروں اور انجمنوں کے ساتھ روابط استوار کرنا۔

10۔ حکومتِ پنجاب کی جانب سے حکومتِ پاکستان کی سرمایہ کاری کی پالیسیوں کی تشکیل اور نفاذ میں بورڈ آف انوسٹمنٹ، گورنمنٹ آف پاکستان کے ساتھ رابطہ اور معاونت کرنا۔

11۔ صوبہ پنجاب میں سرمایہ کاری کے امکانات اور مواقع میں دلچسپی پیدا کرنے اور اس کی سرگرمیوں کو عام کرنے کے لئے مارکیٹنگ، امیج بلڈنگ اور تعلقات عامہ کی حکمت عملی مرتب کرنا، منصوبہ بندی، ترقی اور نفاذ کرنا۔

12۔ پنجاب میں سرمایہ کاری کے پروگراموں اور منصوبوں کی تمام مراحل پر پیشرفت کی نگرانی کرنا اور اس پر فوری عملدرآمد کو یقینی بنانا۔

13۔ صوبہ پنجاب سے متعلقہ سرمایہ کاری کے حوالے سے معلومات جمع کرنا، مرتب کرنے، تجزیہ کرنے، برقرار رکھنے اور تقسیم کرنے کے لئے رپورٹیں شائع کرنا۔

14۔ پاکستان کے اندر اور باہر صوبہ پنجاب میں سرمایہ کاری کے امکانات اور مواقع کو فروغ دینے کے لئے کانفرنسوں، سیمینارز، روڈ شوز، میلوں، نمائشوں اور اسی طرح کی دیگر سرگرمیوں کی منصوبہ بندی، انعقاد، میزبانی اور شرکت کرنا۔

(ج) سال 22-2021 کے دوران پنجاب بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کو کوئی بجٹ فراہم نہیں کیا گیا تھا۔

سال 23-2022 کے دوران پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت کو 215.76 ملین روپے پنجاب حکومت کی طرف سے قرض حسنہ کی صورت میں ریلیز کئے گئے۔

سال 24-2023 کے دوران گرانٹ ان ایڈ کی صورت میں تاحال 50 ملین روپے ریلیز ہوئے ہیں۔

(د) 1۔ فروری 2009 میں اپنے قیام سے اب تک پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت ملک میں 6.38 بلین ڈالرز کی سرمایہ کاری میں سہولت کاری کا بنیادی کردار ادا کر چکا ہے۔

2۔ پنجاب میں قائم 18 خصوصی اقتصادی زونز کے قیام کا سہرا بھی پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت کے سر پر ہے جس نے شبانہ روز محنت سے سرکاری و نجی سطح پر یہ سپیشل اکنامک زونز قائم کئے جہاں صنعتوں کے قیام اور حکومت کی طرف سے پیش کی جانے والی مراعات سے ان گنت مقامی و بین الاقوامی سرمایہ کاروں نے فائدہ اٹھایا ہے۔

3۔ ان صنعتی واقتصادی زونز کی آباد کاری کے لئے اور یہاں سے اپنی مصنوعات کی پیداوار کے لئے 424 سرمایہ کاروں اور کمپنیوں نے پلاٹ خریدے اور کاروبار کا آغاز کیا۔

4۔ پنجاب انوسٹمنٹ بورڈ نے 6000 سے زائد بین الاقوامی وفود کی میزبانی کی اور انہیں پنجاب میں سرمایہ کاری کی طرف راغب کرنے کے لئے موجود مواقع اور سہولیات سے متعلق تفصیلی بریفنگز (Briefings) دیں اور پریزنٹیشنز (Presentation) پیش کیں۔

5۔ ادارہ ہذا نے 20000 سے زائد کاروباری افراد کی سہولت کاری کی جبکہ تین لاکھ سے زائد سرمایہ کاروں کے ساتھ ملاقات وتعامل بھی کیا گیا۔

6۔ آج چونکہ سٹارٹ اپس کا دور ہے تو پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت نے سٹارٹ اپس کی سہولت کاری کا بھی بیڑہ اٹھایا اور 800 سے زائد سٹارٹ اپس کو سہولت کاری مہیا کی اور بین الاقوامی فورمز پر بھی متعارف کروایا۔

7۔ پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت نے مختلف سیکٹرز میں رائج پالیسیوں میں بہتری کے لئے تجاویز پر مشتمل 150 سے زائد دستاویزات تیار کیں اور متعلقہ اداروں کو پیش کیں۔

8۔ پنجاب بھر میں کاروبار سہولت سنٹرز کے قیام میں پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت نے کلیدی کردار ادا کیا۔ ان سنٹرز نے اپنے قیام کے بعد انتہائی قلیل عرصہ میں اپنی افادیت کا لوہا منوالیا ہے جس کا برملا اظہار وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعلیٰ پنجاب سمیت غیر ملکی سفارتکار اور سرمایہ کار بھی کر چکے ہیں۔ ان کاروباری سہولت مراکز کی روزمرہ کارکردگی اور آپریشنز بھی پنجاب بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی ذمہ داری ہے۔

9۔ اس وقت ادارہ ہذا سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے وفاقی سطح پر قائم کئے جانے والے خصوصی ادارے سپیشل انوسٹمنٹ فسیلی ٹیشن کونسل (Special Investment Facilitation Council) کے چیف سیکرٹری پنجاب کے عملدرآمد اور کوآرڈینیشن سیل کے طور پر بھی کام کررہا ہے۔

10۔ پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت پنجاب میں کاروباری افراد کو در پیش مسائل و مشکلات کے ازالے کے لئے بنائی جانے والی خصوصی کمیٹی پنجاب چیمبر آف کامرس کو آرڈینیشن کمیٹی کا مرکزی سیکرٹریٹ بھی ہے۔

11۔ بورڈ نے پنجاب کے پہلے نجی طور پر بننے والے خصوصی ٹیکنالوجی زون کی منظوری میں کلیدی کردار ادا کیا جس کے بعد ماڈل ٹاؤن لنک روڈ پر قائم امانہ مال میں پنجاب کا پہلا نجی شعبہ کا سپیشل ٹیکنالوجی زون قائم ہو چکا ہے۔

12۔ پنجاب بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ مختلف سیکٹرز کی ترویج کے لئے انتھک محنت کرتا ہے جس کی مثال پرنٹنگ اور پیکجنگ کے سیکٹر کو صنعت کا درجہ دلوانے کے لئے منظوری کے لئے کیس بنایا اور اس کو ارباب اختیار کے سامنے پیش کیا گیا۔

13۔ کاروبار کی ترویج کے لئے تحقیقی رپورٹس کی اہمیت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ اس ضمن میں سرمایہ کاری بورڈ نے تحقیقی رپورٹس، سرمایہ کاری پیچ بکس، پنجاب میں قابل سرمایہ منصوبوں کی تفصیلات اور عالمی سرمایہ کاری کا منظر نامہ سمیت درجنوں دستاویزات تیار کر کے کاروباری افراد اور اداروں کے ساتھ شیئر کیں جن سے وہ مستفید ہوتے چلے آرہے ہیں۔

جناب سپیکر: جی، کوئی ضمنی سوال ہے؟

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! بڑا detailed جواب ہے تو میں جواب سے satisfied ہوں اور آپ اس سوال کو disposed of کر دیں۔

جناب سپیکر: جناب امجد علی جاوید! آپ چودھری شافع حسین کے جواب سے پوری طرح مطمئن ہیں؟

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! جی، میں جواب سے مطمئن ہوں۔

جناب سپیکر: Excellent! Now we go to the next question.

چودھری جاوید احمد: جناب سپیکر! میں اس سوال پر کچھ کہنا چاہوں گا۔۔۔

جناب سپیکر: جب mover ہی satisfied ہیں تو آپ نے کیا کہنا ہے۔ آپ دیکھیں کہ چار صفحوں کا جواب ہے۔ جی، جناب امجد علی جاوید! اگلا سوال بھی آپ کا ہے۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! میرا سوال نمبر 160 ہے اور اس کا جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب سپیکر: جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ریت / معدنیات نکالنے کے ٹھیکہ جات اور طریق کار سے متعلقہ تفصیلات

***160: جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر کانکنی و معدنیات ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ریت نکالنے کے لئے ٹھیکہ کب اور کس سال میں ہوا تھا کیا یہ اوپن نیلامی کے ذریعے دیا گیا تھا یا اس کے لئے کوئی اور طریقہ اختیار کیا گیا تھا؟

(ب) محکمہ جو فیلڈ نیلام کرتا ہے ان سے ریت نکال کر فروخت کرنے والوں کے لئے قیمت مقرر کرنے کا بھی کوئی نظام قائم کیا گیا ہے اگر ہے تو اس کی تفصیل پیش کی جائے؟

(ج) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کس کس مقام سے ریت یا دیگر معدنیات نکالی جارہی ہیں؟

(د) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ کی ملی بھگت سے اس فیلڈ میں چند افراد یا فرموں کی اجارہ داری قائم ہے کیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ریت نکالنے کے لئے تمام علاقے کو ایک فیلڈ قرار دیا گیا ہے؟

(ہ) کیا یہ بھی درست ہے کہ اگر اس فیلڈ کو چھوٹے فیلڈز میں تقسیم کر دیا جائے تو نہ صرف اجارہ داری کا خاتمہ ہو سکتا ہے بلکہ سرکار کے خزانہ میں بھی بہت زیادہ آمدن کا اضافہ ہو سکتا ہے؟

(و) اگر جز "د" کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت ایسا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر رکھتی ہے تو کب تک؟

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی):

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ریت نکالنے کے لئے ٹھیکہ جات نومبر 2023، دسمبر 2023 اور اپریل 2024 میں عطا ہوئے ہیں اور تمام ٹھیکہ جات نیلام عام کے ذریعے عطا کئے گئے ہیں۔

(ب) سیکرٹری انڈسٹری پنجاب نے کچھ عرصہ قبل ڈائریکٹر جنرل معدنیات کو صوبہ پنجاب میں عام ریت کی فروخت کا ریٹ تعین کرنے کے اختیارات تفویض کئے ہیں۔ ان اختیارات کی روشنی میں ڈائریکٹر جنرل معدنیات نے فیلڈ رپورٹس کے حصول کے بعد کچھ اضلاع میں ریت کی فروخت کے ریٹ مقرر کر دیئے ہیں جبکہ باقی اضلاع میں ریٹ مقرر کرنے کا عمل جاری ہے۔ جو کہ چند دنوں میں مکمل کر لیا جائے گا۔ اس حوالے سے ڈائریکٹر جنرل معدنیات کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ عام ریت کا ریٹ صوبہ بھر میں مقرر کرنے کا عمل جلد از جلد مکمل کیا جائے۔

(ج) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں عام ریت چک نمبر 430 تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ، چک نمبر 17 اور بھسی اڈا کے مقام سے نکالی جارہی ہے۔ ان زونز کے نام درج ذیل ہیں۔

1. گوجرہ زون
2. کمالیہ بھسی زون

(د) محکمہ معدنیات میں ٹھیکیداران کی مقامی اجارہ داری ایک سنگین مسئلہ ہے جس کا محکمہ کو مکمل طور پر ادراک ہے۔ ٹھیکیداران کی ان مقامی اجارہ داریوں کو ختم کرنے کے لئے محکمہ معدنیات نے گزشتہ ایک برس کے عرصہ میں مختلف اقدامات اٹھائے ہیں اس بارے میں نیلامِ عام کو شفاف طریقہ سے مکمل کرنے کے لئے تفصیلی ایس او پیز جاری کئے گئے ہیں (کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔ مزید بر آں ٹھیکیداران کے مابین "پولنگ" (Pooling) کو ختم کرنے کے لئے ای آکشن کا نظام وضع کیا جارہا ہے جو کہ جولائی 2024 سے نافذ العمل کر دیا جائے گا۔

(ہ) کسی بھی ضلع میں عام ریت کے بلاکس اور زونز کی تعداد مختلف عوامل پر منحصر ہوتی ہے ان عوامل میں متعلقہ ضلع میں ریت کی ڈیمانڈ سپلائی، ریت کی کوالٹی اور ضلع کی حدود اربع شامل ہیں۔

اس حوالے سے مختلف اضلاع میں ٹھیکیداران کی اجارہ داری کو ختم کرنے کے لئے ڈائریکٹر جنرل معدنیات کو صوبہ بھر میں عام ریت کے نئے زونز اور بلاکس تشکیل کرنے کی ہدایات جاری کی ہوئی ہیں۔ ان ہدایات کی روشنی میں حالیہ دِنوں میں پچاس

کے قریب عام ریت کے نئے زونز اور بلاکس تشکیل دیئے گئے ہیں جن میں ایک نیا بلاک ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بھی تشکیل دیا گیا ہے جو کہ آئندہ نیلام عام میں پیش کیا جائے گا۔ جو کہ آئندہ ایک برس کے عرصہ میں مزید سو کے قریب نئے بلاکس / زونز تشکیل دیئے جائیں گے۔

(و) تفصیلی جواب مندرجہ بالا سوالات کے جوابات میں دیکھا جاسکتا ہے۔

جناب سپیکر: کوئی ضمنی سوال ہے؟

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! جز(ج) میں یہ کہا گیا ہے کہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں عام ریت چک نمبر 430 تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ سے نکالی جارہی ہے تو میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ کیا یہ جواب درست ہے؟ میرے نزدیک محکمے کی طرف سے یہ جواب درست نہیں دیا گیا۔ یہ ہاؤس میں misrepresent کیا گیا ہے، ڈیپارٹمنٹ اور ہمارے سیکرٹری صاحبان ہاؤس کی sanctity کو undermine کر رہے ہیں تو میں یہ چاہوں گا کہ اگر ہاؤس کے ایک دو لوگوں کی کمیٹی بنادیں یا منسٹر صاحب خود دیکھ لیں۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ کو اس سوال کے کس حصے پر اعتراض ہے؟

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! جز(ج) میں یہ کہا گیا ہے کہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں عام ریت چک نمبر 430 سے نکالی جارہی ہے اور میں کہتا ہوں کہ اس گاؤں سے کوئی ریت نہیں نکالی جارہی ہے اور یہ کہہ رہے ہیں کہ نکالی جارہی ہے اگر یہ ریت نکالی جارہی ہے تو چھ ماہ کی تنخواہ میری روک دیں اور اگر ریت نہیں نکالی جارہی تو پھر سیکرٹری صاحب کی تنخواہ روک دیں تاکہ ان کو کوئی سزا تو ملے کہ انہوں نے ہاؤس کے ساتھ کیا مذاق بنایا ہوا ہے۔

جناب سپیکر: آپ یہ کہہ رہیں، میں تھوڑا سا اس کو specify کردوں کہ once again I am reiterating before the Minister اس پر جواب دیں تو آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ جو جز(ج) میں جواب دیا گیا ہے وہ غلط ہے۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! اس پر Privilege Motion بنتی ہے یہ پورے ہاؤس کی تضحیک ہے۔

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں عام ریت چک نمبر 430، تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ چک نمبر 17 اور بستی اڈا کے مقام ان کے دو زون بنے ہوئے ہیں۔ ان میں ایک گوجرہ زون اور کمالیہ زون بنا ہوا ہے۔ یہاں ڈیپارٹمنٹ کے جو allotted zones ہیں وہاں سے ریت نکالی جا رہی ہے ایک کا ایریا تقریباً 44 ہزار ایکڑ ہے اور دوسرے کا تقریباً 43 یا 46 ہزار ایکڑ ہے۔ ان areas پر government کے allotted مائنز اینڈ منرل auction کئے ہوئے زون ہیں جہاں سے یہ ریت نکالی جا رہی ہے۔ اگر جناب امجد علی جاوید کو کوئی اعتراض ہے تو وہ مجھے بتا دیں کہ انہیں کس بات پر اعتراض ہے یا جواب میں کہاں غلطی ہے تو تھوڑی سی نشاندہی کر دیں میں اس پر action لوں گا۔

جناب سپیکر: جی، آپ غلطی کی نشاندہی کریں۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! میں نے نشاندہی کر دی ہے کہ جو چک نمبر 430 کا بتایا گیا ہے اگر اس میں سے ریت نکلتی ہے تو پھر ٹھیک ہے اگر نہیں نکلتی تو جس نے یہ جواب غلط دیا ہے اس کا علاج کریں نہیں تو میں اس کے خلاف یہاں ہاؤس میں Privilege Motion لاؤں گا۔

جناب سپیکر: آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ چک نمبر 430 سے کوئی ریت نہیں نکلتی۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! جی، بالکل چک نمبر 430 سے کوئی ریت نہیں نکلتی لیکن یہ کہہ رہے ہیں کہ ریت نکل رہی ہے۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! اس گاؤں سے ریت نہیں نکل رہی۔ ایک پورا گوجرہ زون ہے اور ایک کمالیہ زون ہے جس کا رقبہ تقریباً 43، 44 یا 46 ہزار ایکڑ ہے وہاں سے ریت نکالی جا رہی ہے۔

جناب سپیکر: دیکھیں کہ وہ لکھ رہے ہیں کہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں عام ریت چک نمبر 430 تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے مقام سے نکالی جا رہی ہے this is what they are writing یہ آپ کا جواب ہے۔

وزیر کانکنی ومعدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! جی لیکن اس زون کا نام گوجرہ زون ہے اور یہ چک نمبر 430 بھی اسی زون میں فعال کرتا ہوگا کیونکہ وہ بہت بڑا area تقریباً 40 ہزار ایکڑ ہے۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! یہ کوئی 60 یا 70 مربعوں کا گاؤں ہوتا ہے، یہ ریت کسی بھی گاؤں سے نکل رہی ہے تو میں مان لیتا ہوں اگر یہ ریت نہیں نکل رہی تو پھر جس نے یہ جواب دیا ہے اس کا منسٹر صاحب بتائیں کہ کیا علاج کیا جائے گا کیونکہ یہ پورے ہاؤس کو گمراہ کر رہے ہیں؟

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! it's a serious concern وہ کہہ رہے ہیں کہ اس دیہات سے ریت نکل ہی نہیں سکتی تو یہ کیسے کہہ رہے ہیں کہ وہاں سے ریت نکل رہی ہے؟

وزیر کانکنی ومعدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! میں اس کو دوبارہ چیک کروالیتا ہوں کہ لیکن میری information کے مطابق یا جس طرح مجھے بتایا گیا ہے کہ گوجرہ زون بہت بڑا زون ہے یہ جو چک نمبر 430 کا ذکر کیا گیا ہے یہ بھی اسی گوجرہ زون میں فعال کرتا ہے، اس کو صرف identify کرنے کے لئے چک کا حوالہ دیا گیا ہے ویسے گوجرہ زون ہے۔

جناب سپیکر: امجد صاحب! جس زون میں یہ گاؤں ہے جہاں سے ریت نکل رہی ہے اس کو منسٹر صاحب چیک کر لیتے ہیں اگر furnish answer wrong ہوا تو we can take it up again

چودھری جاوید احمد: جناب سپیکر! میرا ایک ضمنی سوال ہے۔

جناب سپیکر: جی، چودھری صاحب!

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! ابھی تو میں نے ایک ضمنی سوال کیا ہے، آگے میرے سوال ابھی رہتے ہیں۔

جناب سپیکر: چودھری صاحب! آپ تشریف رکھیں کیونکہ Mover has the right first.

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! میرے سوال کے جز(ب) میں کہا گیا ہے کہ سیکرٹری انڈسٹری پنجاب نے۔۔۔

(اذانِ عصر)

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! آپ چیک کروالیں جیسا کہ امجد علی جاوید صاحب کہہ رہے ہیں اگر جواب کی تفصیل میں کوئی فرق ہو گا تو accordingly we will see to it.

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! جی، ہم اس کو چیک کروالیتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی، امجد صاحب!

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! میرے سوال کے جز (ب) کے جواب میں لکھا گیا ہے کہ (ب) سیکرٹری انڈسٹری پنجاب نے کچھ عرصہ قبل ڈائریکٹر جنرل معدنیات کو صوبہ پنجاب میں عام ریت کی فروخت کا ریٹ تعین کرنے کے اختیارات تفویض کئے ہیں۔ ان اختیارات کی روشنی میں ڈائریکٹر جنرل معدنیات نے فیلڈ رپورٹس کے حصول کے بعد کچھ اضلاع میں ریت کی فروخت کے ریٹ مقرر کر دیئے ہیں تو میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ وہ کون سے اضلاع ہیں جن میں یہ ریٹ مقرر کئے گئے ہیں اور وہ ریٹ کیا مقرر کئے گئے ہیں؟

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! ہم نے ملتان، بہاولپور، وہاڑی، اوکاڑہ، پاکپتن، قصور، رحیم یار خان، بہاولنگر، لودھراں، ننکانہ صاحب، بھکر، میانوالی، بہاولپور اور اٹک میں ریٹ مقرر کر دیئے ہیں، باقی اضلاع میں بھی ریٹ مقرر کرنے کے لئے میں نے ہدایات جاری کر دی ہیں اور جلد ہی ان باقی اضلاع میں بھی ریٹ مقرر کر دیئے جائیں گے اس کی ایک لمبی تفصیل ہے اگر آپ کہتے ہیں تو میں امجد علی جاوید صاحب کو وہ provide کر دوں گا۔

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب! آپ ان کو اس تفصیل کی کاپی فراہم کر دیں۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! جی، میں ان کو اس تفصیل کی کاپی دے دیتا ہوں۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! آپ کا محکمہ معدنیات ہے میں خاص طور پر میں آپ کو ریت کے معاملے پر ایک observation دینا چاہ رہا ہوں کہ roads کی پراپرٹی سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کی ہے جہاں سے ریت extract کی جاتی ہے، اب جب ٹریکٹر ٹرالیوں اور ٹرالوں میں جب یہ ریت

بھر کر لے جاتے ہیں تو اس کا لوڈ اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ اگر ہم آج ایک نئی سڑک بنواتے ہیں تو ریت کی ٹرالیوں اور ٹرالوں کے بوجھ کی وجہ سے چھ ماہ میں کروڑوں اور اربوں روپے کی انوسٹمنٹ برباد ہو جاتی ہے یا تو آپ ان کو road access دیں یہ نیا سوال ہے لیکن میں آپ کے سامنے ایک observation رکھ رہا ہوں، Does the Mines and Mineral Department pay any road cess for that? کہ آپ roads کو استعمال کر رہے ہیں اور ٹھیکداروں سے پیسے لے رہے ہیں آپ contracts award کر رہے ہیں وہاں سے ریت extract ہوتی ہے اور آپ کا لوڈ مینجمنٹ کا کنٹرول بالکل زیرو ہے تو یہ بات آپ کے اور میرے بھی علم میں ہے۔ یہ بہت serious concern ہے آپ اس پر ضرور اپنے ڈیپارٹمنٹ سے جواب لیں کیونکہ یہ literally بربادی کی ایک نئی داستان ہے۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! آپ کی observation بالکل ٹھیک ہے۔ لوڈ مینجمنٹ کنٹرول بنیادی طور پر سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کے under آتا ہے، بہر حال میں بھی اس کو چیک کر لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! پھر ایسا کرتے ہیں کہ اس حوالے سے آپ کی سربراہی میں ہاؤس کی ایک committee form کر دیتے ہیں۔ اس کمیٹی میں آپ، منسٹر ٹرانسپورٹ اور منسٹر سی اینڈ ڈبلیو شامل ہیں and we nominate five honorable members also اس میں یہ دیکھا جائے کہ ایک روڈ جو کہ بالکل brand new ہے، جیسا کہ KPRP Roads بنی تھیں اور اس کے بعد پی ٹی آئی کی گورنمنٹ میں انہوں نے ایک منصوبہ دیا تھا اس منصوبے کے تحت جو roads بنی ہیں یا جو بھی نئی سڑک بنتی ہے وہ maximum چھ سے آٹھ ماہ کے اندر گیلی ریت کی ٹرالیوں اور ٹرالوں کے اوور لوڈ کی وجہ سے تباہ ہو جاتی ہے۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! میں آپ کی اس بات سے agree کرتا ہوں۔ آپ بے شک اس حوالے سے کمیٹی بنا دیں۔

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! میں بھی ایک ضروری بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی، خان صاحب!

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! آپ نے بہت اچھا question rescue کیا ہے۔ میں منسٹر صاحب کو یہی request کروں گا کہ اس میں دو چیزیں ہوتی ہیں road cess شوگر کین میں تو ہوتی ہے اور جہاں تک میرے علم میں ہے کہ ان کے پاس road cess کی تجاویز ہوتی ہیں لیکن یہ اس کے لئے بجٹ نہیں رکھتے۔ محکمہ کانکنی و معدنیات کے جہاں پر crusher لگے ہوتے ہیں، جہاں پہاڑی علاقے میں یہ کام کرتے ہیں وہاں ان کے لئے ایک ہسپتال کا قیام بہت ضروری ہے۔۔۔

جناب سپیکر: جی، بالکل یہ بہت ضروری ہے۔

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): میرے خیال میں آپ کا یہ بہت اچھا initiative ہے آپ جو کمیٹی form کر رہے ہیں اس میں اپوزیشن کی طرف سے دو ممبران شامل کر لیں۔

جناب سپیکر: جی، بالکل۔ This is extremely important and we are forming a Special Committee on this جس میں three honorable ministers شامل ہیں، یہ پبلک کی بہت بڑی inconvenience ہے۔ ایک یہ ریت کے ٹھیکوں کے حوالے سے مسائل اور دوسرا جہاں پر پتھر کی کٹائی کی وجہ سے لوگوں کے بیمار ہونے کا مسئلہ ہے یہ بھی آپ اس کمیٹی میں شامل کر لیں۔۔۔

سردار محمد علی خان: جناب سپیکر! جو پہاڑوں پر blasting کی جاتی ہے، اس کے دھوئیں سے بھی مسائل پیدا ہوتے ہیں۔

جناب سپیکر: سردار صاحب! جی، بالکل blasting کا بھی issue بہت اہم ہے۔ تو اس کے لئے ہم سپیشل کمیٹی بنا رہے ہیں جو already laws ہیں وہ کیا ہیں اور ان laws میں سے کن laws پر عمل ہو رہا ہے اور کن پر عمل نہیں ہو رہا اس پر آپ ہاؤس کو apprise کر دیں گے probably on Tuesday we will fix it up یہ کمیٹی form کر دیں؟

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! میں اس سلسلے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ڈیپارٹمنٹ میں ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں ایک auction کرتے ہیں جس میں ڈیپارٹمنٹ 5 روپے فی ٹن cost لیتا ہے، ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں یہ ریٹ تقریباً 70/60 سال پہلے

fix کیا گیا تھا۔ اس انکم سے جہاں جہاں mining ہو رہی ہے وہاں ان لوگوں کی بہتری کے لئے، ہسپتال، موبائل ڈسپنسریز یا ہم جو بھی facilitate کر سکتے ہیں وہ کرتے ہیں لیکن یہ بہت کم رقم ہے۔ ہم نے آج فنانس ڈیپارٹمنٹ کو اپنی request بھجوائی ہے کہ اس رقم کو بڑھا کر تیس روپے فی ٹن کیا جائے۔ ہمارا محکمہ ہسپتال اور ڈسپنسریز بناتا ہے، واٹر فلٹریشن پلانٹ بھی لگاتا ہے۔ میں پرسوں بھی خوشاب گیا ہوا تھا ہم نے وہاں ہسپتال visit کیا ہے، وہاں ہماری موبائل ایمبولینس موجود ہے جہاں پر کوئی حادثہ ہوتا ہے وہ پہنچتی ہے، ڈاکٹر اور باقی عملہ بھی ہسپتال میں موجود تھا۔ ہمیں جہاں سے بھی کوئی ایمرجنسی کال آتی ہے تو ہمارا ڈیپارٹمنٹ فوراً response کرتا ہے لیکن ہمارے پاس کم وسائل تھے اب ہم انہیں بڑھا رہے ہیں۔ اگر معزز رکن مزید کوئی بات کہیں گے تو میں وہ بھی دیکھ لوں گا۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! اس کی پوری detail لینے کے لئے ہاؤس کی ایک کمیٹی form کر رہے ہیں اس کمیٹی میں آپ، منسٹر ٹرانسپورٹ، منسٹر C&W ہیں along with the members of the Committee and before the completion of this session آپ سے چاہیں گے کہ تھوڑی راہنمائی کریں اور بتائیں کہ یہ جو ایک بہت بڑی public inconvenience ہے and that is because کہ آپ کا ڈیپارٹمنٹ contract award کرتا ہے۔ کیا اس award of contract میں یہ چیزیں شامل ہیں جس میں blasting ہے، line cutting ہے، پتھر کی cutting ہے، ریت کی extraction ہے اور پھر آپ انہیں پبلک روڈز پر لے کر جاتے ہیں، اس سے ہیلتھ issues ہیں، ان laborer کے لئے ہسپتال ہیں تو ان میں کس حد تک آپ کی contribution ہے۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! جہاں تک blasting اور cutting کی بات ہو رہی ہے ہم محکمہ تحفظ ماحول کے NOC کے بغیر کوئی work order issue نہیں کرتے۔ محکمہ تحفظ ماحول ہمیں ok کرتا ہے تو تب ہم work order issue کرتے ہیں۔ آپ نے جہاں تک روڈ سیکٹر کی بات کی ہے آپ بالکل کمیٹی بنا دیں اس میں بیٹھ کر load management کا mechanism بنا دیں تو ہم اس پر عملدرآمد کرائیں گے۔

جناب سپیکر: یہ کچھ غلط العام ہے جو ہمارے روز کے مشاہدے میں ہے اگر یہ درست نہ ہو تو بہت بڑی public inconvenience ہے under your leadership as minister and you are able to do things and we expect, this House expects کہ آپ اس پر deliver کریں گے اور لوگوں کی convenience کے لئے بہتر کریں گے۔

وزیر کانکنی ومعدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! آپ کی ہدایت پر پورا عمل کریں گے۔

جناب احسن رضا: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب سپیکر: امجد صاحب سوال کے محرک ہیں۔ انہیں بات کرنے دیں۔ please be seated, all gentlemen please be seated امجد صاحب سوال کے محرک ہیں انہیں بات کرنے دیں۔

جناب امجد علی جاوید: میں نے منسٹر صاحب سے پوچھا تھا کہ کیا آپ نے قیمت کا کوئی تعین کیا ہے جس کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم نے تعین کیا ہے لیکن مجھے جو فہرست دی گئی ہے اس میں قیمت کا کوئی تعین نہیں ہے۔ قیمت سے مراد ہے کہ فی ٹرالی جو ریت بھیجی جاتی ہے اس کی کتنی قیمت ہے جو محکمہ charge کرتا ہے مجھے تو اس کی فہرست دی گئی ہے، اس کا مطلب تو یہی ہے کہ قیمت کا تعین ہوا ہی نہیں۔

جناب سپیکر: امجد صاحب! میں آپ کی بات نہیں سمجھ پایا۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! منسٹر صاحب نے جواب میں فرمایا ہے کہ ہم نے کچھ اضلاع میں قیمت کا تعین کر دیا ہے اور انہوں نے اضلاع کے نام بھی پڑھ دیئے ہیں اور انہوں نے کہا کہ میں لسٹ دے دیتا ہوں۔ میں نے پوچھا تھا کہ کیا قیمت متعین کی گئی ہے تو انہوں نے کہا کہ میں آپ کو لسٹ دے دیتا ہوں لیکن مجھے جو لسٹ دی گئی ہے یہ قیمت فروخت نہیں بلکہ محکمہ جو ریت نکالنے والے سے charge کرتا ہے یہ اس کی فہرست ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ قیمت کا کوئی تعین ہوا ہی نہیں۔

جناب سپیکر: آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ منسٹر صاحب نے جو تفصیل فراہم کی ہے کہ جس ریٹ پر وہ ٹھیکہ دیتے ہیں وہ اپنے محکمے کے ٹھیکہ دینے کے ریٹ کی بات کر رہے ہیں لیکن آپ کہہ رہے ہیں کہ جو ریت کی ٹرالی کنزیومر تک جاتی ہے اس کی کیا قیمت ہے؟

جناب امجد علی جاوید: جی۔

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! جب ہم کوئی ٹھیکہ نیلام کرتے ہیں تو پہلے demand and supply کے مطابق اس کا پورا سروے کرتے ہیں لیکن آگے اگر وہ کنزیومر کو پچاس ہزار روپے میں ٹرالی بیچتے ہیں تو اس سے محکمے کا تعلق نہیں ہے، ہم نے تعین کیا ہوتا ہے کہ اس سے زیادہ ٹھیکیدار وصولی نہ کرے۔ ہم اس حد تک تو ان پر check and balance رکھتے ہیں لیکن ٹھیکیدار آگے کنزیومر کے پاس کتنے میں ٹرالی بیچتا ہے فی الحال ہمارے پاس اس چیز کا کوئی mechanism نہیں ہے۔

چودھری جاوید احمد: جناب سپیکر! میں بھی اس پر ضمنی سوال کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی چودھری جاوید صاحب!

چودھری جاوید احمد: جناب سپیکر! شکریہ۔ یہ جو جز (ب) کے بارے میں discussion ہو رہی ہے اور ابھی منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ پاکپتن کے بارے میں بھی ریٹ کا اعلان ہو گیا ہے۔ کیا وہ مجھے بتانا پسند کریں گے کہ پاکپتن کے لئے کون سا ریٹ مقرر ہوا ہے۔ دوسری یہ بات ہے کہ ابھی جو منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ وہ جا کر کنزیومر کو -/50000 کی ٹرالی دے دے۔ یہی وہ نقطہ ہے جس کی وجہ سے اس محکمے میں کرپشن کی انتہا ہے۔ آپ اندازہ کریں کہ ایک ڈی جی کو پورا پنجاب دے دیا گیا ہے کہ تم اپنی مرضی سے ہر ضلع کا ریٹ مقرر کر دو۔ وہ all and all ہے وہ جتنے مرضی پیسے لے کر کسی ضلع کا کم اور کسی کا زیادہ ریٹ مقرر کر دے لیکن ہمارے غریب علاقے ہیں اور ریت ایک ایسا عنصر ہے جو کنسٹرکشن میں استعمال ہوتا ہے جو غریب آدمی بھی ٹرالی استعمال کرتا ہے لیکن ریت کے ٹھیکیداران محکمے کی ملی بھگت سے مافیا بن چکے ہیں اور لوٹ رہے ہیں لہٰذا میری تجویز ہے کہ آپ اس پر ہاؤس کی کمیٹی بنائیں۔

جناب سپیکر: چودھری صاحب! آپ تشریف رکھیں، آپ کی بات آگئی ہے اب منسٹر صاحب جواب دیتے ہیں۔جی منسٹر صاحب!

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! اس چیز سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ماضی میں اس طرح کی مثالیں موجود ہیں۔

چودھری جاوید احمد: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب سپیکر: آپ تشریف تو رکھیں۔جی، منسٹر صاحب!

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! میں اس چیز سے بالکل انکار نہیں کروں گا کہ محکمے کی ملی بھگت ضرور ہوتی ہو گی لیکن ہم نے اس کا ایک بڑا اشفاف نظام وضع کیا ہوا ہے۔ ہماری ذمہ داری یہ ہے کہ وہاں پر جو auction ہوتی ہے وہ ڈپٹی کمشنر کی موجودگی میں ہوتی ہے، اس کے بندے موجود ہوتے ہیں، ریونیو ڈیپارٹمنٹ موجود ہوتا ہے اور open auction میں ٹھیکیدار ہم سے ٹھیکہ لیتا ہے۔ وہاں supply and demand کے مطابق وہ کیا ریٹ مقرر کرتا ہے اور آگے کنزیومر کو کس ریٹ میں دیتا ہے۔ ہماری فیلڈ سے جو ٹرالی نکلے گی ہم نے اس پر اپنا ریٹ طے کیا ہوا ہے۔ اگر اس پر انہیں اعتراض ہے یا کہیں پر ٹھیکیدار ہمارے محکمے سے مل کر over charging کر رہے ہیں تو اس کی نشاندہی کر دیں میں اس پر action لینے کے لئے تیار ہوں۔

چودھری جاوید احمد: جناب سپیکر! وہ لوٹ مار کی انتہا کر رہے ہیں۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ ریت سے پنجاب میں کتنا پیسا اکٹھا کرتے ہیں؟ یہ free for all ہونا چاہئے یہ natural resource ہے اس پر ایک غریب آدمی کا حق ہے اور منسٹر صاحب کو یہ اختیار ہونا چاہئے کہ یہاں پر یہ عوام کے تحفظ کے لئے بیٹھے ہیں نہ کہ اپنے محکمے کے لئے، یہ تو اپنے محکمے کو defend کر رہے ہیں۔

جناب سپیکر: چودھری صاحب! مہربانی I have got many people to talk on this ابھی تین دوست اور کھڑے ہیں۔ آپ کا point آگیا ہے آپ کی بڑی valid بات ہے اور وہ بات منسٹر صاحب نے لی ہے وہ اپنے سیکرٹری اور ڈی جی سے اس پر پوری تفصیل لیں گے کہ اگر کنزیومر تک جانے والے end product پر ڈیپارٹمنٹ کا کنٹرول نہیں ہے تو یہ بڑی عجیب بات ہے، ڈیپارٹمنٹ کا کنٹرول ہونا چاہئے۔ منسٹر صاحب! آپ کو یہ دیکھنا چاہئے۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جی، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: جی، رائے صاحب!

جناب احسن رضا: جناب سپیکر! آپ نے جو کمیٹی بنائی ہے اس کے لئے ایک تجویز دینا چاہتا ہوں کہ بنیادی طور پر۔۔۔

جناب سپیکر: رائے صاحب! آپ ضمنی سوال کریں۔ میں ضمنی سوال پر آپ سے تجویز تو نہیں لے سکتا۔

جناب احسن رضا: جناب سپیکر! مجھے اسی سے related بات کر لینے دیں۔ ریت کے ٹرالے موت کے فرشتے ہیں ان پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی جب وہ ٹرالے سڑکوں پر آتے ہیں تو یقین کریں کہ نہ ان کی manufacturing کا کوئی بندوبست کیا گیا ہے اور نہ ہی۔۔۔

جناب سپیکر: رائے صاحب! کمیٹی اسی لئے form کی گئی ہے کہ آپ اپنی تجاویز اس کمیٹی کے پاس لے کر جائیں۔ اس کمیٹی میں تین منسٹر صاحبان بیٹھیں گے اس میں آپ معزز ممبران بیٹھیں گے۔ جی سردار راشد طفیل صاحب! آپ ضمنی سوال کریں۔

جناب راشد طفیل: جو ٹھیکیداروں کو ٹھیکے دیئے جاتے ہیں ان کی لمبائی چوڑائی کا کوئی اندازہ ہی نہیں ہے اور جب ٹھیکیداروں کو ٹھیکے ملتے ہیں تو ٹھیکیدر ٹھیکے آگے الاٹ کرتے ہیں اسی لئے ان کے ریٹ مہنگے ہوتے ہیں اور ان کو کوئی روکنے والا نہیں ہے۔ فرض کریں گورنمنٹ ایک ٹرالی سے 500 روپیہ charge کر رہی ہے تو وہ ٹھیکیدار جب آگے ٹھیکہ دیتا ہے تو وہ 1500 روپے ٹرالی کے حساب سے نکال رہا ہے۔ میں منسٹر صاحب سے گزارش کروں گا کہ جو موقع کے ریٹ ہیں جہاں سے ریت نکل رہی ہے کیا وہاں آپ کا check and balance ہے؟ اگر ہے تو پھر اتنے مہنگے ریٹ کیوں ہو رہے ہیں؟ اگر ایسے ہی رہا تو غریب لوگ اس مہنگائی میں کیسے گزارہ کریں گے۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! سردار صاحب نے بڑی pertinent بات کی ہے میں اسے تھوڑا سلیس کر دیتا ہوں کہ آپ کا ٹھیکیدار آگے سب کنٹریکٹر رکھتا ہے dose the contract allow that? یہ fresh question amount کرے گا تو میں آپ کی اور محکمے کی آسانی کے لئے یہ کمیٹی form کر رہا ہوں۔ یہ اتنا غلط العام ہے، یہ برائی اتنی زیادہ سرایت کر گئی ہے اور یہ ہمارے infrastructure کو

اتناbotherکر رہی ہے کہ.it needs a clear cut remedial measures یہstepsآپ کو لینے پڑیں گے۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! آپ بالکل کمیٹی بنا دیں اور ان شاءاللہ تعالیٰ آپ کی ہدایت پر عملدرآمد ہو گا۔

جناب سپیکر: جی، سردار صاحب!

سردار محمد علی خان: جناب سپیکر! اس میں کوئی دوسری رائے نہیں کہ یہ بہت اہمissueہے۔ اس حوالے سے آپ نے ابھی ایکcommittee formکرنے کے لئے بھی کہا ہے۔ غالباً صوبہ پنجاب میں ضلع اٹک، ٹیکسلا اور اس سےadjacent areasمیں سب سے زیادہ کریشنگ ہوتی ہے اور اسی علاقے میں اس منسٹری سےrelatedتباہی ہو رہی ہے۔ میں آپ کو اپنے حلقے کی مثال دوں گا۔ میرا حلقہ پہاڑی علاقے پر مشتمل ہے۔ وہاں پر اگر کسی غریب آدمی کی ذاتی زمین میں کوئی چھوٹی سی پتھر کی گار یا چٹان ہے اور وہ اپنا گھر تعمیر کرنے کے لئے دو چار مزدور لگا کر وہاں سے پتھر اکٹھے کرتا ہے تو بخُدا محکمہ معدنیات کے بدمعاش اہلکار اس کو صبح شام تنگ کرتے ہیں۔ میں اس بارے میں آپ کو ایکdetailed report with evidenceدوں گا۔ میں مطالبہ کرتا ہوں کہ اس بارے میں ایک کمیٹی بنائی جائے، اس کمیٹی کو بااختیار بنایا جائے اور ہرaffectedضلعے کا ایک ایک بندہ اس کمیٹی کا ممبر ہونا چاہئے۔ جہلم اور ٹیکسلا بھی اس کےvictimہیں۔ بہت سارے ایسے اضلاع ہیں کہ جو محکمہ معدنیات کی زیادتی کےvictimہیں۔ خُدا گواہ ہے کہ محکمہ معدنیات نے کرپشن اور تباہی کی ایک تاریخ رقم کی ہوئی ہے۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! میںpolitical point scoringمیں نہیں جانا چاہتا تھا۔۔۔

سردار محمد علی خان: جناب سپیکر! یہpolitical point scoringکی بات نہیں ہے۔

جناب سپیکر: سردار محمد علی خان! یہ مناسب نہیں ہے۔ آپ منسٹر صاحب کو بات مکمل کرنے دیں۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! گزارش یہ ہے کہ مجھے اس محکمہ کا چارج لئے ہوئے تقریباً ایک یا ڈیڑھ مہینہ ہوا ہے۔ معزز رکن جو کچھ فرما رہے ہیں میں ان سے اتفاق کرتا ہوں لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ پچھلے پانچ سالوں میں اس محکمہ کی جو تباہی ہوئی ہے وہ 70 سالوں میں نہیں ہوئی۔ میں آپ کو یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ جس ریت کا بار بار ذکر کیا جا رہا ہے اس حوالے سے ایک بہت بڑا گروپ ہے۔ اس گروپ کو کون head کرتا ہے؟

جناب سپیکر! اگر آپ کہیں گے تو میں اس کا نام بھی بتا دوں گا اور یہ بھی بتا سکتا ہوں کہ کون کون اس کے partners ہیں۔ حزب اختلاف کے معزز دوست مجھے صرف یہ بتا دیں کہ اس محکمہ کے پچھلے وزیر کہاں ہیں؟ میرے لئے وہ قابل احترام ہیں۔ وہ ہمارے colleague تھے۔۔۔

سردار محمد علی خان: جناب سپیکر! سابقا کو چھوڑ دیں اور اپنی کارکردگی بتائیں۔ یہ بتائیں کہ اس حوالے سے آپ کی کارکردگی کیا ہے؟

جناب سپیکر: سردار محمد علی خان! یہ مناسب نہیں ہے۔ کیا آپ کسی بس سٹیشن پر بیٹھے ہیں؟ آپ نے اپنی بات کر لی ہے۔ You have made your point. اب آپ منسٹر صاحب کو بات کرنے دیں۔ This is no way of conduct آپ ایسا نہ کریں۔ جی، منسٹر صاحب! آپ اپنی بات مکمل کریں۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! اگر یہ کہتے ہیں تو میں پچھلے ایک مہینے کی کارکردگی بھی بتا دیتا ہوں۔ پچھلے منسٹر صاحب جن کے پاس یہ محکمہ تھا وہ کدھر ہیں اور وہ کیوں ملک سے بھاگے ہوئے ہیں؟ انہیں یہاں پر بلائیں۔ وہ یہاں پر آکر حساب دیں۔ وہ کیوں ملک سے باہر بیٹھے ہوئے ہیں؟ ہم خلوص نیت سے کوشش کر رہے ہیں اور ان شاءاللہ تعالیٰ میں اس ڈیپارٹمنٹ کو ایک بہتر ڈیپارٹمنٹ بنا کر دکھاؤں گا۔

حافظ فرحت عباس: جناب سپیکر! انہوں نے ایک بات کی ہے تو مجھے اس کی وضاحت کرنے دیں۔

جناب سپیکر: حافظ صاحب! تشریف رکھیں۔ You will create another mess. آپ بیٹھ جائیں۔ This is the question of public importance. I am repeating it. منسٹر صاحب! یہ public importance کا question اس لئے ہے کیونکہ اس کے اثرات

سے public life بہت بُری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ آپ کے ڈیپارٹمنٹ کی extraction جس جگہ پر ہو رہی ہے وہ infrastructure خراب کر رہی ہے۔ جہاں پر blasting کے ذریعے rock cutting ہو رہی ہے وہاں پر بہت زیادہ serious health issues پیدا ہو رہے ہیں۔ اس حوالے سے لاہور ہائی کورٹ کے دو فیصلے موجود ہیں۔ وہ فیصلے بھی میں اسی کمیٹی میں بھیج دوں گا۔ ان فیصلوں کی روشنی میں بھی حکومت نے ایک certain action perform کرنا ہے۔ آپ یہ کمیٹی constitute کریں اور محکمہ سے اس بابت پوچھیں۔ آپ محکمہ سے تفصیلات لے کر کمیٹی کے سامنے اور پھر اس ہاؤس کے سامنے پیش کریں۔ اس حوالے سے آپ اپنی ایک policy statement دیں کہ grievances of public کو address کرنے کے لئے آپ کیا remedial measures لے رہے ہیں؟

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! بالکل آپ کی ہدایت پر عمل کیا جائے گا۔ میں نے جس طرح پہلے عرض کیا ہے کہ مجھے اس محکمہ کا چارج لئے ہوئے صرف ایک مہینہ ہوا ہے۔ جہاں پر blasting کے ذریعے mining ہو رہی ہے وہاں پر ہم لوگوں کی صحت کے حوالے سے ضروری measures لے رہے ہیں۔ میں دو دن پہلے field میں پورا علاقہ visit کر کے آیا ہوں۔ میں نے اپنے محکمہ کو ہدایات دی ہیں کہ کوئی بھی mine ایسی نہیں ہو گی کہ جس کے باہر ڈسپنسری موجود نہ ہو۔ ہم mine owner کو bound کر رہے ہیں کہ وہ mine کے باہر ایک ڈسپنسری قائم کرے گا۔

جناب سپیکر: بہت اچھا کام کر رہے ہیں۔ اب اگلے سوال کو take up کرتے ہیں۔

جناب محمد الیاس: جناب سپیکر! میں بھی اس پر ضمنی سوال پوچھنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: چنیوٹی صاحب! اس بارے میں کافی زیادہ سوالات ہو چکے ہیں۔ آپ تشریف رکھیں۔ اگلا سوال جناب امجد علی جاوید کا ہے۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! سوال نمبر 241 ہے اور اس کا جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

جناب سپیکر: جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

ٹوبہ ٹیک سنگھ: ضلع بھر میں صنعتی یونٹس اور ان میں واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ سے متعلقہ و دیگر تفصیلات

***241: جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کتنے صنعتی یونٹس ہیں؟

(ب) مذکورہ صنعتی یونٹس سے نکلنے والا کیمیکل شدہ گندا اور زہریلا پانی کہاں ڈالا جاتا ہے؟

(ج) کیا مذکورہ صنعتی یونٹس میں واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ نصب کئے گئے ہیں اگر نہیں تو ان کے مالکان اور انتظامیہ کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے؟

(د) کیا چناب سپننگ ملز ٹوبہ ٹیک سنگھ، کمالیہ شوگر ملز اور چودھری شوگر ملز میں واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ نصب کئے گئے ہیں؟

وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری (جناب شافع حسین):

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کل 39 صنعتی یونٹس ہیں۔ تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) صنعتی یونٹس سے نکلنے والا آلودہ پانی قریبی سیم نہر یا گندا پانی نکالنے والے نالے میں ڈالا جاتا ہے۔

(ج) ضلع ہذا میں 39 میں سے 37 صنعتی یونٹس ایگرو بیسڈ ہیں جن سے کوئی کیمیکل فضلہ خارج نہیں ہوتا۔ بقایا دو عدد صنعتی یونٹوں کو محکمہ ماحولیات کی طرف سے نوٹس جاری کئے گئے ہیں۔ ان صنعتی یونٹوں کے نام ہیں۔ کمالیہ شوگر ملز۔ پراچہ گھی ملز۔

(د) چناب سپننگ ملز سے کوئی کیمیکل فضلہ خارج نہیں ہوتا۔ چودھری شوگر ملز 2016 میں ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ سے شفٹ ہو کر جنوبی پنجاب جا چکی ہے۔ کمالیہ شوگر ملز نے بنیادی ٹریٹمنٹ کا نظام نصب کیا ہوا ہے۔ تاہم بہتر نظام کی تنصیب کے لئے محکمہ ماحولیات نے اسے نوٹس جاری کیا ہے۔

جناب سپیکر: جی، کوئی ضمنی سوال ہے؟

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! محکمہ نے بڑی تفصیل کے ساتھ جواب دے دیا ہے تو میں جواب سے مطمئن ہوں۔ اس سوال کو dispose of کر دیا جائے۔

جناب سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔ اس سوال کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال محترمہ آشفہ ریاض کا ہے۔

سردار محمد علی خان: جناب سپیکر! میری گزارش ہے کہ محترمہ آشفہ ریاض کے اس سوال کو pend فرمادیں۔

جناب سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔ محترمہ آشفہ ریاض کے سوال نمبر 258 کو pend کیا جاتا ہے۔ اب وقفہ سوالات ختم ہوتا ہے۔ جی، حافظ طاہر صاحب!

جناب محمد طاہر: جناب سپیکر! کل یہاں ایوان میں وزیر آبپاشی آئے ہوئے تھے، ان سے بات چیت کی گئی اور اس کے بعد ہم ان سے علیحدگی میں بھی ملے تھے۔ وزیر آبپاشی نے ملاقات کے دوران مجھے کہا کہ آپ کے علاقے میں irrigation کے جو مسائل ہیں ان کے حوالے سے آپ سردار اویس لغاری صاحب سے ملیں۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا ہمارے صوبہ پنجاب میں آبپاشی کے وزیر اویس لغاری صاحب ہیں یا محمد کاظم پیرزادہ صاحب ہیں؟ میرا علاقہ سیلاب زدہ ہے اور وہاں پر محکمہ irrigation کے حوالے سے بہت سے مسائل ہیں۔ جب ہم وزیر آبپاشی جناب محمد کاظم پیرزادہ سے اس بابت بات کرتے ہیں تو وہ ہماری بات پر توجہ نہیں دیتے۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ انہیں سمجھائیں۔ وہ میرے علاقے کے مسائل کو حل کرنے کے لئے ضروری ہدایات جاری کریں کیونکہ وہ ہمارے وزیر آبپاشی ہیں کوئی اور نہیں ہے۔ بہت شکریہ

جناب سپیکر: جی، میں ان سے بات کرتا ہوں۔

وزیر کانکنی و معدنیات (سردار شیر علی گورچانی): جناب سپیکر! حافظ محمد طاہر صاحب کی بات درست ہے کہ ڈیرہ غازی خان اور میرے علاقے میں irrigation کے حوالے سے بہت سے مسائل درپیش ہیں۔ اس علاقے میں سیلاب کے حوالے سے بھی بہت زیادہ مسائل ہیں۔ میں نے معزز منسٹر صاحب سے request کی ہے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ راجن پور اور ڈیرہ غازی خان سے تعلق رکھنے والے تمام ایم پی اے صاحبان بشمول حافظ طاہر صاحب ہم وزیر آبپاشی جناب محمد کاظم پیرزادہ

صاحب سے دو تین روز تک ملاقات کریں گے اور irrigation کے حوالے سے تمام مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں گے۔

جناب سپیکر: جی، علی احمد خان لغاری صاحب! آپ بات کرلیں۔

جناب علی احمد خان لغاری: جناب سپیکر! سردار اویس لغاری صاحب ہمارے وفاقی وزیر توانائی ہیں اور وہ پانی کا محکمہ بھی دیکھ رہے ہیں۔ حافظ محمد طاہر صاحب نے جن مسائل کی نشاندہی کی ہے وہ رود کوہی سے related ہیں اور ان کو Federal Water Department دیکھتا ہے۔ میرے خیال میں وزیر آبپاشی کاظم پیرزادہ صاحب نے حافظ طاہر صاحب سے یہی کہا ہو گا کہ Federal Water Department and Provincial Irrigation Department مل کر اس حوالے سے میٹنگ کریں گے اور علاقے کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

جناب سپیکر: یہ بڑی معقول بات ہے۔ حافظ محمد طاہر صاحب! ابھی جو کچھ جناب علی احمد خان لغاری نے کہا ہے وہ بالکل درست ہے اور اسی طریقے سے آپ کے مسائل کو حل کیا جاسکے گا۔ Probably Provincial Irrigation Department has to sit with the Federal Water Department اور پھر شاید آپ کے مسائل حل ہو سکیں گے تو آپ ان سے ملیں۔

زیرو آور نوٹس

جناب سپیکر: اب ہم Zero Hour Notices کو take up کرتے ہیں۔ ہم دو Zero Hour Notices لیں گے۔ پہلا Zero Hour Notice No.63 جناب آفتاب احمد خان کا ہے۔ جی، رانا صاحب!

صوبہ بھر کے 13 ہزار سے زائد سرکاری سکولوں کو پرائیویٹ نہ کرنے کا مطالبہ

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے فوری نوعیت کے معاملے کو زیر بحث لایا جائے۔ معاملہ یہ ہے کہ ٹی وی چینل "سٹی 42" مورخہ 4۔ مئی 2024 کی خبر کے مطابق صوبہ بھر کے 13 ہزار سے زائد سرکاری سکولوں کو outsource کیا جائے گا۔ اساتذہ جو قوم کے معمار تصور کئے جاتے ہیں اُنہیں روزگار کے

مواقع فراہم کرنے کی بجائے اُنہیں بے روزگاری سے دوچار کرنے پر نہ صرف اساتذہ بلکہ اس ملک کے ساتھ سراسر ناانصافی اور زیادتی ہے لہٰذا مجھے اس مسئلے پر Zero Hour کے تحت بات کرنے کی اجازت دی جائے۔

جناب سپیکر: راناصاحب! اس پر آپ for five minutes statement دیں۔

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! شکریہ۔ جیسے کہ یہاں پر law and order پر بھی بحث ہوتی رہی ہے اور صحت پر بھی بحث ہوتی رہی ہے اس طرح Education is the most important sector. اگر کسی ملک کا نظام تباہ کرنا ہو تو اُس کا تعلیمی نظام تباہ کر دیا جاتا ہے۔ یہاں پہلے ہی امیر کے لئے اور تعلیم ہے، غریب کے لئے اور تعلیم ہے اور سکولوں میں drop out ratio بھی بہت زیادہ ہے۔ جن سکولوں میں غریب کا بچہ پڑھتا ہے اگر ہم ان سکولوں کو ختم کر دیں گے تو غریب کا بچہ کہاں جائے گا؟ qualified teachers بڑی دیر سے خدمت کر رہے ہیں وہ کہاں جائیں گے؟ یہ سراسر ایک زیادتی ہے اور ایک سوچی سمجھی سکیم ہے تاکہ ملک میں ایک ایسا نظام رائج کر دیا جائے جس میں صرف غریب پسے جیسے آپ کے سامنے زراعت کا حال ہوا ہے اور صحت کا حال ہو گیا ہے اس لئے میری یہ گزارش ہے کہ اس مسئلے کو زیر بحث لانے کے لئے آپ special time مقرر کریں تاکہ اس مسئلے پر سارا ایوان اپنی input دے کہ ان سکولوں کو اگر privatize بھی کرنا ہے تو اس میں ایک ایسی سکیم آئے تاکہ جو لوگ وہاں پر کام کرتے ہیں اُن کی ملازمت بھی ختم نہ ہو۔ آپ نے دیکھا ہو گا کہ یہ حکومت ملازمین کی عمر بڑھا رہی ہے تاکہ پنشن نہ دینی پڑے۔ میری یہ گزارش ہے کہ اس پر نظر ثانی کریں اور ان سکولوں کی حالت بہتر کریں، اساتذہ کی ٹریننگ بہتر کریں اور drop out ratio کو control کریں اس سے یہ فرق پڑے گا کہ غریب، مزدور اور کسان کا بچہ بھی پڑھ سکے گا۔ ان 36 اضلاع میں 13 ہزار سکول ایک بہت بڑا نمبر ہے اُن سکولوں کی حالت بہتر کی جائے، اُن سکولوں کے اساتذہ کی ٹریننگ کی جائے اور غریب لوگوں کے بچوں کو مفت تعلیم دی جائے تاکہ آپ کے آئین میں آرٹیکل 25 اور اس میں fundamental rights of human beings آتا ہے اُس پر یہ کام کر سکیں۔ میری یہ

گزارش ہے کہ ان سکولوں کو outsource نہ کیا جائے بلکہ ان سکولوں کی حالت بہتر کی جائے تاکہ غریب کے بچے بھی پڑھ سکیں۔

جناب سپیکر: راناصاحب! آپ یہ کہنا چاہ رہے ہیں کہ آرٹیکل 25 (a) somehow education کو impart کرنے کے لئے state کی responsibility ہے And outsourcing of this would amount to violating that Article of the Constitution?

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! It is very clear. Article-25 Equality of Citizen غریب کے لئے اور ہسپتال ہے اور امیر کے لئے اور ہے۔ کچھ لوگ مذاق بھی کرتے ہیں کہ آپ کے بچے تو ایچیسن سکول میں پڑھ سکتے ہیں But I can't afford it. میرے بچے ایچیسن میں نہیں پڑھ سکتے میرے لئے تو سرکاری سکول ہیں جہاں پر میرے بچے جائیں گے اس لئے ان سکولوں کو outsource نہ کریں بلکہ ان سکولوں کی حالت بہتر کریں تاکہ میرے بچے ان سکولوں میں پڑھ سکیں۔

جناب سپیکر: جی، وزیر موصوف! آپ اس کا جواب منگوالیں گے؟

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! وزیر تعلیم موجود نہیں ہیں میں اس کا جواب منگوالوں گا۔

جناب سپیکر: راناصاحب کا سوال بڑا pertinent ہے وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ Article-25 (a) of the Constitution says, imparting education to every citizen is the duty of the state. تو معزز محرک کہہ رہے ہیں کہ شاید آپ یہ جو privatization کی پالیسی لے کر جا رہے ہیں اس کے ساتھ state اپنی یہ گنجائش چھوڑ کر پرائیویٹ لوگوں کو بیچ میں enter کر رہی ہے۔

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! آپ کو بھی پتا ہے کہ وزیر اعظم نے 3 دن پہلے پورے ملک میں educational emergency نافذ کی ہے تو میرا خیال ہے کہ وزیر تعلیم کل آکر اس پر ایوان کو respond کریں گے۔

جناب سپیکر: وزیر صاحب! آپ وزیر تعلیم کو intimate کر دیں کہ وہ صبح ایوان میں آکر Zero Hour کے جواب پر بات کریں۔

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: Now, on list I had Ahmar Rasheed Bhatti, but I have been requested by Mr. Ijaz Shafi. Mr. Ahmar, could I take Mr. Ijaz Shafi, he says it is very important that I need to take it today. Mr. Ahmar Rasheed Bhatti.

جناب احمر بھٹی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ میں Zero Hour پر بات کرنے سے پہلے دو چیزوں کے بارے میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔ میں کل سے کوشش کر رہا تھا کہ اس پر Point of Order پر بات کروں لیکن مجھے موقع نہیں دیا گیا۔

جناب سپیکر: بھٹی صاحب! پہلے آپ اپنا Zero Hour نوٹس پڑھیں۔

لاہور: سر گنگا رام ہسپتال کی ایم آر آئی اور سی ٹی سکین مشینیں خراب ہونے کی وجہ سے مریضوں کو پریشانی کا سامنا

جناب احمر بھٹی: جناب سپیکر! میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے فوری نوعیت کے معاملے کو زیر بحث لایا جائے۔ معاملہ یہ ہے کہ روزنامہ "ڈان" مورخہ 29۔ اپریل 2024 کی خبر کے مطابق سر گنگا رام ہسپتال تباہ حالی کا شکار ہو چکا ہے۔ مریضوں کو صحت کے حوالے سے سہولیات میسر نہیں۔ گزشتہ 6 ماہ سے MRI and CT Scan Machines سٹورز میں خراب پڑی ہیں۔ CT Scan Machine کی 25 بیٹریاں چوری ہو چکی ہیں۔ مریضوں کو کسی بھی laboratories tests کی سہولیات میسر نہیں ہیں اور 6 ماہ سے مریضوں کے آپریشن نہیں ہو رہے لہٰذا مجھے اس مسئلہ پر Zero Hour کے تحت بات کرنے کی اجازت دی جائے۔

جناب سپیکر: جی، آپ 5 minutes میں اپنی بات کریں۔

جناب احمر بھٹی: جناب سپیکر! سر گنگا رام ہسپتال پاکستان کے قدیم ترین ہسپتالوں میں سے ایک ہے۔ یہ ہسپتال 1921 میں وجود میں آیا اور اس ہسپتال کی specialization زچہ و بچہ کی سہولیات فراہم کرنا ہے لیکن پچھلے کچھ عرصے سے یہ ہسپتال بہت بدحالی کا شکار ہے۔ ابھی چند روز

پہلے اسی "ڈان" اخبار میں ایک اور رپورٹ شائع ہوئی جس کے ذریعے ہمیں پتا چلا کہ وزیر اعلیٰ صاحبہ اور وزیر صحت 32 field hospitals بنانے جارہے ہیں تو میں درخواست کروں گا کہ آپ 32 field hospitals بنایئے ہی بنایئے لیکن ہمارے پاس جو موجودہ ہسپتال ہیں اُن کی طرف بھی توجہ دیں کیونکہ وہ ہسپتال بدحالی کا شکار ہیں۔ "ڈان" اخبار کی اُسی رپورٹ کے مطابق سر گنگارام ہسپتال میں جو مریض آرہے ہیں اُن میں 80 فیصد مریضوں کے tests نہیں کئے جارہے، 90 فیصد مریضوں کو ادویات فراہم نہیں کی جارہیں، 50 فیصد تک سرجریز میں کٹوتی کر دی گئی ہے، CT Scan and MRI Machines خراب حالت میں پڑی ہیں، CT Scan Machine کی مہنگی ترین بیٹریاں چوری ہو چکی ہیں اور ابھی تک انتظامیہ کی جانب سے اُس کی انکوائری نہیں کی گئی اور اس معاملے کو دبائے جانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ان ساری وجوہات کی بناء پر مریض مافیاز کے ہاتھوں مہنگے tests کروانے پر مجبور ہیں۔ آپ سے میری درخواست ہے کہ اس کی انکوائری کروائی جائے اور جو لوگ اس کے ذمہ دار ہیں اُن کا تعین کیا جائے۔

جناب سپیکر: جی، وزیر صحت!

وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن و پنجاب ایمرجنسی سروسز (خواجہ سلمان رفیق):

جناب سپیکر! روزنامہ "ڈان" میں مورخہ 29۔ اپریل 2024 کو شائع ہونے والی خبر حقائق پر مبنی نہیں ہے۔ سر گنگارام ہسپتال لاہور کے سی بلاک کی 2023 میں revamping ہوئی۔ جب معزز ممبر کی یہ تحریک آئی تو میں نے اس کو سارا چیک کیا ہے۔ CT Scan and MRI Machines چل رہی ہے اس میں کوئی ابہام نہیں ہے۔ وہاں پر بالکل revamping ہو رہی تھی اور بالکل معزز ممبر درست کہہ رہے ہیں کہ ہماری حکومت سے پہلے وہاں پر جنوری 2024 میں بیٹری چوری کا واقعہ پیش آیا تھا اُس پر کمیٹی constitute کی گئی ہے اُس کی میں نے ساری recommendations پڑھ لی ہیں۔ وہ بیٹریاں 13 لاکھ روپے مالیت کی تھیں جن کی FIR درج ہو چکی ہے۔ میں نے آج SP Investigation کو اپنے آفس بلایا تھا اُن کو تاکید کر دی گئی ہے کہ اس پر investigate کریں۔ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ کوئی بھی معزز ممبر اُس کا تعلق چاہے اس طرف کے benches سے ہو یا اُس طرف کے benches سے ہو اُن کے سوالات کو بالکل سنجیدہ بھی لیتے ہیں اور اُن پر عمل کرنے کی کوشش بھی کرتے ہیں۔

سر گنگارام ہسپتال مکمل طور پر functional ہے اور پچھلے دور میں ہم نے ہی اس ہسپتال کو فاطمہ جناح میڈیکل کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دیا تھا۔ میں اب تک وہاں پر 3 visit کر چکا ہوں ہسپتال میں renovation کا کچھ کام ہو رہا ہے جس کو ہم fast track میں مکمل کر رہے ہیں جس کے لئے 15۔ارب روپیہ C&W کو payment کر دی گئی ہے۔C&W اس ہسپتال میں shifts 2 میں کام کر رہا ہے اور جو wards renovate ہو رہی ہیں ہمارا target ہے کہ ہم اس کو 3۔جون تک مکمل کر لیں۔ CT Scan and MRI Machines اپنا کام کر رہی ہیں اور pathology lab بھی functional ہے۔ معزز ممبر اگر کوئی specifically بتائیں کہ فلاں test نہیں کیا جا رہا تو ظاہر ہے میں پھر ہی اُس کا جواب دے سکوں گا۔ emergency, indoor or OPD کے basic tests 95 فیصد کئے جا رہے ہیں اور کمی بیشی کو بھی ہم ان شاءاللہ دور کر لیں گے۔

جناب سپیکر: جی، یہ زیرو آور نوٹس dispose of کیا جاتا ہے۔ جناب احمر رشید بھٹی اور جناب وقاص محمود مان کے دو Zero Hour Notices وزیر لوکل گورنمنٹ سے متعلق ہیں۔ یہ پڑھے جا چکے ہیں۔ ان کا جواب آنا تھا۔ جی، وزیر لوکل گورنمنٹ!

حلقہ پی پی-165 رائیونڈ سٹی کا سیوریج سسٹم ناکارہ ہونے کی وجہ سے وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ (۔۔۔جاری)

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (جناب ذیشان رفیق): جناب سپیکر! Zero Hour Notice No.29/24 کی تحریک جب پیش کی گئی تھی تو اس پر آپ نے detail discussion کا آغاز کرایا تھا۔ میں پہلے اس کے متعلق بات کروں گا اس کے بعد ایک broader picture آپ کے سامنے رکھنا چاہوں گا۔ یہ بات حقیقت ہے کہ رائیونڈ سٹی میں سیوریج کے مسائل ہیں۔ اس سلسلہ میں short-term میں یہ کیا گیا کہ MCL کی طرف سے واسا کو desilting کے لئے تقریب 20 ملین کے فنڈز جاری کر دیئے گئے ہیں۔ واسا نے پہلے مرحلے میں جہاں پر زیادہ issues ہیں ان پر کام شروع کر دیا ہے۔

جناب سپیکر! یہ علاقہ واسا کے service area میں نہیں آتا۔ یہ اس کا بنیادی مسئلہ ہے۔ لاہور شہر کی تقریباً 62 فیصد آبادی اور 17 فیصد area کو واسا cater کرتا ہے۔ اس سلسلہ

میں وزیر اعلیٰ صاحبہ نے واسا کو ایک master planning کے لئے ہدایت جاری کر دی ہے کہ واسا لاہور کے maximum area کو اپنے service area میں لے کر آئے تاکہ ان مسائل کا حل ہو سکے۔

جناب سپیکر! اس کے علاوہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے لاہور کے overall مسائل کے لئے Lahore revamping program کے کام کے لئے بھی ہدایت جاری کی ہے۔ آئندہ تین چار ماہ میں انشاء اللہ تعالیٰ اس پر کام ہو جائے گا۔ ہمارے پنجاب میں water sanitation کا جو issue ہے اس کے پیچھے کچھ حقائق ہیں، میں نے پچھلی بحث کے دوران وہ حقائق آپ کے سامنے رکھے تھے۔ اس میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور لوکل گورنمنٹ کا آپس میں issue رہا ہے۔ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کام کرتا تھا لیکن اس کے O&M اس میں شامل نہیں ہوتے تھے۔ میں دوبارہ عرض کرتا ہوں کہ 2001 میں جب محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو ختم کیا گیا پھر 2004 میں اس کو revive کیا گیا لیکن اس کے اندر O&M کی cost شامل نہیں کی گئی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ والے ایک infrastructure بناتے ہیں۔ اس کے بعد اگر وہ دیہی علاقہ میں ہیں تو وہ کمیونٹی کے سپرد کر دیتے ہیں اور اگر شہری علاقہ میں ہیں تو وہ لوکل گورنمنٹ کے سپرد کر دیتے ہیں۔ ان کے لوکل گورنمنٹ کے ساتھ ہمیشہ issues رہے ہیں کہ کبھی وہ ان کے ڈیزائن کے اندر غلطی نکالتے ہیں اور کبھی کہتے ہیں کہ یہ proper نہیں بن سکے اس لئے ان کو چلانے میں issues آتے رہے ہیں۔

جناب سپیکر! پچھلے کابینہ کے اجلاس میں ایک سمری پہلے ہی منظور ہو چکی ہے کہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بطور executing agency لوکل گورنمنٹ کے کام کرے گی۔ ان کی execution کی ability بن چکی ہے۔ وہ execute کریں گے جس طرح ایک ماڈل محکمہ ہیلتھ اور محکمہ C&W کے درمیان چل رہا ہے۔ جیسے ہیلتھ کی سکیموں کو execute محکمہ C&W کرتا ہے۔ اسی طرح سکیمیں لوکل گورنمنٹ کی ہوں گی تاکہ جب یہ مکمل ہوں تو فوری طور پر لوکل گورنمنٹ کے سپرد کی جائیں۔

جناب سپیکر! پنجاب میں یہ issue رہا ہے کہ بہت سے کام مختلف محکمے کرتے ہیں۔ ان کی آپس میں کوئی coordination نہیں تھی۔ اس سلسلہ میں وزیر اعلیٰ پنجاب نے ہدایات جاری

کی ہیں کہ ایک entity under one umbrella بنائی جائے گی تو انشاء اللہ تعالیٰ یہ سارے محکمے کام کریں گے تاکہ overlapping نہ ہو، جس کی ذمہ داری ہو اسے fix کیا جا سکے اور planning کے تحت کام کیا جا سکے۔ یہ نہ ہو کہ سڑک بن گئی ہے اور پھر سیوریج والے آ جائیں اور سڑک کھود کر دوبارہ کام کیا جائے۔ اس طرح کے سارے issues کو resolve کرنے کے لئے ایک entity پر کام ہو رہا ہے۔ اس پر انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ایک سسٹم بن جائے گا۔ ہم اسے ہاؤس میں بھی لے کر آئیں گے اور آپ کے سامنے رکھیں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب احمر بھٹی! Zero Hour پر آپ نے پانچ منٹ پہلے بات کر لی ہے۔ میں آپ کو صرف rules کے ساتھ کہنا چاہتا ہوں This is un-warranted against the law against the procedure لیکن آپ اب بات کر لیں لیکن مختصر کریں تاکہ اس پر بحث کی روایت نہ پڑے۔

جناب احمر بھٹی: جناب سپیکر! شکریہ۔ میں وزیر صاحب کو صرف یہ بتانا چاہوں گا کہ رائیونڈ شہر بہت اہمیت کا حامل ہے۔ یہاں پر وزیر اعلیٰ صاحبہ کی بھی رہائش ہے اور وزیر اعظم کی بھی رہائش ہے۔ آپ کبھی رائیونڈ جا کر اس کا حال تو دیکھیں کہ اس کے ساتھ ہمیشہ سے سوتیلی ماں والا سلوک کیا گیا ہے۔ رائیونڈ لاہور شہر کو پالتا ہے۔ رائیونڈ میں صنعتی ادارے کام کر رہے ہیں جہاں سے آپ ٹیکس اکٹھا کرتے ہیں لیکن وہ ٹیکس رائیونڈ شہر پر نہیں لگایا جاتا۔ انہوں نے ذکر کیا کہ رائیونڈ کی desilting کے لئے واسا کو 20 ملین کے فنڈز جاری کئے گئے ہیں جبکہ واسا تو رائیونڈ میں operate ہی نہیں کرتا۔ رائیونڈ میں نہ واسا operate کرتا ہے، نہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ operate کرتی ہے اور نہ MCL operate کرتی ہے۔ ہمارے اوپر وہ فنڈز استعمال کیسے ہوں گے؟

جناب سپیکر: احمر صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ منسٹر صاحب! آپ نے یہ کہا ہے کہ آپ ایک پالیسی وضع کر رہے ہیں جس میں آپ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی سکیمیں جن میں سیوریج، ڈرینج اور واٹر سپلائی سب شامل ہیں۔ آپ ان کی ownership لوکل گورنمنٹ کو دے رہے ہیں۔

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (جناب ذیشان رفیق): جناب سپیکر! جی بالکل۔ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور لوکل گورنمنٹ کا جو issue ہے اس میں سکیمیں لوکل گورنمنٹ کی ہوں گی

لیکن ان کو execute پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کرے گا تاکہ اس کی total ownership ان کے پاس رہے لیکن واسا اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اپنی اپنی domain میں یہی کام کر رہے ہیں اور لوکل گورنمنٹ والے بھی یہی کام کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی بلدیہ کے مختلف ادارے بھی یہی کام کر رہے ہیں۔ ان سب کو ایک umbrella اور ایک entity کے under لانے کے لئے کام کیا جا رہا ہے۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! آپ یہ اچھا initiative لے رہے ہیں۔ اب آپ دوسرے zero hour کا بھی جواب دے دیں۔

صوبہ بھر کی مویشی منڈیوں میں ٹھیکیداروں سے قواعد وضوابط پر عملدرآمد کروانے کا مطالبہ (۔۔۔جاری)

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (جناب ذیشان رفیق): جناب سپیکر! Zero Hour Notice No.39/24 کے حوالے سے عرض ہے کہ میرے دوست نے اس میں جو issue raise کیا ہے۔

جناب سپیکر! انہوں نے جن services جیسے پرالی، چارہ، تندی، چارپائی اور کھرلی وغیرہ کا ذکر کیا ہے۔ انہوں نے زبردستی بھتہ وصول کرنے کا ذکر کیا ہے۔ اس میں اہم بات یہ ہے کہ 2014 میں جب میاں شہباز شریف صاحب وزیر اعلیٰ تھے اس وقت انہوں نے مویشی منڈیوں کی فیس کو ختم کر دیا تھا۔

(اس مرحلہ پر جناب ڈپٹی سپیکر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر! اس کے بعد 2020 میں جب میرے بھائی جنہوں نے یہ بات پوچھی ہے ان کی حکومت تھی انہوں نے دوبارہ مویشی منڈیوں پر فیس لگادی۔ انہوں نے جن کا ذکر کیا ہے یہ allied services ہیں۔ یہ باقاعدہ notified ہیں اس لئے notified allied services کے عوض ان سے پیسے لئے جاتے ہیں یا فیس لی جاتی ہے۔ بہت شکریہ۔

پوائنٹ آف آرڈر

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، قائد حزب اختلاف!

پی ٹی آئی کے ورکر میاں نعیم اور مفتی اشفاق کے گھر پر پولیس کی توڑ پھوڑ اور گوادر میں خانیوال کے سات بے گناہ شہریوں کے قتل کا معاملہ

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! دو اہم مسائل ہیں۔ میں ان کی جانب آپ کی توجہ دلاؤں گا۔ میں آپ کے توسط سے یہ ضرور عرض کروں گا کہ حکومتی ممبران کے پاس بات کرنے کے لئے کافی forum ہوتے ہیں۔ ہمارے پاس صرف پوائنٹ آف آرڈر کے علاوہ کوئی forum نہیں ہوتا۔ میرے دو تین پوائنٹ آف آرڈر اکٹھے ہو چکے ہیں۔

جناب سپیکر! پہلی بات یہ ہے کہ کل ایک واقعہ اتحاد ٹاؤن میں ہوا ہے۔ میرے پاس ثبوت بھی ہیں۔ ہمارے PTI کے ورکر میاں نعیم اور مفتی اشفاق صاحب کے گھر پر پولیس نے raid کیا اور جس طرح پولیس والے میاں اسلم اقبال کی بچی کا جہیز اٹھا کر لے گئے تھے اسی طرح ان کی بچیوں کا جہیز بھی اٹھا کر لے گئے ہیں۔ انہوں نے گھر کی توڑ پھوڑ بھی کی ہے۔ ہمارے پاس اس کی ویڈیو بھی موجود ہے۔ میں آپ کے توسط سے چاہوں گا کہ اس کی انکوائری کی جائے۔ یہاں وزیر پارلیمانی امور بھی بیٹھے ہیں۔ میری ان سے آپ کے توسط سے درخواست ہو گی کہ اس پر آپ ضرور ایکشن لیں دیکھیں جس پارٹی کے بھی کارکن ہوں بہو، بیٹیاں، بچیاں سب کی سانجھی ہوتی ہیں۔ پارٹی کے نظریات کے خلاف اور آپ کی اپنی affiliations پر اختلاف رائے ہو سکتی ہیں لیکن اس طرح نہیں ہوتا ہمارے پاس ویڈیو ثبوت بھی ہیں۔ میں پارلیمانی امور کے منسٹر صاحب اگر کہیں گے تو جناب میں ان کو پیش کر دوں گا ایک اور واقع ہوا ہے اس پر میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سر بند ایریا ہے گوادر میں وہاں پر ہمارے جنوبی پنجاب کے شہری جو خانیوال سے گئے ہوئے تھے ان سات بے گناہ شہریوں کو دہشت گردوں نے رات کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا میں تو کہوں گا کہ وہ شہید ہوئے ہیں۔ آپ کا تعلق بھی چونکہ جنوبی پنجاب سے ہے میں آپ کے توسط سے پارلیمانی امور کے منسٹر کو یہ بھی ریکویسٹ کروں گا

کہ ان کے ساتھ کوئی Provincial ہو وہاں پر صرف پنجابی ہی مارے جا رہے ہیں تو کچھ نہ کچھ تو ان کا خیال کیا جائے اس سلسلے میں ان کو یہ ضرور ریکویسٹ کروں گا کہ ہماری یہ دو باتیں نوٹ کر لیں اور اس پر ایکشن لیں اور تحقیق کر کے ہمیں بتایا جائے یہ نہ ہو کہ پھر کمیٹی کمیٹی کھیل دیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وزیر پارلیمانی امور!

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! جو پہلی بات انہوں نے کی اپنے پی ٹی آئی کے ورکرز کے حوالے سے کی کیونکہ ہم پولیٹیکل لوگ ہیں ہم سمجھتے ہیں کہ اس طرح ورکرز کے ساتھ نہیں ہونا چاہیے کسی بھی پارٹی سے ان کا تعلق ہو تو اس پر بالکل میں ان سے نام لے لیتا ہوں ہم اس کو دیکھ لیتے ہیں اگر اس میں کوئی اس طرح کی چیز ہوئی ہے تو بالکل اس پر میں IG پنجاب سے کہوں گا کہ پولیس کو ذرا instruct کریں گے آئندہ سے پولیٹیکل پارٹی کے ورکرز کی چادر اور چار دیواری کا خیال رکھا جائے اور اس طرح کی کوئی چیز نہ ہو۔ دوسرا جو انہوں نے ایشوریز کیا وہ کیونکہ دوسرے province کے حوالے سے اس کی بھی میں ان سے detail لے لیتا ہوں اور پھر related ہمارا جو ڈیپارٹمنٹ سے کہوں گا کہ ہمیں اس پر brief کر دے تو وہ پھر میں دونوں چیزیں ان کو next session پر اسمبلی کے فلور پر بتا دوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب اس پر پوری انکوائری کروایں اور بلکہ مجھے اس کی رپورٹ بھی دیں۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! میں نے اس پر قرارداد بھی جمع کروائی ہے اور سپیکر صاحب نے آرڈر پاس کیا تھا کہ ہم اس کو out of turn لیں گے یا کل چیئر نے اناؤنس کیا تھا میں نے قواعد کی معطلی کی تحریک بھی جمع کروادی ہے اور اس پر قرارداد بھی جمع کروادی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، یہ قرارداد اس کے related ہے۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! جی، یہ جو بلوچستان میں پنجابی قتل کئے گئے ہیں اس حوالہ سے ہی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! ہمارے معزز رکن امجد صاحب کی سپیکر صاحب نے کہا تھا کی out of turn قرارداد لیں گے تو میں ریکویسٹ کروں گا کہ اگر آپ آج اس کو لے لیں جو انہوں نے قرارداد جمع کروائی ہوئی ہے۔ اسی ایشو پر ہے۔

زیرو آور نوٹس (۔۔۔جاری)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، گورنمنٹ بزنس کے بعد اس کو take up کرتے ہیں۔ جی، اگلا 99/24 Zero Hour جناب احمد خان کا ہے concerned minister تشریف رکھتے ہیں میرے خیال سے یہ یہاں پر already take up ہو چکا ہے۔

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! جی نہیں، میں نے تو اس کو ابھی تک پڑھا نہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس کو pend کیا تھا لیکن اب اس کا جواب آ گیا ہے منسٹر صاحب سے جواب لے لیتے ہیں۔

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! منسٹر صاحب جواب دے دیں مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے بعد میں اگر کچھ رہ گیا تو میں اس پر بات کر لوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک دن میں صرف دو zero hours پڑھ سکتے ہیں خواجہ صاحب یہاں پر موجود ہیں تو اس کا جواب بھی آ گیا ہے تو اس کا منسٹر صاحب جواب دے دیتے ہیں۔

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! میں نے اس کو ابھی تک پڑھا بھی نہیں میں تو اس لئے چپ ہو گیا کیوں کہ سپیکر صاحب نے کہا کہ آج صرف دو ہی take up ہو سکتے ہیں انہوں نے ایک رانا صاحب اور دوسرا احمر رشید بھٹی صاحب کا take up کر لیا ہے میں نے سمجھ لیا میرا شاید next session میں آ جائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رولز میں ہم صرف دو ہی take up کر سکتے ہیں۔

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! پہلے سپیکر صاحب تشریف فرما تھے انہوں نے احمر رشید بھٹی صاحب اور رانا صاحب کا take up کر لیا تھا تو میرا اس کے بعد رہ گیا تھا اگر منسٹر

صاحب کے پاس جواب ہے تو دیکھ لیں میں نے تو ابھی اس کو پڑھنا ہے۔ مجھے تو اس میں بھی کوئی اعتراض نہیں ہے کہ اگلی دفعہ اگر اس کو take up کر لیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اگر آپ پڑھنا چاہتے ہیں تو آپ پڑھ لیں۔

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کا سرکاری ہسپتالوں میں انجیوگرافی کی سہولیات ٹھیکہ پر دینے کا معاملہ

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے فوری نوعیت کے معاملے کو زیر بحث لایا جائے معاملہ یہ ہے کہ مورخہ 18۔اپریل 2024 روزنامہ "دنیا" کی خبر کے مطابق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے سرکاری ہسپتالوں میں انجیوگرافی کی سہولیات ٹھیکے پر دینے کی منظوری دے دی ہے نجی کمپنیاں 13 ٹیچنگ ہسپتالوں میں انجیوگرافی، انجیوپلاسٹی کی مشینیں نصب کریں گی اور مرمت کی مد میں چارجز وصول کریں گی ایک انجیوگرافی کا 11 ہزار 750 روپے اور انجیوپلاسٹی کا 15 ہزار 750 روپے لیا جائے گا لہٰذا مجھے زیرو آور کے تحت اس پر بات کرنے کی اجازت دی جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: منسٹر صاحب کے پاس اس کا جواب آگیا ہے جواب تو سن لیں۔

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! میں نے جناب اس پر بات کرنی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، آپ بات کر لیں۔

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! اس میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ دنیا نیوز ایک بہت معتبر نیوز پیپر ہے تو اس میں یہ خبر آئی ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومت نے ریاست کو جو بنیادی facilitate کرنا ہے جو شہری کا حق ہے تو اس میں تعلیم اور صحت یہ تو جناب مفت دینی چاہئے ابھی تک 2008 سے 2018 تک پنجاب میں ان کے پاس absolute majority رہی ہے اور 2013 سے 2018 تک مرکز میں بھی مسلم لیگ ن کی حکومت تھی اس وقت کی پوزیشن یہ ہے کہ پہلے جیسے رانا صاحب نے زیرو آور میں بات کی کہ سکولوں کو out source کیا جا رہا ہے تو میرے خیال میں غریب آدمی جس طرح آج مہنگائی میں دبا ہوا ہے یہ بھی اس پر ظلم ہونے جا رہا

ہے دیکھیں ادھر پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی سنٹر کے بعد ایک فیصل آباد میں بھی ہے۔ اب اگر گزشتہ تین سال ہماری حکومت کے نکال دیئے جائیں تو 10 سال 12 سال میں اِنہوں نے ابھی ایک ہی چلڈرن ہسپتال پر اکتفا کیا اور ہمارے علاقے سے جب لوگ PIC میں آتے ہیں تو انہیں انجیوگرافی کے لئے تین تین مہینے کے تاریخیں ملتی ہیں اور at the same time اگر وہ فیس دیں تو انہیں دو یا تین دن کی تاریخ مل جاتی ہے۔ انجیوگرافی means کہ determine ہو چکا ہوتا ہے کہ آپ کو دِل کی تکلیف ہے اور انجیوگرافی میں صرف یہ پتا کرنا ہوتا ہے کہ آپ کی veins کتنی بند ہیں اور اِن کی کیا پوزیشن ہے۔ باقی یہ determine ہو چکا ہوتا ہے کہ آپ دِل کے مریض ہیں تو اب یہ ٹھیکے پر دیئے جا رہے ہیں۔ اِس قسم کے ٹیسٹ کو اگر آپ ٹھیکے پر دے دیں گے تو مجھے یہ بتائیں کہ انجیوگرافی کے مریضوں کا کیا حال ہو گا؟

جناب سپیکر! اِس حوالے سے ہمیں clarification چاہئے کہ یہ اگر ٹھیکے پر دے رہے ہیں تو کون سی category ہے۔ ٹھیک ہے ایک certain آپ لگائیں اگر امیر لوگوں سے پیسے لینے ہیں تو لیں۔ ایک غریب آدمی جو میانوالی، رحیم یار خان یا بہاولنگر سے آئے گا تو آپ 11 ہزار اور 15 ہزار روپے یہ لگا لیں اور 10 ہزار اور 15 ہزار روپے اِس کے آنے جانے کا یعنی وہ لاہور آئے گا تو اسے خرچہ 50 ہزار روپے پڑ جائے گا۔ منسٹر صاحب چونکہ پرانے پارلیمنٹیرین ہیں اور پہلے بھی اِسی محکمہ کے دو تین بار منسٹر رہ چکے ہیں جبکہ ہم colleague بھی رہے ہیں تو انہیں یہ ضرور دیکھنا چاہئے کہ غریب عوام پر یہ بہت بڑا ظلم ہونے جا رہا ہے۔ اگر آج اِن کے پاس جواب موجود ہے تو بے شک جواب دے دیں اور اگر نہیں ہے تو مکمل تیاری کر کے جواب دیں کہیں یہ نہ ہو کہ جس طرح ہمارے لوکل گورنمنٹ کے وزیر نے ایک بات کی ہے جس کی میں clarification کرتا جاؤں کہ اِنہوں نے کہا ہم نے "کیٹل فارم" اور "کیٹل منڈیوں" پر ٹیکس لگائے تھے جو کہ غلط ہے کیونکہ اِنہوں نے floor of the House بات کی ہے تو میں اِن کی correction کر رہا ہوں کہ مختلف کیٹل کمپنیاں تھیں جو کہ شہباز شریف صاحب نے بنائی تھیں جن کا 2013 اور 2018 کے دور میں بڑا "رولا" پڑا تھا تو یہ کمپنیاں اُن کے دور میں بنی تھیں اور ہمارے دور میں اِن پر implementation ہوا تھا لیکن کمپنیاں اُنہوں نے بنائی تھیں تو ایک تو یہ clear ہو گیا اور

دوسرے نمبر پر اگر منسٹر صاحب کے پاس جواب تیار ہے تو well and good اگر نہیں ہے تو ہمیں اِس کی پوری detail چاہئے۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن و پنجاب ایمرجنسی سروسز (خواجہ سلمان رفیق): جناب سپیکر! شکریہ۔ محترم اپوزیشن لیڈر کا اِس معاملے پر بڑا concern ہے اور میں اِس کا بڑی وضاحت کے ساتھ جواب دوں گا۔ اگر وہ اِس پر discussion کرنا چاہیں تو میں ابھی بھی available ہوں اور پُورے پنجاب کے حوالے سے کم از کم cardiac services کے issue پر بات کرنے کے لئے بالکل تیار ہوں۔ گزارش ہے کہ pay for performance کیوں کی گئی اور اسے outsource کیوں کیا گیا؟ سب سے پہلے اِس وجہ کو جاننا ضروری ہے۔ ہر حکومت کی ذمہ داری ہے کہ عام اور غریب آدمی کو صحت کی سہولت اُس کی دہلیز پر دے۔ کس نے کتنا کس دور میں کام کیا بہر حال یہ سوالیہ نشان ہے۔ ہم نے اپنے پچھلے دور میں بہاولپور میں بھی "کارڈیک انسٹیٹیوٹ" بنایا، راولپنڈی میں بھی بنایا، وزیر آباد کو فعال کیا اور next ہم اِن شاءاللہ رحیم یار خان میں اِسی سال افتتاح کر رہے ہیں۔ اِس کے بعد ساہیوال اور باقی شہروں میں cardiac services لے کر جائیں گے۔ Particular جب معزز اپوزیشن لیڈر اِس حوالے سے بات کرنے سے پہلے مجھ سے ہی تھوڑا سا پُوچھ لیتے تو شاید یہ سوال کرنے کی نوبت نہ آتی لیکن ان کا حق ہے کہ اُنہوں نے ایوان میں بات کرنی ہے۔ گزارش یہ ہے کہ MRI، C.T scan مشینیں یا Cath labs ہوں، بعض اوقات جب خراب ہو جاتی ہیں تو اِنہیں ٹھیک کرتے کرتے کمپنی کے ساتھ ایک وقت لگتا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو مشکل آتی ہے اور que لگ جاتی ہے۔ یہ ہم outsource pay for performance لانے کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ پہلی بات تو یہ ہے کہ اس payment کا ایک ایک روپیہ تو حکومت ادا کرے گی۔ کسی سے بھی اِس کا ایک روپیہ نہیں لیا جائے گا۔ اِس کا فائدہ یہ ہو گا کہ 30 Cath labs کی مالیت 5۔ارب روپے ہے تو سب سے پہلے جو vender یا کمپنی آ رہی ہے وہ اپنے پیسوں میں مشین لگائے گی اور per patient اس کو payment حکومت کرے گی جس سے غریب آدمی کو مشین اور دیگر چیزیں اِسے تواتر سے ملیں

گی No 1 and No 2 انہی Cath labs کے حوالے سے ہم نے تین دن پہلے وزیر اعلیٰ صاحبہ کی chair میں میٹنگ کی تو نئے شہر بھی اِن میں ڈال دیئے گئے ہیں جن میں اٹک، جہلم، لیہ، بہاولنگر، میانوالی اور ساتھ میں مری بھی ڈالا گیا ہے۔ اِنہوں نے بالکل درست فرمایا کہ صحت کی سہولت کو بہتر کرنا ہے تو ہمارا ٹارگٹ یہ ہے اور ہم یہ confess کرتے ہیں کہ ideal صورتحال تو نہیں ہے اور انٹرنیشنل سٹینڈرڈ تو نہیں ہے لیکن میں یہ ضرور کہنا چاہوں گا کہ کاش! پچھلے چار سالوں میں کوئی ایک "کارڈیک انسٹیٹیوٹ" بن جاتا۔ اگر اپوزیشن لیڈر کہیں گے تو میں پچھلے دس سال کی کارکردگی بھی بتانے کے لئے تیار ہوں کہ ہم نے پنجاب کے کس شہر میں اِس حوالے سے کیا کیا کام کیا۔ ہر ضلع کے ہسپتال کو renovate مسلم لیگ(ن) نے کیا۔ ہر ضلع میں سی ٹی سکین مشینیں لے کر مسلم لیگ(ن) ہی گئی۔ میری گزارش یہ ہے کہ میں ensure کرتا ہوں محترم اپوزیشن لیڈر اور اِس ہاؤس کو کہ pay for performance purely system کو بہتر کرنے کے لئے ہے اور ہر مریض کا مکمل خرچہ حکومت pay کرے گی۔

جناب سپیکر! ہر مشین کا 10 سے 15 فیصد maintenance کا خرچہ ہے جو اس سسٹم سے بچ جائے گا، کئی ارب روپے کی بچت ہو گی اور مشینیں بھی فوری لگ جائیں گی۔ ہماری جو primary PC آئی ہے جس کی وجہ سے خدانخواستہ کسی کو angina pain ہو تو فوری طور پر اُسے صحت کی سہولت شہر میں ملے گی اور ٹارگٹ یہ ہے کہ ہم آنے والے وقت میں اِسے ہر ضلع میں لے کر جائیں۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔ اسے dispose of کیا جاتا ہے۔

تحاریک استحقاق

جناب ڈپٹی سپیکر: Now we take up Privilege Motions پہلے mover ملک واصف مظہر صاحب!

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: قریشی صاحب! دومنٹ تشریف رکھیں ناں۔ جی، ملک واصف مظہر صاحب کی تحریک استحقاق ہے۔۔۔ تشریف نہیں رکھتے تو اسے pend کرتے ہیں۔

محترمہ صفیہ سعید: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! ابھی آپ تشریف رکھیں۔ اگلی تحریک استحقاق نمبر 24/3 جناب محمد الیاس!

ڈی پی او چنیوٹ کا معزز ممبر اسمبلی کے ساتھ تضحیک آمیز روّیہ

جناب محمد الیاس: جناب سپیکر! شکریہ۔ میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ میں مورخہ 15۔ اپریل 2024 کو اپنے ساتھی سرفراز احمد اور وقار کے ہمراہ D.P.O چنیوٹ کے دفتر میں عوامی کاموں کے سلسلہ میں ملاقات کرنے کے لئے گیا۔ میرے علم میں تھا کہ اِس وقت کوئی آن لائن میٹنگ نہیں ہے، کسی سرکاری اہم آفیسر کو جناب D.P.O فون بھی نہیں کر رہے، ایک آدھ شہری بیٹھا ہوا تھا، مجھے کہا گیا کہ D.P.O آن لائن ویڈیو کال کر رہے ہیں اور آپ باہر انتظار کریں۔ میں دفتر کے باہر انتظار کرتا رہا اور میری ملاقات نہ کروائی گئی۔ بعد میں D.P.O نے اپنے دفتر میں بیٹھے ہوئے بندے سے کہا کہ دیکھا میں نے مولوی صاحب کو کیسا چکر دیا ہے اور وہ بندہ شہر میں مختلف لوگوں کو بتا رہا کہ میری موجودگی میں D.P.O نے مولوی صاحب کو چکر دیا ہے۔ D.P.O کے اِس رویہ سے میرا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ میں نے تو لوگوں کے مسائل حل کروانے کے لئے دفاتر میں جانا ہی ہوتا ہے۔ D.P.O نے منتخب ممبر صوبائی اسمبلی کے ساتھ یہ روّیہ اختیار کر کے میرا ہی نہیں پوری اسمبلی کا استحقاق بھی مجروح کیا ہے لہٰذا میری اِس تحریک کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور اِسے باضابطہ قرار دیتے ہوئے مجلس استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وزیر پارلیمانی امور!

آوازیں: جناب سپیکر! اِسے کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بالکل آپ درست فرما رہے ہیں کیونکہ الیاس چنیوٹی صاحب انتہائی honorable member ہیں اور علاقے کے جو بھی مسائل ہوں وہ اُن کی دہلیز پر حل ہونے چاہئیں۔

وزیر خزانہ وپارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! بالکل اِسے کمیٹی کے لئے accept کرتے ہیں لیکن Special Committee ہے تو یہ تحریک وہاں جائے گی کیونکہ Privilege Committee اِس وقت constitute نہیں ہوئی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔ اسے سپیشل کمیٹی نمبر 1 کو refer کرتے ہیں۔ اگلی تحریک استحقاق نمبر 24/4 جناب شاہد جاوید کی ہے۔

ڈی ایس پی تھانہ بٹالہ کالونی فیصل آباد کا معزز ممبر اسمبلی کے ساتھ نامناسب روّیہ

جناب شاہد جاوید: جناب سپیکر! شکریہ۔ میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ مورخہ 26۔ اپریل کو ہم تھانہ بٹالہ کالونی کے علاقہ اقبال کالونی فیصل آباد میں قانون اور آئین کے تابع ناجائز مقدمات اور ہمارے قائدین کی بے جا حراست کے خلاف پُر امن احتجاج کر رہے تھے کہ ڈی ایس پی میاں منیر وہاں پولیس کی بھاری نفری کے ساتھ آ گئے اور ہمارے کارکنان کی پکڑ دھکڑ شروع کر دی۔ جب میں نے اِس بارے میں آفیسر موصوف کو کہا کہ ہم پُر امن احتجاج کر رہے تھے جو کہ ہمارا آئینی حق بھی ہے تو اس پر موصوف آفیسر نے میرے ساتھ بد تمیزی کرنا شروع کر دی۔ میں نے متعلقہ آفیسر کو کہا کہ میں پنجاب اسمبلی کا منتخب رکن ہوں لیکن ڈی ایس پی صاحب نے میری ایک بات نہ سُنی اور کہا کہ مجھے افسران بالا کا یہی حکم ہے بلکہ مجھے گرفتار بھی کیا جس کی ویڈیو اور footages بھی موجود ہے۔

جناب سپیکر! میں اِس معزز ایوان کا رکن ہوں اور موصوف پولیس آفیسر نے میرے ساتھ ورکرز کے سامنے جو بد سلوکی کی اِس سے میری سیاسی ساکھ کو نقصان پہنچا ہے اور بطور رکن اسمبلی نا صرف میرا بلکہ پورے اِس ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے لہٰذا میری اِس تحریک کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور اِسے باضابطہ قرار دیتے ہوئے سپیشل کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔ اِسے بھی سپیشل کمیٹی کے سپرد کیا جاتا ہے۔ جی، منسٹر صاحب!

(نعرہ ہائے تحسین)

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! Accepted ٹھیک ہے اِسے سپیشل کمیٹی کو refer کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، اِس تحریک استحقاق کو بھی سپیشل کمیٹی نمبر 1 کے سپرد کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک استحقاق نمبر 24/5 چودھری محمد طارق صاحب کی ہے۔

ایس ایچ او اور سب انسپکٹر گوجرانوالہ کی معزز ممبر اسمبلی کے گھر پر توڑ پھوڑ اور فیملی کو ہراساں کرنا

چودھری محمد طارق: جناب سپیکر! میں حال ہی وقوع پذیر ہونے والے ایک اہم اور فوری مسئلے کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ مورخہ 26۔ اپریل 2024 کو رات تقریباً 10 بج کر 15 منٹ پر فراز احمد چیمہ SHO، سب انسپکٹر ناصر مسیح نے ہمراہ بھاری نفری میرے گھر پر دھاوا بولا، چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے بلا سرچ وارنٹ میرے گھر کا دروازہ توڑ کر گھر میں غیر قانونی طور پر داخل ہوئے اور خواتین کے ساتھ بدتمیزی کی۔ تقریباً ایک گھنٹے تک میرے گھر پر زبردستی قبضہ جمائے رکھا، میری فیملی کو ہراساں کیا گیا، میرے بارے میں پوچھ گچھ کرتے رہے اور کہا کہ ہمیں SP سٹی ڈاکٹر غیور کا حکم ہے کہ مجھے ہر حال میں گرفتار کرنا ہے۔ جب میں گھر پر نہ ملا تو میرے گھر کے اندر توڑ پھوڑ شروع کر دی اور قیمتی فرنیچر توڑ دیا۔ میری چیک بک اور دیگر دستخط شدہ اصل کاغذات بھی اٹھا کر لے گئے۔ میں ایک معزز رکن اسمبلی ہوں اور میرے خلاف کوئی سرچ وارنٹ بھی نہ تھے لیکن اس کے باوجود پولیس نے میرے گھر پر دعویٰ بولا، چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کیا گیا اور میرے گھر میں لاکھوں کا نقصان کیا۔ میری فیملی کو ہراساں کیا گیا۔ اس پولیس گردی سے نا صرف میرا بلکہ پورے اس ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ لہٰذا میری اس تحریک کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور اس کو باضابطہ قرار دیتے ہوئے سپیشل کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وزیر پارلیمانی امور!

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور(جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! ہم محکمے سے رپورٹ منگوا لیتے ہیں اس کے بعد پھر آپ اسے accept کیجئے۔(شور وغل)

جناب ڈپٹی سپیکر: چلیں، رپورٹ تو آنے دیں۔

معزز ممبران حزب اختلاف: اس کو سپیشل کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چلیں، ٹھیک ہے تحریک استحقاق نمبر 5/24 کو بھی سپیشل کمیٹی کے سپرد کرتے ہیں۔ آپ جیسے راضی ہوں۔

قائد حزب اختلاف(جناب احمد خان): جناب سپیکر! میں بھی استحقاق کمیٹی کا ممبر رہ چکا ہوں۔ چاہے ٹریژری بنچوں کے ممبران ہوں یا اپوزیشن کے ممبران ہوں ہمارے پاس Privilege Committee بہت بڑا فورم ہے۔ کوئی ممبر بھی یہ نہیں چاہے گا کہ یہاں پر ویڈیو ریکارڈ ہو، اس میں وہ یہ کہہ کر اپنی بے عزتی کرائے کہ میرے ساتھ یہ یہ ہوا ہے۔ وہ یہاں اُس وقت آتا ہے جب اُس کے پاس کوئی اور راستہ نہیں ہوتا۔ چاہے وہ جس سائیڈ کا بھی ممبر ہو۔ پہلے یہ ہوتا رہا ہے اور ہمیشہ یہی پریکٹس رہی ہے کہ جو ممبر اپنی تحریک استحقاق کو اسمبلی میں پیش کرتا ہے تو اُس کو کمیٹی کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔ وہاں پر بھی ہمارے بھائی بیٹھے ہوتے ہیں وہاں ضرور کچھ نہ کچھ حل نکل آتا ہے۔ وہ حل ہوتا ہے باعزت۔ اگر ہم رپورٹ منگوانے پر آجائیں تو یہ ٹھیک نہیں ہے۔ ہماری عزت ہے، ہم پانچ پانچ لاکھ آبادی کے ممبر ہیں اور ہماری حتی الوسع یہ کوشش ہوتی ہے کہ ہماری عزت بچے۔ ہم عزت دار لوگ ہوتے ہیں اور جب ہم اس ہاؤس میں آکر تحریک استحقاق پڑھتے ہیں تو وہ ریکارڈ کا حصہ بنتا ہے اور کوئی بھی ممبر اپنی بے عزتی کرانا نہیں چاہے گا۔ جتنے ممبران تحریک استحقاق پڑھتے ہیں چاہے وہ جس سائیڈ سے بھی ہوں، اس تحریک کو as it is کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے اور اس میں رپورٹ منگوانے والی بات ہی نہ کی جائے۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: بھچر صاحب! جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ میں بھی خود ادھر اپوزیشن بنچوں پر بیٹھا رہا ہوں۔ Previous Assembly میں تو ہمیں تحریک استحقاق پڑھنے کی اجازت ہی نہیں دی جاتی تھی لیکن آپ بڑے seasoned politician ہیں، آپ ہمارے بڑے ہیں۔ ہمیں اس

ایوان میں ایک ایک معزز ممبر کی عزت کا دھیان اور خیال ہے۔ ہم آپ کے کہنے کے مطابق اسے سپیشل کمیٹی کے سپرد کر رہے ہیں۔

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! میں اس میں یہ کہنا چاہوں گا کہ یہ گورنمنٹ کی discretion ہوتی ہے۔ یہاں پر جب یہ کوئی بات کریں گے تو ہم بالکل گورنمنٹ کی طرف سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم اس کی رپورٹ منگوا کر پھر اس کو accept کریں گے۔ جس طرح آپ نے کہا، پچھلے دور میں تو کسی بھی اپوزیشن ممبر کی تحریک استحقاق accept نہیں کی جاتی تھی، رپورٹ منگوانے کا بھی نہیں کہا جاتا تھا بلکہ اس تحریک کو reject کر دیا جاتا تھا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہم نے اس روایت کو دفن کر دیا ہے، ہم نے یہاں ایک اچھا message دینا ہے۔

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! وہ روایت تو ختم کر دی مگر جیسے آپ نے کہا ہے ٹھیک ہے آپ بالکل اس کو سپیشل کمیٹی کو refer کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اگلے محرک جناب امتیاز محمود ہیں۔ ان کی تحریک استحقاق نمبر 6/24 ہے۔

الیکشن آفس کے باہر پولیس کا معزز ممبر اسمبلی کے ساتھ ناروا سلوک

جناب امتیاز محمود: جناب سپیکر! میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ میں مورخہ 18۔ اپریل 2024 کو حلقہ NA-119 کے الیکشن آفس میں وزٹ کرنے کے لئے گیا۔ وہاں میرے ساتھ پندرہ سے بیس کارکن موجود تھے کہ اچانک پولیس کی ایک بہت بڑی تعداد دفتر کے اندر داخل ہوئی، اندر سے دفتر بند کر دیا، کارکنان کو مارنا پیٹنا اور گالی گلوچ شروع کر دی۔ میری مداخلت پر مجھ سے پوچھا گیا کہ تم کون ہو؟ جس پر میں نے اپنا تعارف کرایا تو اُن میں سے ایک پولیس افسر جس کا نام "حماس" لکھا ہوا تھا، نے مجھے دھکے اور گالیاں دے کر دفتر سے نکالا۔ میں نے پوچھا کہ آپ کو یہ غیر قانونی کام کرنے کا اختیار کس نے دیا؟ جواب ملا کہ مجھے اعلیٰ افسران نے آرڈر کیا ہے۔ میرے سامنے میرے کارکنان کو گرفتار کر کے ساتھ لے گئے۔ میں ایک معزز رکن اسمبلی ہوں۔ اس موصوف پولیس اہلکار نے ہمارے ساتھ جو بدسلوکی کی اس

سے بطور رکن اسمبلی نا صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ لہٰذا میری اس تحریک کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور اس کو باضابطہ قرار دیتے ہوئے مجلس استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر خزانہ وپارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! میں request کروں گا کہ اس کی رپورٹ ہمیں منگوانی چاہئے پھر اس کے بعد اس کو استحقاق کمیٹی یا سپیشل کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، اس کی رپورٹ منگوالی جائے۔

قائد حزب اختلاف (جناب احمد خان): جناب سپیکر! یہ ایک ہی تحریک رہ گئی ہے اس کو بھی سپیشل کمیٹی کے سپرد کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئی تو انکوائری کروانے دیں، اس کی رپورٹ تو آنے دیں۔ جی، منسٹر صاحب!

وزیر خزانہ وپارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! یہ آپ کی discretion ہے جیسا آپ کہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جناب امتیاز محمود کی تحریک استحقاق نمبر 6/24 کو سپیشل کمیٹی کے سپرد کیا جاتا ہے۔

وزیر خزانہ وپارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! چونکہ یہ الیکشن سے related تھی تو اس پر ہمیں رپورٹ منگوا لینی چاہئے تھی۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! میں اپوزیشن والوں کے لئے ایک شعر سنانا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، سنائیں۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! وہ شعر یہ ہے کہ:

جو ہم پہ گزرے تھے رنگ سارے
خود پہ گزرے تو لوگ سمجھے

(نعرہ ہائے تحسین)

قائد حزب اختلاف(جناب احمد خان): جناب سپیکر! امجد علی جاوید صاحب میرے بڑے پیارے بھائی ہیں اور ہم اکٹھے رہ چکے ہیں۔ جب اتنی ہوگئی ہے تو صرف ایک تحریک کو نہیں رہنا چاہئے۔ کمیٹی میں جو فیصلہ ہونا ہے وہ ہوجائے گا۔ میری منسٹر صاحب سے بھی یہی گزارش ہے کہ ہمارے معزز ممبر کے ساتھ حقیقت میں اس طرح کا واقع ہوا ہے۔ اگر ایک سنگل تحریک کو out کریں گے تو اچھا نہیں لگے گا۔

وزیر خزانہ وپارلیمانی امور(جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! اپوزیشن لیڈر صاحب اور سارے دوست اگر اصرار کر رہے ہیں تو پھر اس کو سپیشل کمیٹی کے سپرد کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس تحریک استحاق کو پہلے ہی سپیشل کمیٹی کے سپرد کر دیا ہے۔ اگلے محرک جناب شاہد جاوید ہیں۔ وہ تشریف نہیں رکھتے۔ اگلے محرک جناب رضی اللہ خان ہیں۔۔۔ وہ بھی تشریف نہیں رکھتے ان کی تحریک استحقاق نمبر 24/7 کو pend کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک استحقاق نمبر 24/8 محترمہ نیلم جبار چودھری کی ہے۔ ان کی request آئی ہے لہٰذا ان کی تحریک استحقاق بھی pend کی جاتی ہے۔

پوائنٹ آف آرڈر

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

سول سیکرٹریٹ جنوبی پنجاب کو ختم کرنے کا معاملہ

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر! میں پوائنٹ آف آرڈر پر آپ سے گزارش کرنا چاہوں گا اور اپنے اپوزیشن لیڈر سے کہوں گا کہ مجھے آپ کی خاص توجہ چاہئے۔ یہاں پر وزیر پارلیمانی امور بھی موجود ہیں۔

جناب سپیکر! میں آپ کی موجودگی کو غنیمت سمجھتے ہوئے اس بات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں کیونکہ یہ انتہائی سنجیدہ معاملہ ہے۔ آج کے Daily Dawn کے front page پر خبر شائع ہوتی ہے "South Punjab Civil Secretariat" پاکستان کی 76 سالہ تاریخ میں جب پہلی حکومت تھی، ابھی میرے فاضل دوست نے شعر بھی پڑھا لیکن جو historical کام عمران خان

نے کئے، جنوبی پنجاب کے ساڑھے چار کروڑ لوگوں کو جو ساؤتھ پنجاب سول سیکرٹریٹ دیا جس سے آپ بھی فیض یاب ہو رہے ہیں اور میں بھی فیض یاب ہو رہا ہوں۔ ساؤتھ پنجاب کے تین ڈویژن ملتان، بہاولپور اور ڈی جی خان ، آپ track record اٹھا کر دیکھ لیں کہ پنجاب کی 33 فیصد population ساؤتھ پنجاب میں ہے۔ وہاں ہمیشہ بجٹ 32 فیصد اور 33 فیصد allocate ہوتا رہا اور کبھی ایک بار ایسا نہیں ہوا کہ اس بجٹ کا 50 فیصد بھی وہاں لگا ہو۔ first time ایسا ہوا اور پچھلی اسمبلی کو یہ اعزاز جائے گا، چودھری پرویز الہیٰ صاحب کو honor جائے گا اور اس وقت کی Cabinet کو یہ honor جائے گا کہ ہم نے نا صرف ساؤتھ پنجاب سول سیکرٹریٹ کو پاس کیا بلکہ اس کو Cabinet سے بھی approve کرایا۔ آج ڈان اخبار میں اس بات کا بڑا واضح اظہار کیا گیا ہے کہ گورنمنٹ کی طرف سے کوئی دس سپیشل سیکرٹری تعینات کرنے کی سمری گئی ہے جو اس سول سیکرٹریٹ کو wind up کرنے کی ایک بنیاد ڈالی جا رہی ہے۔ اگر 17 ڈیپارٹمنٹس سے لودھراں، ڈی جی خان، ملتان، بہاولپور اور رحیم یار خان کے ایک عام شخص کو اپنے ذاتی کاموں کے لئے اس کے door step پر facility مل رہی ہے تو کیا وجہ ہے کہ جب سے یہ گورنمنٹ آئی ہے تو اس گورنمنٹ نے ظلم، جبر اور زیادتی میں ہر ریکارڈ کو پیچھے چھوڑ دیا۔ آپ اپنے مخالفین کے تعصب میں اتنے آگے چلے گئے ہیں کہ ایک ایسا پراجیکٹ جس نے 76 سال میں پہلی بار جنوبی پنجاب کے لوگوں کو ان کا حق دیا، پیپلز پارٹی بھی ساؤتھ پنجاب کے صوبے کا مطالبہ کرتی رہی اور PML(N) بھی کہتی رہی کہ ہم جنوبی پنجاب کے لوگوں کو حق دیں گے لیکن اللہ نے جس شخص سے کوئی اچھا کام لینا ہو تو اللہ اس کا انتخاب کرتا ہے۔ عمران خان وہ شخص ہے جس نے جنوبی پنجاب کے لوگوں کو یہ right دیا۔ میں اپنی ساری اپوزیشن سے التجا کروں گا کہ یہ قطعاً غیر سنجیدہ معاملہ نہیں ہے کہ 17 سیکرٹریز میں سے پہلے سات سے آٹھ سیکرٹری کا وہاں سے ٹرانسفر کیا گیا، وہاں ایڈیشنل آئی جی کی تعیناتی ہوئی تھی اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری کی تعیناتی ہوئی تھی۔ لودھراں، کہروڑپکا، ملتان اور بہاولپور کے لوگ جو ان 17 ڈیپارٹمنٹس سے مستفید ہوتے رہے تو ان سے پوچھیں کہ آپ لاہور آ کر کام کروانے میں آسانی تھی یا آپ کا کام ملتان یا بہاولپور میں ٹھیک ہوتا تھا تو میرے لئے بڑے تکلیف کے لمحات ہیں کہ ایسا پراجیکٹ جس نے آنے والے دنوں میں ان ساڑھے چار کروڑ لوگوں کو صوبے کی صورت میں ایک نیا منظر پیش کرنا تھا اسے موجودہ حکومت

wind up کرنا چاہتی ہے چونکہ ان کے ذہن میں جو بغض عمران ہے وہ انہیں اس بات پر مجبور کرتا ہے کہ ہر اچھے پراجیکٹ چاہے وہ صحت کارڈ ہو، وہ لنگر خانے ہوں، وہ احساس پروگرام ہو، وہ پناہ گاہیں ہوں یا ساؤتھ پنجاب کا سول سیکرٹریٹ ہو۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: قریشی صاحب! آپ کا پوائنٹ آگیا ہے۔

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر! آپ منسٹر پارلیمانی آفیئرز سے اس پر رپورٹ بھی لیں اور میں منسٹر صاحب سے بھی request کروں گا کہ آپ لاہور میں بیٹھے ہیں یہ بہتر پنجاب ہے اور وہ پنجاب جہاں کے لوگ آج بھی 1820 کی زندگی بسر کر رہے ہیں ان کے ساتھ یہ ظلم نہ کریں۔ چیف منسٹر صاحبہ یہاں لیڈر آف دی اپوزیشن کے پاس تشریف لائی تھیں تو آپ لوگوں نے کہا تھا کہ۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: قریشی صاحب! اب آپ کا پوائنٹ آگیا ہے۔ بہت شکریہ۔ جی، وزیر پارلیمانی امور صاحب!

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! پہلے تو ریکارڈ کی درستگی کے لئے میں انہیں کہنا چاہوں گا کہ یہ جو کہہ رہے ہیں کہ سب سے زیادہ development عمران خان نیازی کے دور میں ہوئی تو یہ غلط بات ہے۔ جنوبی پنجاب میں ابھی ریکارڈ اٹھا کر دیکھ لیں تو سب سے زیادہ development اگر کسی دور میں ہوئی تو وہ میاں محمد شہباز شریف کے دور میں ہوئی۔

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: قریشی صاحب! please آپ اس طرح نہ کریں۔ دیکھیں کہ آپ کی بات سب نے حوصلے سے سنی تو آپ تشریف رکھیں۔

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! میں یہاں پر اگلی بات کرنے سے اپنی معزز اپوزیشن کو ایک چیز اور کہنا چاہوں گا کہ اپوزیشن میں چار، پانچ، سات، دس اور بیس لوگ ہیں جو پرانے ہیں اور خاص طور پر جو نئے لوگ آئے ہیں ان کو اسمبلی کے decorum کا بالکل نہیں پتا تو ہم نے سپیکر صاحب کو بھی کہا تھا کہ ان کو تھوڑا decorum پر کچھ کورس کروائیں تا کہ ان کو کچھ پتا چلے کہ اسمبلی کا decorum کیا ہوتا ہے۔ میں کل کی بھی بات

کروں گا کہ انہوں نے کل ہماری لیڈر شپ کے بارے میں اتنی جھوٹی اور غلط باتیں کیں تو ہم چپ کر کے سنتے رہے لیکن جب میں بات کرنے کے لئے اٹھا تو ان سب نے کھڑے ہو کر شور مچانا شروع کر دیا تو یہ کوئی اچھی روایت نہیں ہے۔ اگر یہ ہمیں نہیں بولنے دیں گے تو پھر ہم ان کو بھی نہیں بولنے دیں گے۔ آپ نے ابھی اتنا اچھا gesture دیا اور ان کی ساری Privilege Motions لے لیں تو ان کو آپ کا thankful ہونا چاہئے تھا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ اپنی previous government میں جو بھی exercise کرتے رہے ہیں ہم نے اس کو دفن کیا ہے اور ہم نے نئی شروعات کی ہیں۔

وزیر خزانہ وپارلیمانی امور(جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! ہم نے بھی کل ان کی ہر بات سنی ہے۔ انہوں نے جو بھی ہماری لیڈر شپ اور گورنمنٹ کے بارے میں سخت بات کی تو ہم نے سنی۔ ہم جب یہاں سے بات کرنا شروع کرتے ہیں تو یہ سب کھڑے ہو کر شور مچانا شروع کرتے ہیں یہ بھی اپنے اندر حوصلہ پیدا کریں یہ عمران خان نیازی نہ بنیں کہ دوسرے کی بات نہیں سننی اور شور مچانا شروع کر دینا ہے۔(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ لوگ تشریف رکھیں۔ منسٹر صاحب! بات کر رہے ہیں۔

وزیر خزانہ وپارلیمانی امور(جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! جنوبی پنجاب کے سیکرٹریٹ کے بارے میں جو یہ کہہ رہیں تو جہاں تک مجھے بتا ہے کہ وہ سیکرٹریٹ ختم نہیں کیا جارہا۔ اس میں officers ضرور تبدیل ہوئے ہیں جن کی promotions ہو گئی ہیں ان میں سے کچھ لوگ جو وہاں Special Secretary تھے وہ یہاں آکر سیکرٹری بن گئے ہیں تو وہاں پر نئے لوگوں کو بھیجا بھی جارہا ہے۔ باقی یہ کہ جیسے ابھی انہوں نے کہا کہ ڈان نیوز کے فرنٹ پیج پر خبر ہے تو میں دیکھ لیتا ہوں اور ان شاءاللہ میں اس کی رپورٹ میں Monday والے دن یہاں اسمبلی میں آپ کے گوش گزار کروں گا۔ بہت شکریہ

تحاریک التوائے کار

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، اب ہم تحاریک التوائے کار لیتے ہیں تو تحریک التوائے کار نمبر 56/2024 پیش ہو چکی ہے اور اس کے mover سردار محمد علی خان صاحب ہیں تو اس کا concerned department انڈسٹری، کامرس اینڈ انوسٹمنٹ ہے۔ جی، منسٹر چودھری شافع حسین!

ضلع اٹک تحصیل فتح جنگ کے دیہات کی ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی کو سپیشل اکنامک زون میں تبدیل نہ کرنے کا مطالبہ (۔۔۔جاری)

وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری (جناب شافع حسین): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! یہ تحریک التوائے کار سردار محمد علی خان صاحب کی طرف سے پیش کی گئی تھی اس ضمن میں گزارش ہے کہ پنجاب میں خصوصی SEZA اتھارٹی کے پاس ضلع اٹک تحصیل فتح جنگ میں 20 ایکڑ پر خصوصی SADI Zone یعنی Special Economic Zone قائم کرنے کے حوالے سے کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی ہے اور نہ ہی کوئی تجویز اتھارٹی کے پاس زیر غور ہے تو ابھی تک ان کی طرف سے کوئی درخواست Special Economic Zone Authority میں نہیں آئی۔

سردار محمد علی خان: جناب سپیکر! گزارش یہ ہے کہ۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، یہ تحریک التوائے کار dispose of کی جاتی ہے۔

سردار محمد علی خان: جناب سپیکر! آپ کیسے dispose of کر سکتے ہیں۔ آپ کیا کر رہے ہیں، آپ بات نہیں کرنے دے رہے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! آپ کا یہ کیا طریقہ ہے؟ آپ تشریف رکھیں۔

سردار محمد علی خان: آپ کیوں dispose of کر رہے ہیں۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تشریف رکھیں۔ please آپ تشریف رکھیں۔ آپ ذرا صبر کا مظاہرہ کریں آپ اس طرح نہیں بول سکتے۔ آپ تشریف رکھیں۔

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، سردار صاحب! لیکن آپ اتنے جذباتی نہ ہوا کریں۔

سردار محمد علی خان: جناب سپیکر! معاملہ ہی جذبات کا ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہم نے ہمیشہ آپ کا خیال رکھا ہے۔ آپ تمام honorable members ہیں۔

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! honorable member نے ایک بڑی pertinent سی Adjournment Motion دی ہے جو لوگوں کی وراثتی زمین ہے جہاں پر وہ سالہا سال سے رہ رہے ہیں یہ کسی مقصد کے لئے اس کی land acquisition کرنا چاہتے ہیں اور concern یہ ہے کہ یہ کرنا چاہتے ہیں جب 1 لاکھ کچھ ہزار آدمی وہاں سے displace ہو گا اور یہ ان کی ملکیتی زمین ہے the government has enough land over there یہ دو کلو میٹر دور بھی جاسکتے ہیں ان کا issue یہ نہیں ہے کہ application آئی ہے یا نہیں آئی ہے point تو یہ ہے کہ اگر گورنمنٹ کے پاس ادھر زمین ہے تو اس کو acquire کریں نہ کہ یہ لوگ جو وہاں پر دس نسلوں سے بیٹھے ہیں ان کو displace کیا جائے۔ اگر آپ اس طرح سے تحریک التوائے کار کو dispose of کریں تو ان کا یہاں بیٹھنے کا فائدہ کوئی نہیں ہے۔ یہ پانچ لاکھ باشندوں کا نمائندہ ہے ڈیڑھ لاکھ فارغ ہو جائے گا۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رانا صاحب! یہ تحریک التوائے کار نمبر 56/2024 سپیشل کمیٹی کو ریفر کر دیں؟

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! جی، بالکل آپ کمیٹی کو ریفر کر دیں۔

سردار محمد علی خان: جناب سپیکر! مجھے بات تو کرنے دیں۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! آپ کی تحریک التوائے کار سپیشل کمیٹی کو ریفر کر دیتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 58/2024 چودھری محمد اعجاز شفیع کی ہے اور یہ تحریک التوائے کار 01-04-2024 کو move ہوئی تھی اور ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ سے related ہے۔

چودھری محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! کل سپیکر صاحب نے کہا تھا کہ آج اس کا جواب ضرور دیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر:: جی، منسٹر صاحب!

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! اس حوالے سے عرض ہے کہ وزیر ہاؤسنگ ابھی تک کوئی designate نہیں ہے۔ کل ان تمام تحاریک کے حوالے سے سپیکر صاحب نے مجھے کہا تھا تو میں نے especially housing department کو کہا کہ جو پرانی تحاریک التوائے کار pending چلی آ رہی تھیں ان کے جوابات دے دیں تو ان میں کچھ کے جوابات آ گئے تھے اور کچھ تحاریک التوائے کار ایسی ہیں جن کے جوابات ابھی نہیں آئے کیونکہ وزیر ہاؤسنگ ابھی تک کوئی designate نہیں ہے۔ سیکرٹری ہاؤسنگ نے یہ تحاریک التوائے کار چیف منسٹر سیکرٹریٹ بھیج دی ہیں اب چونکہ ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کی انچارج سی ایم صاحبہ ہیں تو ان کے sign ہوں گے، جیسا کہ آپ کو بھی علم ہے کہ منسٹر انچارج کے sign ہونے کے بعد جواب ہاؤس میں آتا ہے تو میرے خیال میں ان تحاریک کا جواب آنے میں ایک دو دن مزید لگ جائیں گے۔ میں نے ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ سے related تمام adjournment motions fast track کروادی ہیں اور یہ تمام تحاریک التوائے کار سی ایم ہاؤس چلی گئی ہیں اور اگلے ایک یا دو دن میں sign ہو کر آپ کے پاس یہاں اسمبلی میں اور میرے پاس بھی جواب آ جائیں گے اور اس کے بعد میں ہی ان کو یہاں پر take up کروں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ٹھیک ہے۔

چودھری محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! کل سپیکر صاحب نے منسٹر صاحب کو direction دی تھی کہ آج اس کا جواب آ جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محمد اعجاز شفیع صاحب! منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ ایک دو دن میں اس کا جواب آ جائے گا۔

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! میں نے ابھی اتنا detail explain کیا ہے، میں نے کوئی فارسی زبان تو نہیں بولی جو میرے بھائی کو سمجھ نہیں آئی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محمد اعجاز شفیع صاحب! کل تک رپورٹ آ جائے گی۔

چودھری محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! آپ ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کا minister appoint کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، محمد اعجاز شفیع صاحب! منسٹر صاحب بھی appoint ہو جائیں گے۔

چودھری محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! سارا business pend ہوتا جا رہا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اعجاز شفیع صاحب! معزز منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ کل تک اس کی رپورٹ آجائے گی تو آپ kindly کل چوبیس گھنٹے تک اس کا انتظار کر لیں۔

چودھری محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! آپ بے شک کل کی پروسیڈنگ نکال کر دیکھ لیں، سپیکر صاحب نے direction دی تھی کہ آج کے دن اس کا جواب آجائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چلیں، کوئی اس حوالے سے تاخیر ہو گئی ہو گی لہٰذا آپ تھوڑا صبر کر لیں۔ منسٹر صاحب! آپ کل تک اعجاز شفیع صاحب کو رپورٹ پیش کریں۔

وزیر خزانہ وپارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! دوسری بات جو کہ سب پوچھ رہے تھے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ منسٹر لوکل گورنمنٹ policy statement دیں گے کیونکہ ہاؤسنگ اور لوکل گورنمنٹ کی کمیٹی سی ایم صاحبہ نے constitute کی ہے اور منسٹر لوکل گورنمنٹ ان تمام issues کو دیکھ رہے ہیں جیسا کہ کل سپیکر صاحب نے کہا تھا تو جب آپ کہیں گے تو منسٹر لوکل گورنمنٹ اس پر اپنی policy statement دے دیں گے۔ اعجاز شفیع صاحب خود بھی منسٹر رہ چکے ہیں تو ان کو بھی پتا ہے کہ منسٹر انچارج کے adjournment motion پر sign ضروری ہوتے ہیں تو منسٹر انچارج اس وقت سی ایم صاحبہ ہیں تو میں نے ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ سے related تمام adjournment motions fast track کروادی ہیں اور یہ تمام تحاریک التوائے کار آج کے دن سی ایم ہاؤس پہنچ گئی ہیں، اب وہاں سے جیسے ہی مجھے موصول ہوں گی تو میں ان کے جواب ہاؤس میں آکر دے دوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چلیں، اعجاز شفیع صاحب! آپ میری request پر چوبیس گھنٹے تک انتظار کر لیں۔ جی، اب اگلی تحریک التوائے کار نمبر 118/24 جناب شعیب امیر کی ہے، یہ لوکل گورنمنٹ سے متعلقہ ہے۔

جناب شہاب الدین خان: جناب سپیکر! اس کو pend کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، اس تحریک التوائے کار نمبر 118/24 کو pend کیا جاتا ہے۔

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! میری تحریک التوائے کار نمبر 46/24 کو آپ skip کر گئے ہیں اور 109/24 کو بھی دیکھ لیں یہ کافی دیر سے pending چلی آرہی ہے۔ معزز ہیلتھ منسٹر یہاں پر موجود ہیں وہ اس کا جواب دے دیں گے یہ hospital سے related ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رانا صاحب! آپ کی تحریک التوائے کار کا کیا نمبر ہے؟

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! میری تحریک التوائے کار نمبر 46/24 ہے۔

وزیر خزانہ وپارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! ہیلتھ منسٹر صاحب اپنے چیمبر میں ہی موجود ہیں آپ کسی کو پیغام بھیج کر ان کو ہاؤس میں بلوا لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، اگر ہیلتھ منسٹر صاحب اسمبلی میں تشریف رکھتے ہیں تو ان کو ہاؤس میں بلا لیں۔ اگلی تحریک التوائے کار جناب شعیب امیر کی ہے وہ موجود نہیں ہیں لہٰذا ان کی تحریک التوائے کار کو pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 145/24 جناب امجد علی جاوید کی ہے وہ اسے پیش کریں۔

Avastin انجکشن نہ ملنے کی وجہ سے شوگر کے مریض بینائی کے سستے علاج سے محروم

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔ معاملہ یہ ہے کہ سوشل اور مقامی میڈیا پر چلنے والی خبروں کے مطابق شوگر کے مریضوں کو آنکھوں میں لگنے والے انجکشن Avastin جس کی قیمت 1500 روپے تھی اس پر پابندی عائد کر دی گئی ہے جبکہ اس کے متبادل استعمال ہونے والے انجکشن Patizra کی قیمت ایک لاکھ روپے ہے، جو عام مریضوں کی پہنچ سے باہر ہے علاج کی سکت نہ ہونے کی وجہ سے شوگر کے مریض بینائی سے محروم ہونے لگے۔ تفصیلات کے مطابق Avastin انجکشن جو کہ شوگر کے مریضوں کی آنکھوں کے علاج میں استعمال ہوتا تھا ایک مریض کو علاج کے لئے تین انجکشن درکار ہوتے ہیں جن کی قیمت 4500 روپے تھی جو عام آدمی کی پہنچ میں تھا لیکن اس انجکشن کی درآمد پر پابندی عائد

کر دی گئی ہے جبکہ دوسری جانب اس انجکشن کے متبادل انجکشن Patizra شوگر کے مریضوں کے علاج کے لئے استعمال ہوتا ہے اس کی قیمت ایک لاکھ روپے ہے چونکہ اس مرض کے علاج کے لئے تین انجکشن درکار ہوتے ہیں یعنی کہ اس فیصلے کے نتیجے میں ایک مریض کو 4500 روپے کی بجائے تین لاکھ روپے کی ضرورت ہے، جو غریب آدمی تو کیا متوسط طبقے کے انسان کی پہنچ سے بھی باہر ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق پچیس کروڑ پاکستانیوں میں سے ہر تیسرا چوتھا شخص شوگر کا مریض ہے جن میں سے بیشتر کو اس انجکشن کی ضرورت ہے اور یہ انجکشن امپورٹ ہوتے ہیں جس پر اربوں روپے کی بیرونی کرنسی کی ضرورت ہوگی، جو پہلے سے موجود بیرونی کرنسی کے شارٹ فال میں مزید بوجھ کا باعث ہوگا۔ اس فیصلے کے نتیجے میں جہاں پاکستان کے غریب شہری ایک سستے علاج سے محروم ہو گئے ہیں وہیں اربوں روپیہ کسی شخص یا فرم کی جیب میں جا رہا ہے۔ اس صورتحال سے شوگر کے کروڑوں مریضوں اور ان کے لواحقین میں شدید تشویش اور پریشانی پائی جاتی ہے لہٰذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

جناب سپیکر! یہ پنجاب 12 کروڑ آبادی کا صوبہ ہے۔ اگر ہر تیسرے شخص کو شوگر کا مرض ہے تو اس کا مطلب ہے کہ چار کروڑ لوگ اس وقت شوگر کے مرض میں مبتلا ہیں۔ اگر اس صوبے کے 25 فیصد لوگوں کو بھی یہ انجکشن درکار ہے تو ایک کروڑ لوگ بنتے ہیں، اگر ایک کروڑ لوگ یہ رقم afford نہیں کر پاتے تو اس کا مطلب ہے کہ ہم ایک کروڑ لوگوں کو بینائی سے محروم کرنے کی طرف دھکیل رہے ہیں۔

جناب سپیکر! دوسری طرف آپ دیکھیں کہ اگر آپ ایک کروڑ روپے کو تین لاکھ روپے سے ضرب دیں تو یہ کتنے ارب روپے کی رقم بنتی ہے، میری اس تحریک التوائے کار کو کمیٹی کے سپرد کریں کیونکہ یہ گندم سے بھی بڑا scam ہے۔ جب اس کی probe ہوگی تو پتا چلے گا کہ اس کے پیچھے کون لوگ ہیں کیونکہ یہ جو میڈیسن ہے یہ میڈیکل کی کتابوں میں پڑھائی جا رہی ہے، ایسی میڈیسن جو ہمارے نصاب میں موجود ہے تو پھر کس شخص نے اس میڈیسن کی امپورٹ پر پابندی لگائی ہے اور یہ اربوں، کھربوں روپے کا جو اس ملک میں نقصان ہو رہا ہے اس کا ازالہ کیا جائے اور اس کی ذمہ داری fix کی جائے تو میری گزارش ہوگی کہ میری اس تحریک التوائے کار کو سپیشل کمیٹی کے

سپرد کریں تاکہ اس کے پیچھے جو لوگ چھپے ہوئے ہیں وہ سامنے آئیں اور پتا چلے اس مد میں کتنے کھرب روپے کا ٹیکہ قوم کو لگایا جا رہا ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: امجد صاحب! میں بالکل آپ کی بات سے اتفاق کرتا ہوں کیونکہ آپ کی تحریک التوائے کار آج پیش ہوئی ہے تو اس کا جواب آلینے دیں لہٰذا اس تحریک التوائے کار کو جواب آنے تک pend کیا جاتا ہے۔

جناب ذوالفقار علی شاہ: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، شاہ صاحب!

جناب ذوالفقار علی شاہ: جناب سپیکر! امجد صاحب نے جو پوائنٹ آؤٹ کیا ہے اس حوالے سے میں ایک چیز add کرنا چاہوں گا تاکہ میری بات کا جواب بھی ان کے جواب کے ساتھ مل جائے۔ ہمارے ملک پاکستان میں اس وقت شوگر ایک بہت بڑا مسئلہ ہے اس وقت پاکستان type 2 diabetes میں پہلے نمبر پر ہے تو میری یہ request ہو گی کہ اس میں یہ concern show کیا جائے کہ یہ اتنی زیادہ شوگر لوگوں کو کیوں ہو رہی ہے، علاج تو ہم کئے جا رہے ہیں لیکن اس کی prevention کے لئے بھی کچھ اقدامات کئے جانے چاہئیں؟

جناب احمد اقبال چودھری: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، چودھری صاحب!

جناب احمد اقبال چودھری: جناب سپیکر! پاکستان میں diabetic patients کے numbers abnormally high ہیں and it begs the question that how are we calculating the numbers because it seems کہ پوری دنیا کی ایک range ہے اور پاکستان اس range سے بہت دُور ہے اس کی ایک probable reason یہ بھی ہو سکتی ہے جن ملکوں میں health coverage اچھی ہے جہاں پر تمام لوگ hospitals میں جا کر اپنا regular check up کرواتے ہیں تو وہاں پر لوگوں کی ایک base بنی ہوئی ہے لیکن ہمارے ہاں ایک محدود طبقہ regular hospital check up کروانے جاتا ہے اس لئے یہ چیز بھی دیکھنی ہے کہ آیا

واقعی شوگر کی prevalence اتنی زیادہ ہے یا یہ کوئی statistical یا accounting error ہے because اگر ہے تو پھر اس سے related ایک ایمر جنسی کی صورت ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب! احمد اقبال صاحب نے یہاں پر کچھ ہیلتھ کے حوالے سے بات کی ہے۔

وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن و پنجاب ایمر جنسی سروسز (خواجہ سلمان رفیق): جناب سپیکر! میں یہاں ہاؤس میں موجود نہیں تھا یہ ذرا اپنی بات کو repeat کر دیں کیونکہ میں ابھی ایک سیکنڈ پہلے ہاؤس میں آیا ہوں۔ یہ جس topic پر بھی بات کرنا چاہتے ہیں، میں حاضر ہوں۔

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! یہاں پر امجد علی جاوید صاحب نے بات کی ہے، احمد اقبال صاحب اسی پر further بات کر رہے تھے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ٹھیک ہو گیا۔ اب ہم گورنمنٹ بزنس take up کرتے ہیں۔ آج کے ایجنڈے پر laying of reports ہیں۔

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! میری تحریک التوائے کار نمبر 24/46 ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ سے متعلق ہے اور وہ pending ہے۔

وزیر خزانہ و پارلیمانی امور (جناب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! آپ نے رانا صاحب کی تحریک التوائے کار کے جواب کے لئے ہیلتھ منسٹر صاحب کو بلایا تھا وہ ایوان میں آ گئے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، رانا صاحب!

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! میری تحریک التوائے کار نمبر 24/46 ہے اور already میں پڑھ چکا ہوں۔ اگر منسٹر صاحب کہتے ہیں تو میں دوبارہ بھی پڑھ دیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خواجہ صاحب! تحریک التوائے کار نمبر 24/46 کا جواب آنا تھا۔

فیصل آباد: الائیڈ ہسپتال کی مشینیں خراب ہونے کی وجہ سے مریضوں کو پریشانی کا سامنا(۔۔۔جاری)

وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن و پنجاب ایمرجنسی سروسز(خواجہ سلمان رفیق): جناب سپیکر! محترم آفتاب احمد خان کی تحریک التوائے کار نمبر 46/24 کے سلسلے میں عرض ہے کہ ہم نے بالکل اس کا جواب دیا ہے انہوں نے ایک important معاملے کی طرف نشاندہی کی ہے لیکن انہوں نے جو figures بتائے ہیں میں بصد ادب عرض کرتا ہوں کہ وہ درست نہیں ہیں۔ وہاں پر 21 مشینیں کام کر رہی ہیں اور پانچ خراب تھیں، ہم نے دو مشینوں کا ٹینڈر process شروع کر دیا ہے انشاء اللہ جونہی LC کھلے گی تو وہ آجائیں گی اس کے بعد باقی تین مشنیوں کو ADP میں ڈال رہے ہیں۔ پہلی بات یہ ہے کہ وہاں 21 مشینیں خراب نہیں بلکہ 21 مشینیں ٹھیک ہیں شاید جس ایسوسی ایشن یا جن کا رانا صاحب نے حوالہ دیا ہے انہوں نے کوئی بات کی ہو۔ دوسری گزارش ہے کہ فیصل آباد ایک بڑا اہم شہر ہے اور معزز ممبر میرے سینئر ہیں اور بڑے بھائیوں کی طرح ہیں میں یہ بتانا چاہوں گا کہ فیصل آباد میں میڈیکل کالج سے یونیورسٹی مسلم لیگ (ن) کے دور میں بنی تھی، پہلا چلڈرن ہسپتال بھی مسلم لیگ (ن) کے دور میں بنا تھا۔ ہم نے موجودہ الائیڈ ہسپتال کو پچھلے دور میں renovate کیا تھا۔ فیصل آباد کارڈیک انسٹیٹیوٹ میں نئی Cath Lab دے رہے ہیں، غلام محمد آباد ہسپتال ہمارے دور کا بنا ہوا ہے، سمن آباد ہسپتال ہمارے دور کا بنا ہوا ہے۔ میرے بھائی کا جو سوال ہے میں اس کا جواب دیتا ہوں کہ 21 مشینیں کام کر رہی ہیں، دو مشینوں کے ٹینڈر process میں ہیں ہم ان کی LC کی طرف جا رہے ہیں جونہی LC کھلے گی وہ import ہو کر آجائیں گی۔ ویسے تو وہاں پر 21 مشینیں بھرپور کام کر رہی ہیں اور جتنے آپریشنز ہونے ہیں ان کے لئے 21 مشینیں کافی ہیں لیکن پھر بھی دو مشینیں LC کے تحت آرہی ہیں اور باقی مشنیوں کو ADP سکیم میں import کریں گے۔

جناب آفتاب احمد خان: جناب سپیکر! فاضل وزیر صاحب نے جو فرمایا ہے I was talking on some facts مجھے کوئی الہام نہیں ہوا I personally visited that hospital وہاں پر ایکسرے ڈیپارٹمنٹ non-functional ہے I would request to honorable

minister that if he gives an assurance کہ یہاں خود visit کریں کسی سیکشن آفیسر کو بھیج کر visit نہ کریں چونکہ پٹواری کی انکوائری پٹواری سے نہیں کرائی جاتی۔ آپ کسی ذمہ دار کی ڈیوٹی لگائیں اور اگر آپ آئیں تو میں خود آپ کو assist کر سکتا ہوں تاکہ actual facts دیکھ کر یہ مشینیں ٹھیک ہو جائیں اور functional ہو جائیں اور اس میں میری نہیں بلکہ آپ کی حکومت کی نیک نامی ہو گی اور لوگوں کو صحت کی بنیادی سہولت مل جائیں گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، خواجہ صاحب!

وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن و پنجاب ایمر جنسی سروسز (خواجہ سلمان رفیق): جناب سپیکر! میں فاضل ممبر کے جذبے کی قدر کرتا ہوں یہ میرے بڑے بھائیوں کی طرح ہیں، مجھے اس میں کوئی آر نہیں بلکہ بالکل میں خود ہی وہاں جا کر دیکھوں گا اگر ہاؤس میں کوئی بھی ممبر ہمیں guide کرے تو یہ بڑی اچھی بات ہے۔ مجھے جو facts and figures دیئے گئے ہیں میں انہیں verify بھی کروں گا اور اس کے علاوہ بھی جیسے رانا صاحب فرما رہے ہیں اگر کوئی اور issue ہو گا تو میں اسے بھی resolve کروں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خواجہ صاحب! پلیز آپ خود فیصل آباد کا visit کر لیں۔

وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن و پنجاب ایمر جنسی سروسز (خواجہ سلمان رفیق): جی، بالکل میں visit کروں گا۔ میں کل بھی لاہور سے باہر ہوں لیکن اس مہینے فیصل آباد جانا ہے کیونکہ وہاں renovation کا کام بھی ہو رہا ہے اس کے لئے بھی جانا ہے۔

سرکاری کارروائی

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، شکریہ۔ اب ہم گورنمنٹ بزنس شروع کرتے ہیں۔ آج کے ایجنڈے پر laying of reports ہیں۔

REPORTS (Laid in the House)

AUDIT REPORTS OF DIFFERENT DEPARTMENTS FOR THE YEARS OF 2021-22 &2022-23

MR DEPUTY SPEAKER: Minister for Parliamentary Affairs may lay the Reports.

MINISTER FOR FINANCE AND PARLIAMENTARY AFFAIRS (Mr Mujtaba Shuja Ur Rehman): Mr Speaker! I lay the following Reports:

1. Special Audit Report on the Accounts of Tehsil Headquarter Hospital Sillanwali for the Audit Year 2021-22.
2. Performance Audit Report on Provision of Municipal Services of Municipal Corporation Gujrat, for the Audit Year 2021-22.
3. Performance Audit Report on District Education Authority on Provision of Free Education to 10% Disadvantaged Children of District Sargodha, for the Audit Year 2021-22.
4. Performance Audit Report on Non-Salary Budget of Schools of Districts of Lahore, Sheikhupura, Nankana Sahib, Okara and Kasur, for the Audit Year 2021-22.
5. Audit Report on the Accounts of District Education Authorities of 19 Districts of Punjab (North), for the Audit Year 2022-23.

6. Audit Report on the Accounts of District Health Authorities of 19 Districts of Punjab (North), for the Audit Year 2022-23.
7. Audit Report on the Accounts of Provincial Zakat Fund and District Zakat Committees Punjab, for the Audit Year 2022-23.
8. Appropriation Accounts of Forest Department, Government of the Punjab, for the Year 2021-22.
9. Audit Report on the Accounts of Expenditure, Government of the Punjab, for the Audit Year 2022-23.
10. Special Audit Report on Government Post Graduate College, Attock, Government of the Punjab, for the Audit Year 2021-22.

MR DEPUTY SPEAKER: The Audit Reports have been laid and are referred to the concerned Public Accounts Committees, whenever elected for examination and report within one year.

قواعد کی معطلی کی تحریک

جناب ڈپٹی سپیکر: اب جناب امجد علی جاوید ایک قرارداد پیش کرنے کے لئے رولز کی معطلی کی تحریک پیش کرنا چاہتے ہیں۔محرک اپنی تحریک پیش کریں۔

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر!میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ:

"رولز آف پروسیجر صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے رول 234 کے تحت رول 115 اور دیگر متعلقہ رولز کو معطل کر کے بلوچستان میں پنجاب کے مزدوروں کے قتل کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ:

”رولز آف پروسیجر صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے رول 234 کے تحت رول 115 اور دیگر متعلقہ رولز کو معطل کر کے بلوچستان میں پنجاب کے مزدوروں کے قتل کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔“

یہ تحریک پیش کی گئی ہے اور اب سوال یہ ہے کہ:

”رولز آف پروسیجر صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے رول 234 کے تحت رول 115 اور دیگر متعلقہ رولز کو معطل کر کے بلوچستان میں پنجاب کے مزدوروں کے قتل کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔“

(تحریک متفقہ طور پر منظور ہوئی)

جناب محمد ندیم قریشی: جناب سپیکر! اپوزیشن ممبران نے بھی اس تحریک کے حق میں ووٹ دیا ہے-لہٰذا یہ تحریک متفقہ منظور ہوئی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: قریشی صاحب! تحریک متفقہ طور پر منظور کی گئی ہے۔جی، امجد علی جاوید صاحب اب آپ اپنی قرارداد پیش کریں۔

قرارداد

جناب امجد علی جاوید: جناب سپیکر! میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں کہ:

گوادر (بلوچستان) میں پنجابی مسافروں کو شہید کرنے کا معاملہ

”پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان مورخہ 8 اور 9۔ مئی 2024 کی درمیانی شب گوادر بلوچستان کے اندر 7 پنجابی مزدوروں کے قتل اور دو تین ہفتے قبل 11 پنجابی مسافروں کو شناختی کارڈ دیکھ کر بس سے اتار کر گولیاں مار کر قتل کرنے کے بہیمانہ واقعات کی مذمت کرتا ہے۔ان شہداء کی مغفرت کے لئے دعا گو ہے اور سوگواران سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کے غم میں برابر کا شریک ہے۔یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ دہشت گردوں کو جلد از جلد گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ یہ

ایوان حکومت پنجاب سے مطالبہ کرتا ہے کہ مقتولین کے ورثاء کے لئے شہداء کے لئے مختص امداد کا اعلان کیا جائے۔"

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان مورخہ 8 اور 9۔ مئی 2024 کی درمیانی شب گوادر بلوچستان کے اندر 7 پنجابی مزدوروں کے قتل اور دو تین ہفتے قبل 11 پنجابی مسافروں کو شناختی کارڈ دیکھ کر بس سے اتار کر گولیاں مار کر قتل کرنے کے بہیمانہ واقعات کی مذمت کرتا ہے۔ ان شہداء کی مغفرت کے لئے دعا گو ہے اور سوگواران سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ دہشت گردوں کو جلد از جلد گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ یہ ایوان حکومت پنجاب سے مطالبہ کرتا ہے کہ مقتولین کے ورثاء کے لئے شہداء کے لئے مختص امداد کا اعلان کیا جائے۔"

یہ قرارداد پیش کی گئی ہے اور اب سوال یہ ہے کہ:

"پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان مورخہ 8 اور 9۔ مئی 2024 کی درمیانی شب گوادر بلوچستان کے اندر 7 پنجابی مزدوروں کے قتل اور دو تین ہفتے قبل 11 پنجابی مسافروں کو شناختی کارڈ دیکھ کر بس سے اتار کر گولیاں مار کر قتل کرنے کے بہیمانہ واقعات کی مذمت کرتا ہے۔ ان شہداء کی مغفرت کے لئے دعا گو ہے اور سوگواران سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ دہشت گردوں کو جلد از جلد گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ یہ ایوان حکومت پنجاب سے مطالبہ کرتا ہے کہ مقتولین کے ورثاء کے لئے شہداء کے لئے مختص امداد کا اعلان کیا جائے۔"

(قرارداد متفقہ طور پر منظور ہوئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: آج کے اجلاس کا وقت ختم ہو گیا ہے Now the House is adjourned to meet on Monday13 May 2024 at 2.00pm.